(2) حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی زوجہ فاطمہ بنت عمرو بن عائذ سے

تین بیٹے: حضرت سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ، زبیر، ابوطالب (عبدالکعبہ)

پانچ بیٹیاں: ام حکیم، عاتکہ، برّۃ، امیمۃ، اروٰی

(3) حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی زوجہ ہالہ بنت وُھَیب بن عبد مناف سے

تین بیٹے: حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ، مُقَوِّم، حَجَل (مغیرہ)

ایک بیٹی: حضرت سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا

(4) حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی زوجہ نُتَیلہ بنت جناب بن کُلَیب سے

تین بیٹے: حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ، ضرار، قثم

(5) حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی زوجہ لبنیٰ بنت ھاجر بن عبد مناف سے

ایک بیٹا: ابولھب (عبدالعزیٰ)

(6) حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کی زوجہ مُمَنِّعَہ بنت عزو بن مالک سے

ایک بیٹا: غَیْدَاق (مصعب)

Marfat.com

باب نمبر2

ایک سو آیات مبارکہ جن میں اللہ تعالیٰ کے نامِ مبارک کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر مبارک ہے

﴿1﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سود خور سے جنگ

اللہ تعالیٰ نے سود چھوڑنے کا حکم دیا ہے۔ اگر کوئی اس امتناع کے باوجود بھی سودی کاروبار کرنا چاہے تو اللہ تعالیٰ نے اسے للکار کر ارشاد فرمایا ہے۔

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ

(پارہ نمبر۳۔ سورۃ البقرہ۔ آیت نمبر۲۷۹)

ترجمہ:۔ اگر تم باز نہ آئے تو اعلان جنگ سن لو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے۔

﴿2﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کا حکم

اللہ نے اس آیت میں اپنی اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم فرمایا ہے

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ

(پارہ نمبر۳۔ سورہ آل عمران۔ آیت نمبر۳۲)

ترجمہ:۔ آپ فرمایئے کہ تم اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو۔

Marfat.com

﴿3﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت رحمت کا ذریعہ

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو رحم کا حق دار بننے کا طریقہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

وَاَطِیْعُوا اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ○

(پارہ نمبر۴ سورہ آل عمران۔ آیت نمبر۱۳۲)

ترجمہ:۔ اور اطاعت کرو تم اللہ تعالیٰ کی اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تا کہ تم پر رحم کیا جائے

﴿4﴾

عشق مصطفیٰ ﷺ: زخمی صحابہ کا بھی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو لبیک کہنا

جنگ احد میں جب حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے زخمی صحابہ کو جنگ کیلئے پکارا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی آواز پر لبیک کہنے کو اپنے حضور بھی لبیک کہنا فرمایا اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو خود سے جدا نہ کیا۔

اَلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰہِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَآ اَصَابَھُمُ الْقَرْحُ ۚ لِلَّذِیْنَ اَحْسَنُوْا مِنْھُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِیْمٌ○

(پارہ نمبر۴ سورہ آل عمران۔ آیت نمبر۱۷۲)

ترجمہ:۔ جن لوگوں نے گہرے زخم لگنے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو لبیک کہا، ان میں سے جنہوں نے نیکی کی اور تقویٰ اختیار کیا ان کے لئے بہت بڑا اجر ہے۔

Marfat.com

﴿5﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت ۔ ذریعۂ جنت

اللہ تعالیٰ نے اپنی اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کو جنت میں جانے کا سبب قرار دیا ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا ط وَذَالِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

(پارہ نمبر۴۔ سورۃ النساء۔ آیت نمبر۱۳)

ترجمہ:۔ جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے باغات میں داخل کریگا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

﴿6﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی ۔ انجام جہنم

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی کو جہنم میں جا کر رسوا کن عذاب کا ذریعہ قرار دیا ہے۔

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝

(پارہ نمبر۴۔ سورۃ النساء۔ آیت نمبر۱۴)

ترجمہ:۔ اور جو بھی نافرمانی کرے گا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ

Marfat.com

وسلم کی اور اپنی حدود سے تجاوز کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ہمیشہ کیلئے جہنم میں داخل کرے گا اور اس شخص کیلئے رسوا کن عذاب ہے۔

﴿7﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت۔ اہل ایمان کا فرض

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی' اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور اولی الامر کی اطاعت کا قانون بیان فرمایا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ

(پارہ نمبر۵۔ سورۃ النساء۔ آیت نمبر۵۹)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو! اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اور اولی الامر کی۔

﴿8﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رجوع۔ امن کا ضامن

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے جھگڑوں کی صورت میں اس کے حل کا صاف اور سیدھا راستہ سمجھایا ہے۔

فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِىْ شَىْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

(پارہ نمبر۵۔ سورۃ النساء۔ آیت نمبر۵۹)

ترجمہ:۔ اگر تم کسی چیز کے بارے میں جھگڑ پڑو تو اسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف لوٹا دو۔

Marfat.com

﴿9﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت ۔محبوبانِ خدا کی سنگت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کو انبیائے کرام علیہم السلام، صدیقین، شہداء اور اولیائے کرام کی معیت کا سبب قرار دیا ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ

(پارہ نمبر۵۔سورۃ النساء۔آیت نمبر۶۹)

ترجمہ:۔ اور جوکوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کرے گا پس وہی لوگ ہوں گے انبیاے کرام، صدیقین، شہدائے کرام اور اولیائے کرام کے ساتھ جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے۔

﴿10﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف ہجرت۔مر کر بھی اجر

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ہجرت شرعی کو اپنی اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف آنا قرار دے کر اُن کی موت کے بعد بھی اُن کے اجر کا خود لوذمہ دار بیان فرمایا ہے۔

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ

(پارہ نمبر۵۔سورۃ النساء۔آیت نمبر۱۰۰)

ترجمہ:۔ جوکوئی اپنے گھر سے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی

Marfat.com

طرف ہجرت کیلئے نکلے پھر اسے موت نے آلیا پس اس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے۔

﴿11﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر مضبوط ایمان۔ مومنوں کا فرض

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو اپنی اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات پر ایمان مضبوط رکھنے کا حکم فرمایا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

(پارہ نمبر ۵۔ سورۃ النساء۔ آیت نمبر ۱۳۶)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو! ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر

﴿12﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑائی۔ رسوائی ہی رسوائی

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے ساتھ اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ جنگ کرنے والوں کے لئے دنیا اور آخرت میں عذاب بیان فرمایا ہے۔

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ..... ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِى الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

(پارہ نمبر ۶۔ سورۃ المائدۃ۔ آیت نمبر ۳۳)

ترجمہ:۔ بیشک جو لوگ جنگ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اسی وجہ سے ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں بہت بڑا عذاب ہے۔

Marfat.com

﴿13﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مومنوں کے مددگار

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اپنے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مددگار ہونے کا یقین دلایا ہے۔

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ

(پارہ نمبر ۶۔ سورۃ المائدۃ۔ آیت نمبر ۵۵)

ترجمہ:۔ اے مومنو! بے شک تمہارے مددگار اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

﴿14﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ماننے والے ہی اللہ تعالیٰ کی جماعت ہیں

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کو مددگار بنانے والوں کو اپنا گروہ قرار دے کر غالب ہونے کی بشارت دی ہے۔

وَمَنْ یَّتَوَلَّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ ھُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝

(پارہ نمبر ۶۔ سورۃ المائدۃ۔ آیت نمبر ۵۶)

ترجمہ:۔ جس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مومنوں کو مددگار بنالیا تو پس بے شک اللہ تعالیٰ ہی کا جماعت غالب والی ہے۔

Marfat.com

﴿15﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ماننے والے کفار کے دشمن

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات پر ایمان لانے کو کفار سے دوستی نہ کرنے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔

وَلَوْكَانُوا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَااتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ۔

(پارہ نمبر ۶۔ سورۃ المائدۃ۔ آیت نمبر ۸۱)

ترجمہ:۔ بعض لوگوں کے کردار کے بارے میں واضح کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: اگر وہ ایمان لاتے اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور اس پر جو اتارا گیا حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف تو کبھی بھی کفار کو دوست نہ بناتے۔

﴿16﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے وفادار۔ کبھی نہیں غدار

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات پر ایمان لانے اور دیگر معاملات سے محتاط رہنے کی تاکید فرمائی ہے۔

وَاَطِيْعُوااللّٰهَ وَاَطِيْعُواالرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ

(پارہ نمبر ۷۔ سورۃ المائدۃ۔ آیت نمبر ۹۲)

ترجمہ:۔ اے مومنو! اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اور ان کی مخالفت سے بچتے رہو۔

Marfat.com

﴿17﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وَسلم کی طرف دعوت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات پر کفار کو ایمان لانے کی دعوت کا ذکر فرمایا ہے۔

وَاِذَاقِیْلَ لَھُمْ تَعَالَوْااِلٰی مَااَنْزَلَ اللّٰہُ وَاِلَی الرَّسُوْلِ۔

(پارہ نمبر ۷۔ سورۃ المائدہ۔ آیت نمبر ۱۰۴)

ترجمہ:۔ اور جب ان سے کہا جائے کہ آؤ اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے کلام اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف۔

﴿18﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان ۔ ہدایت کی پہچان

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات پر ایمان لانے اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اتباع کرنے کو ہدایت کا سبب قرار دیا ہے۔

فَاٰمِنُوْابِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِی یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَکَلِمٰتِہٖ وَاتَّبِعُوْہُ لَعَلَّکُمْ تَھْتَدُوْنَ○

(پارہ نمبر ۹ سورۃ الاعراف ۔ آیت نمبر ۱۵۸)

ترجمہ:۔ پس ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر جو کہ نبی اُمی ہیں اور وہ ایمان رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اسکے کلام پر۔ اور تم پیروی کرو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تا کہ تم ہدایت پا جاؤ۔

Marfat.com

﴿19﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم مالِ غنیمت کے اصلی مالک

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مال غنیمت کا مالک اپنی ذات کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قرار دیا ہے۔

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ

(پارہ ۹۔ سورۃ الانفال۔ آیت ۱)

ترجمہ:۔ وہ آپ سے غنیمتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں آپ فرما دیجئے کہ مال غنیمت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے ہے۔

﴿20﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت تقویٰ واصلاح کی بنیاد

اس آیت میں بھی اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کا حکم مومنین کے لیے جاری فرمایا ہے۔

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

(پارہ نمبر ۹۔ سورۃ الانفال۔ آیت نمبر ۱)

ترجمہ:۔ پس اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور اصلاح کرو باہمی معاملات میں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کرو اگر تم مومن ہو۔

Marfat.com

﴿21﴾

دشمنِ احمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پہ شدت کیجئے

کفار پر بہت زیادہ سختی کا حکم اس لئے ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کی۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ

(پارہ نمبر۹۔سورۃ الانفال۔آیت نمبر۱۳)

ترجمہ:۔ یہ حکم (سختی کرنے کا) اس لئے ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کی۔

﴿22﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت عذاب کا سبب

اس آیت میں فرمایا کہ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا مخالف ہوگا سخت عذاب کا حقدار ہوگا۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ○

(پارہ نمبر۹۔سورۃ الانفال۔آیت نمبر۱۳)

ترجمہ:۔ جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کرے گا پس بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے۔

﴿23﴾

ان کے در پہ پڑ رہو

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کرنے کا حکم دیا اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے منہ موڑنے سے منع فرمایا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ تَسْمَعُوْنَ ۝

(پارہ نمبر۹۔سورۃ الانفال۔آیت نمبر۲۰)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی۔اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے منہ نہ پھیرو حالانکہ تم سن رہے ہو۔

﴿24﴾

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا بلاوا اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لئے لبیک

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی آواز پر لبیک کہنے کو اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات کیلئے لبیک کہنا ہی فرمایا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ۔

(پارہ نمبر۹۔سورۃ الانفال۔آیت نمبر۲۴)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو لبیک کہو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے جب حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم تمہیں بلائیں۔

Marfat.com

﴿25﴾

ایمان والے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے خیانت نہیں کر سکتے

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے خیانت کرنے سے منع فرمایا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ۔

(پارہ نمبر۹۔سورۃ الانفال۔آیت نمبر۲۷)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے خیانت نہ کرو

﴿26﴾

مالِ غنیمت کا خمس اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے مال غنیمت کی تقسیم کا ذکر کر کے اپنا اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا حصہ بیان کیا ہے۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ.

(پارہ نمبر۱۰۔سورۃ الانفال۔آیت نمبر۴۱)

ترجمہ:۔ اور جان لو کہ مال غنیمت میں سے خُمس یعنی پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے ہے۔

﴿27﴾

اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت۔جھگڑوں سے حفاظت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے جھگڑوں سے بچنے کا حل اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ

Marfat.com

وسلم کی اطاعت قرار دیا ہے۔

وَ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَلَاتَنَازَعُوْا

(پارہ نمبر۱۰۔سورۃ الانفال۔آیت نمبر۴۶)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو اور باہم جھگڑا نہ کرو

﴿28﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم مالک ومختار

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مشرکوں کے معاہدوں سے اپنا اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا لاتعلق ہونا بیان فرمایا ہے۔

بَرَآءَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ اِلَی الَّذِیْنَ عَاھَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ○

(پارہ نمبر۱۰۔سورۃ التوبہ۔آیت نمبر۱)

ترجمہ:۔ لاتعلقی ہے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف سے ان معاہدوں کے لئے جو تم نے مشرکین سے کئے ہیں۔

﴿29﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا اعلان ایک ہی ہے

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنا اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا حج اکبر کے موقع پر اعلان کو ایک ہی اعلان قرار دیا ہے۔

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ اِلَی النَّاسِ یَوْمَ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ

(پارہ نمبر۱۰ سورۃ التوبہ۔آیت نمبر۳)

Marfat.com

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف سے لوگوں کو حج اکبر کے دن اعلان ہے۔

﴿30﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم مشرکوں سے بیزار

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنا اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا اعلان واضح فرما کر قیامت تک کا قانون بنا دیا ہے۔

اَنَّ اللّٰهَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ وَرَسُوْلُهٗ ط

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۳)

ترجمہ:۔ بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم مشرکوں سے بیزار ہیں

﴿31﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں مشرکوں کا عہد ناممکن

كَیْفَ یَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِیْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ .

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۷)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ہاں مشرکوں کے لئے وعدہ کیوں کر ہو سکتا ہے۔

﴿32﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم مومنوں کے راز دار

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنا اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا مومنوں کیلئے محرم

Marfat.com

راز ہونے کا ذکر فرمایا ہے۔

وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ط

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۱۶)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور مومنوں کے سوا انہوں نے کسی کو اپنا راز دار نہیں بنایا

﴿33﴾

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت۔ عذاب سے حفاظت کا ذریعہ

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے کائنات کی کل متاع سے بڑھ کر اپنی ذات اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات کے ساتھ پیار کرنے کا حکم دیا ہے اور نہ کرنے کی صورت میں اپنی طرف سے عذاب کے منتظر رہنے کا حکم دیا ہے۔

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَ جِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ط وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۲۴)

ترجمہ:۔ آپ فرما دیجئے کہ اگر اللہ تعالیٰ، اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور جہاد سے زیادہ محبوب ہیں تمہیں تمہارے والدین، تمہارے بیٹے، تمہارے بھائی، تمہاری

Marfat.com

بیویاں، تمہارا خاندان، تمہارا کمایا ہوا مال، مال تجارت جس میں خسارہ کا تم اندیشہ رکھتے ہو اور تمہارے پسندیدہ مکانات تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا اپنا عذاب آپہنچے اور اللہ تعالیٰ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

﴿34﴾

جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا حرام حرام نہ سمجھے اس سے جنگ

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حرام کئے ہوئے کو جو حرام نہ سمجھیں ان سے جہاد کرنے کا حکم دیا ہے۔

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ۔

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۲۹)

ترجمہ:۔ اور جو اللہ تعالیٰ و یومِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حرام قرار دیا ہے اس کو حرام نہیں سمجھتے ان سے لڑائی کرو

﴿35﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دشمن کا مال بیکار

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ کفر کرنے والے منافقین کے مال خرچ کرنے کی قبولیت کے نہ ہونے کا ذکر فرمایا گیا ہے۔

وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَ بِرَسُوْلِهٖ

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۵۴)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ کفر کرنے کی

وجہ سے ان کا مال خرچ کرنا قبول نہ کیا جائے گا۔

﴿36﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عطاء پر رضاء

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عطا کردہ مال پر لوگوں کے خوش ہونے کی خواہش کا ذکر کیا گیا ہے۔

وَلَوْاَنَّهُمْ رَضُوْامَآاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ۔

(پارہ نمبر۱۰۔سورۃ التوبہ۔آیت نمبر۵۹)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو ان کو دیا کیا ہی اچھا ہوتا کہ وہ اس پر راضی ہو جاتے۔

﴿37﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عطاء۔لمحہ بلمحہ زیادہ

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے عطا کئے ہوئے مال کو اپنا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فضل قرار دیا ہے۔

وَقَالُوْاحَسْبُنَااللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗۤ۔

(پارہ نمبر۱۰۔سورۃ التوبہ۔آیت نمبر۵۹)

ترجمہ:۔ کہا انہوں نے اللہ تعالیٰ ہی ہمیں کافی ہے۔ہمیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے فضل سے عنقریب اور عطا فرمائیں گے۔

﴿38﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا۔ سب سے بڑا فرض

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ منافقین عام مسلمانوں کو خوش کرنا چاہتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ ان کو خوش کیا جائے

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۶۲)

ترجمہ:۔ وہ تم لوگوں کو راضی کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی قسمیں اٹھاتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم راضی کئے جانے کے زیادہ مستحق ہیں اگر یہ لوگ ایمان والے ہیں۔

﴿39﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت نتیجہ رسوا کن عذاب

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کرنے والوں کو رسوا کن عذاب کا حقدار بیان فرمایا ہے۔

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ۝

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۶۳)

ترجمہ:۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ

Marfat.com

وسلم کی مخالفت کرتا ہے اس کے لئے جہنم کی آگ ہے اور وہ جہنم میں ہمیشہ رہے گا یہ بہت بڑی رسوائی ہے۔

﴿40﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے مذاق کفر ہی کفر

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ استہزاء کو کفر قرار دے کر دائرہ اسلام سے خارج ہونا قرار دیا گیا ہے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَ بِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۶۵۔۶۶)

ترجمہ:۔ اگر آپ ان سے پوچھیں تو کہیں گے کہ ہم تو دل لگی اور خوش طبعی کر رہے تھے۔ آپ فرما دیجئے کیا تم اللہ تعالیٰ، اس کی آیات اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ استہزاء کرتے ہو۔ بہانے مت بناؤ۔ تم ایمان کے بعد کافر ہو چکے ہو۔

﴿41﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت۔ ذریعۂ رحمت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رحم کے حقدار اپنی اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کرنے والوں کو قرار دیا ہے۔

وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۷۱)

Marfat.com

ترجمہ:۔ اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کرتے ہیں۔ انہی لوگوں پر اللہ تعالیٰ عنقریب رحم فرمائے گا۔

﴿42﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فضل۔ منافقین کی چڑ

اس آیت میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ منافقین کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا اپنے سے محبت کرنے والوں کو نوازنا بہت ہی ناگوار اور برا محسوس ہوتا ہے۔

وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۷۴)

ترجمہ:۔ اور انہیں یہ برا لگا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے فضل وکرم سے ان (صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین) کو غنی کر دیا ہے۔

﴿43﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کفر۔ ساری عنایات ختم

اس آیت میں واضح کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو ستانے والے کسی بھی قسم کی نرمی اور رعایت کے حقدار نہیں ہوں گے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۸۰)

ترجمہ:۔ یہ بے شک اس لئے ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ کفر کیا ہے۔

Marfat.com

﴿44﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کفر رحمت سے دائمی محرومی

اس آیت میں منافقین کے جنازہ سے امتناع اور قبروں کے پاس رکنے سے بھی منع کر دیا گیا ہے۔ بایں وجہ کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ کفر کیا۔

وَلَاتُصَلِّ عَلٰی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًاوَّلَاتَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ ۭاِنَّهُمْ كَفَرُوْابِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۸۴)

ترجمہ:۔ اور نہ پڑھئے ان میں سے کسی پر کبھی بھی نماز جنازہ اور نہ ہی ان کی قبر پر کھڑے ہوں۔ کیونکہ انہوں نے کفر کیا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ

﴿45﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے منکرین کے لئے یقینی عذاب

اس آیت میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ منکرین کی توبہ بھی قبول نہیں۔ بلکہ ان کیلئے عذاب یقینی ہے۔

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَالَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭسَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ۝

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۹۰)

Marfat.com

ترجمہ:۔ آئے بہانہ بنانے والے بدو تا کہ انہیں (گھر جانے کی) اجازت مل جائے اور جنہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے جھوٹ بولا تھا وہ بیٹھے رہے (اپنے گھروں میں) ان میں سے جنہوں نے کفر کیا عنقریب انہیں عذاب پہنچے گا

﴿46﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مخلصین کے گناہ معاف

اس آیت میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سچے غلاموں کی کمزوریاں قابل گرفت نہیں ہیں۔

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

(پارہ نمبر ۱۰۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۹۱)

ترجمہ:۔ کمزوروں، بیماروں اور نہ ہی ایسے لوگوں پر کوئی حرج ہے جو کچھ خرچ کرنے کو مال نہیں پاتے جبکہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مخلص ہیں

﴿47﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی لوگوں کے اعمال پر نظر

اس آیت کے سیاق وسباق میں للکارا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم منافقین کے اعمال کا مشاہدہ کریں گے۔

وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ۔

(پارہ نمبر ۱۱۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۹۴)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم عنقریب تمہارے اعمال دیکھیں گے

Marfat.com

﴿48﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی غلامانِ مصطفیٰ پر نظر

اس آیت میں یہ کرم فرمایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی غلامانِ مصطفیٰ کے اعمال کو باقاعدہ طور پر ملاحظہ فرمائیں گے۔

وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ

(پارہ نمبر ۱۱۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۱۰۵)

ترجمہ:۔ اور آپ فرما دیجئے کہ عمل کرتے رہو پس اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم عنقریب تمہارے اعمال دیکھیں گے۔

﴿49﴾

گستاخانِ مصطفیٰ کی مسجدیں۔ کفر کے مورچے

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ لڑنے والے منافقین کی مسجد کو مسجد ضرار کا نام دیا گیا ہے اور ان کی مسجد کو کفر کا مورچہ قرار دیا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا ۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ

(پارہ نمبر ۱۱۔ سورۃ التوبہ۔ آیت نمبر ۱۰۷)

ترجمہ:۔ اور ان لوگوں نے مسجد بنائی نقصان پہنچانے، کفر کرنے، مسلمانوں کے درمیان تفرقہ ڈالنے کیلئے۔ اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے جنگ کرنے والوں کے لئے اب تک مورچہ بنا رکھا ہے۔

﴿50﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مخالفین سے تعلق بھی کفر ہے

اس آیت میں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے منہ پھیرے اس کو دائرہ ایمان سے خارج کئے جانے کا اعلان فرمایا گیا ہے۔

وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝

(پارہ نمبر ۱۸۔ سورۃ النور۔ آیت نمبر ۴۷)

ترجمہ:۔ اور وہ کہتے ہیں ہم ایمان لائے اللہ تعالیٰ پر اور رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر پھر کچھ ان میں سے بعد میں پھر جاتے ہیں اور وہ مسلمان نہیں ہیں۔

﴿51﴾

در مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کافروں کی دوری

اس آیت میں ایسے بدبختوں کی کیفیت بیان کی گئی ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے فیصلوں سے منہ پھیرتے ہیں۔

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

(پارہ نمبر ۱۸۔ سورۃ النور۔ آیت نمبر ۴۸)

ترجمہ:۔ اور جب انہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف بلایا جائے کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرمائیں تو ان میں سے ایک گروہ منہ پھیر لیتا ہے۔

Marfat.com

﴿52﴾

کفار کی نظر میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ظالم (نعوذ باللہ)

اس آیت میں منافقین کی دلی حالت پر حیرت کا اظہار کیا گیا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو ظالم سمجھنا شروع کر دیا ہے۔

اَفِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ یَخَافُوْنَ اَنْ یَّحِیْفَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ۔

(پارہ نمبر ۱۸۔ سورۃ النور۔ آیت نمبر ۵۰)

ترجمہ:۔ کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے یا وہ شک میں مبتلا ہیں یا وہ اس بدگمانی کا شکار ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم ان پر ظلم کریں گے۔

﴿53﴾

عقل قربان کن بپیش مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

اس آیت میں مومنوں کا موقف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بارے بیان کر کے ان کے کامیاب ہونے کی ضمانت دی گئی ہے۔

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِیَحْكُمَ بَیْنَهُمْ اَنْ یَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ○

(پارہ نمبر ۱۸۔ سورۃ النور۔ آیت نمبر ۵۱)

ترجمہ:۔ ایمان والوں کو جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف ان کے درمیان فیصلہ کرنے کیلئے بلایا جاتا ہے تو وہ صرف یہی کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی۔ یہی لوگ کامیاب ہیں۔

Marfat.com

﴿54﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کامیابی کی ضمانت

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے فرمانبردار ہی کامیاب ہیں۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ○

(پارہ نمبر ۱۸۔ سورۃ النور۔ آیت نمبر ۵۲)

ترجمہ:۔ اور جو بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کرے گا اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے اور اس کی نافرمانی سے بچتا رہے۔ پس وہی لوگ کامیاب ہیں۔

﴿55﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت (حکم)

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایک دفعہ پھر اپنی اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کرنے کا حکم فرمایا ہے۔

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

(پارہ نمبر ۱۸۔ سورۃ النور۔ آیت نمبر ۵۴)

ترجمہ:۔ آپ فرما دیجئے کہ اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی۔

Marfat.com

﴿56﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان۔ دین کی بنیاد

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات پر ایمان رکھنے والے کو مومن قرار دیا ہے۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔

(پارہ نمبر ۱۸۔ سورۃ النور آیت نمبر ۶۲)

ترجمہ:۔ بے شک ایمان والے وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لائے۔

﴿57﴾

ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اجازت سے رخصت ہونے والوں کو مومن قرار دیا گیا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

(پارہ نمبر ۱۸۔ سورۃ النور۔ آیت نمبر ۶۲)

ترجمہ:۔ بیشک جو لوگ آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی لوگ ہیں، جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان رکھتے ہیں۔

Marfat.com

﴿58﴾

اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے عداوت ۔ منافقت ہی منافقت

اس آیت میں واضح کر دیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر الزام تراشی کرنے والے منافق اور دل کے مریض ہیں۔

وَاِذْ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّاوَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اِلَّاغُرُوْرًا۝

(پارہ نمبر۲۱۔سورۃ الاحزاب۔آیت نمبر۱۲)

ترجمہ:۔ اور جب منافقوں نے اور ان لوگوں نے جن کے دلوں میں (اسلام دشمنی کی) بیماری ہے، کہا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ہم سے وعدہ نہیں کیا مگر دھوکہ دینے کے لئے۔

﴿59﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اعلان مومن کے دل کا ایمان

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ مومن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے وعدہ پر پُر جوش ہو جاتے ہیں۔

وَلَمَّارَاَالْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَامَاوَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

(پارہ نمبر۲۱۔سورۃ الاحزاب۔آیت نمبر۲۲)

ترجمہ:۔ اور جب مومنوں نے کفار کے لشکر کو دیکھا تو کہا یہی ہے وہ جس کا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے وعدہ فرمایا ہے۔

Marfat.com

﴿60﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت۔ مومن کا زیور

آیت مبارکہ کے اس حصہ میں واضح طور پر بتلا دیا گیا ہے کہ مومن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی صداقت کا نعرہ ہر وقت بلند کرتے رہتے ہیں اور اس سے ان کے ایمان میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّا اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ○

(پارہ نمبر ۲۱۔ سورۃ الاحزاب۔ آیت نمبر ۲۲)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے سچ فرمایا اور اس سے ان کے ایمان اور فرمانبرداری میں اضافہ ہوتا ہے۔

﴿61﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت۔ سب سے بڑی قدر و منزلت

اس آیت میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج کے لئے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اپنانے پر بہت بڑا اجر بیان کیا گیا ہے۔

وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ○

(پارہ نمبر ۲۱۔ سورۃ الاحزاب۔ آیت نمبر ۲۹)

ترجمہ:۔ اے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج مطہرات! اگر تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو چاہتی ہو اور آخرت میں گھر، تو بے شک اللہ تعالیٰ نے تم میں سے نیکوکاروں کیلئے بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔

Marfat.com

﴿62﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت۔ازواج نبی کا دُگنا اجر

اس آیت میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج کی اللہ تعالیٰ کی اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی فرمانبرداری کرنے پر دُگنے اجر کی حقدار ہونے اور باعزت رزق کی تیاری کا انہیں مژدۂ جانفزا سنایا گیا ہے۔

وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ۝

(پارہ نمبر۲۲۔سورۃ الاحزاب۔آیت نمبر۳۱)

ترجمہ:۔ (اے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج مطہرات) جو کوئی تم میں سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی فرمانبردار رہی اور نیک عمل کرتی رہی تو ہم اس کو دوگنا اجر دیں گے اور ہم نے اس کیلئے باعزت روزی تیار کر رکھی ہے۔

﴿63﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت آپ کی ازواج کے لئے بھی ضروری

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ازواج مطہرات کو سمجھاتے ہوئے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی فرمانبردار رہنے کا ایک مرتبہ پھر حکم دیا ہے۔

وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔ (پارہ نمبر۲۲۔سورۃ الاحزاب۔آیت نمبر۳۳)

ترجمہ:۔ (اے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ازواج مطہرات) اطاعت کرو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی۔

Marfat.com

﴿64﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فیصلہ آخری فیصلہ

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے فیصلہ کرنے کے بعد کسی کا کوئی اختیار باقی نہیں رہ جاتا۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ

(پارہ نمبر۲۲۔سورۃ الاحزاب۔آیت نمبر۳۶)

ترجمہ:۔ اور کسی مومن مرد یا عورت کو کسی قسم کا کوئی اختیار باقی نہیں رہتا جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کسی کام کا فیصلہ کردیں۔

﴿65﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی گمراہی اور شیطانی

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی کو کھلی گمراہی قرار دیا گیا ہے

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝

(پارہ نمبر۲۲۔سورۃ الاحزاب۔آیت نمبر۳۶)

ترجمہ:۔ اور جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی کریگا پس وہ کھلی گمراہی کا شکار ہوگیا۔

Marfat.com

﴿66﴾

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا انعام۔ اللہ تعالیٰ ہی کا انعام

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے غلام زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ پر اپنے اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے انعام فرمانے کا ذکر فرمایا ہے۔

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْهِ

(پارہ نمبر ۲۲۔ سورۃ الاحزاب۔ آیت نمبر ۳۷)

ترجمہ:۔ اور جب آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہا اس شخص کو (حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو) جس پر اللہ تعالیٰ نے اور آپ نے انعام فرمایا۔

﴿67﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا گستاخ۔ اصلی لعنتی

اس آیت میں واضح کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اذیت پہنچانے والوں پر دنیا میں بھی لعنت ہے اور آخرت میں بھی لعنت ہے اور ساتھ ہی وہ رسوا کن عذاب کے بھی حقدار ہیں۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِیْنًا۝

(پارہ نمبر ۲۲۔ سورۃ الاحزاب۔ آیت نمبر ۵۷)

ترجمہ:۔ بیشک جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اذیت دیتے ہیں اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت میں ان کے لئے لعنت فرمائی ہے اور ان کیلئے رسوا کن عذاب تیار ہے۔

Marfat.com

﴿68﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی عدمِ اطاعت۔ میدان حشر میں حسرت

اس آیت میں کفار کی حسرت کا ذکر ہے کہ کاش ہم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کر لیتے۔

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِى النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا○

(پارہ نمبر۲۲۔ سورۃ الاحزاب۔ آیت نمبر۶۶)

ترجمہ:۔ جس روز وہ (کفار) منہ کے بل آگ میں پھینکے جائیں گے تو کہیں گے کہ کاش ہم نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی ہوتی اور ہم نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کی ہوتی۔

﴿69﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات کی باریابی بہت بڑی کامیابی

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ نے بہت بڑی کامیابی قرار دیا ہے۔ (اب جس کو اللہ بہت بڑی کامیابی قرار دے اس کے بارے میں شک وشبہ کیسا؟)

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ○

(پارہ نمبر۲۲۔ سورۃ الاحزاب۔ آیت نمبر۷۱)

ترجمہ:۔ اور جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرے گا پس تحقیق اس نے بہت بڑی کامیابی پائی۔

Marfat.com

﴿70﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت۔اعمال کی حفاظت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کو اعمال کی حفاظت کا ذریعہ قرار دیا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ۝

(پارہ نمبر ۲۶۔سورہ محمد۔آیت نمبر ۳۳)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اور اپنے اعمال کو ضائع نہ کرو۔

﴿71﴾

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان۔ظاہر ہے حضور کی شان

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی صفات بے مثلیہ کا تذکرہ اللہ تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لانے کی دلیل کے طور پر ذکر فرمایا ہے۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

(پارہ نمبر ۲۶۔سورۃ الفتح۔آیت نمبر ۹،۸)

ترجمہ:۔ بیشک ہم نے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو حاضر و ناظر خوشخبری سنانے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے تا کہ تم لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لاؤ۔

Marfat.com

﴿72﴾

بیعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ۔ بیعت خدا ہے یارو

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بیعت کو اپنی بیعت قرار دیا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ

(پارہ نمبر ۲۶۔ سورۃ الفتح۔ آیت نمبر ۱۰)

ترجمہ:۔ بے شک جو لوگ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بیعت کرتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ ہی کی بیعت کرتے ہیں۔

﴿73﴾

جو ہوگا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے فرار اس کے لئے جہنم کی آگ ہے تیار

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان نہ لانے کا نتیجہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔

وَمَنْ لَّمْ یُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِیْنَ سَعِیْرًا۝

(پارہ نمبر ۲۶۔ سورۃ الفتح۔ آیت نمبر ۱۳)

ترجمہ:۔ اور جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان نہ لائے تو پس بے شک ہم نے کافروں کیلئے بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے۔

Marfat.com

﴿74﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت بدلہ جنت جیسی بیش بہا نعمت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے کا نتیجہ باغات کی صورت میں ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

(پارہ نمبر ۲۶۔ سورۃ الفتح۔ آیت نمبر ۱۷)

ترجمہ:۔ اور جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔

﴿75﴾

احترام خدا و احترام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سبقت لے جانے سے منع کیا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔

(پارہ نمبر ۲۶۔ سورۃ الحجرات۔ آیت نمبر ۱)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آگے نہ بڑھو۔

Marfat.com

﴿76﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت

اعمال صالحہ کی حفاظت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کالازمی نتیجہ تمہارے اعمال کی حفاظت ہے۔

وَاِنْ تُطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَایَلِتْکُمْ مِّنْ اَعْمَالِکُمْ شَیْئاً۔

(پارہ نمبر ۲۶۔ سورۃ الحجرات۔ آیت نمبر ۱۴)

ترجمہ:۔ اور اگر تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کروگے تو وہ تمہارے اعمال میں ذرا بھی کمی نہیں کریگا۔

﴿77﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان۔ سچوں کا نشان

اس آیت میں سچے لوگوں کی کیفیت بیان کی گئی ہے۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا وَجٰھَدُوْا بِاَمْوَالِھِمْ وَاَنْفُسِھِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ط اُولٰئِکَ ھُمُ الصّٰدِقُوْنَ ○

(پارہ نمبر ۲۶۔ سورۃ الحجرات۔ آیت نمبر ۱۵)

ترجمہ:۔ بیشک مومن وہ ہیں جو ایمان لائے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر۔ پھر انہوں نے کبھی شک نہیں کیا اور انہوں نے اپنے مالوں اور جانوں سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا۔ وہی سچے لوگ ہیں۔

Marfat.com

﴿78﴾

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت۔ نتیجہ خدا کی نیابت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے اوپر اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لانے اور نیابتِ الٰہی کی بناء پر خرچ کرنے کا حکم دیا ہے۔

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ

(پارہ نمبر ۲۷۔ سورۃ الحدید۔ آیت نمبر ۷)

ترجمہ:۔ ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر اور خرچ کرو اس میں سے جن میں اس نے تمہیں نیابت عطا کی ہے۔

﴿79﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمان۔ مومن کا ایمان

اس آیت کریمہ میں کفارۂ ظہار بیان کرنے کے بعد فرمایا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان مضبوط رکھنے کا ذریعہ ہے۔

ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ المجادلہ۔ آیت نمبر ۴)

ترجمہ:۔ یہ اس لئے ہے کہ تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان رکھو

﴿80﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے عداوت۔ ہمیشہ کی ذلت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کا انجام

ذلت اور رُسوا کن عذاب بیان فرمایا گیا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ کُبِتُوْا کَمَا کُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ المجادلہ۔ آیت نمبر ۵)

ترجمہ:۔ بیشک جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کرتے ہیں انہیں ذلیل کیا جائے گا جیسے ان سے پہلوں کو ذلیل کیا گیا۔

﴿81﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے فرمانبردار اللہ تعالیٰ بھی ان سے خبردار

اس آیت میں بھی اللہ تعالیٰ نے اپنی اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کا حکم فرمایا ہے۔

وَاَطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ط وَاللّٰہُ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○۔

(پارہ ۲۸۔ سورۃ المجادلہ۔ آیت ۱۳)

ترجمہ:۔ اور اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اور اللہ تعالیٰ باخبر ہے جو تم کرتے رہتے ہو۔

﴿82﴾

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت دنیا و آخرت کی ذلالت

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مخالفین ہی ذلیل ترین لوگ ہیں۔

Marfat.com

اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗٓ اُولٰٓئِکَ فِی الْاَذَلِّیْنَ○

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ المجادلہ۔ آیت نمبر ۲۰)

ترجمہ:۔ بیشک جولوگ اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کرتے ہیں وہی ذلیل ترین لوگ ہیں۔

﴿83﴾

تیرا بولنا اللہ تعالیٰ کا بولنا ہے

اس مقام پر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے کلام کو اللہ تعالیٰ کا کلام قرار دیا گیا ہے۔

وَمَایَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی○ اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی○

(پارہ نمبر ۲۷۔ سورۃ النجم۔ آیت نمبر ۳،۴)

ترجمہ:۔ اورآپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نہیں بولتے اپنی خواہش سے مگر وہ وحی ہوتی ہے جوآپ کی طرف کی جاتی ہے۔

﴿84﴾

مومن کا گستاخ رسول سے پیار؟ کبھی نہیں

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مخالفین سے مومن کبھی بھی پیار نہیں کریں گے۔

لَاتَجِدُقَوْمًا یُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ یُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ.

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ المجادلہ۔ آیت نمبر ۲۲)

ترجمہ:۔ اورآپ کوئی ایسی قوم نہیں پائیں گے جو اللہ تعالیٰ اور روز آخرت پر ایمان

Marfat.com

بھی رکھتی ہو اور اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالفین سے محبت بھی کرتی ہو

﴿85﴾

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت۔ عذابِ نار کی بشارت

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کرنے کی بناء پر عذاب دینے کا ذکر فرمایا ہے۔

وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۖ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ الحشر۔ آیت نمبر ۳۔۴)

ترجمہ:۔ اگر اللہ تعالیٰ نے ان پر جلا وطنی نہ لکھ دی ہوتی تو ان کو دنیا میں ضرور عذاب ہوتا۔ ان کیلئے آخرت میں آگ کا عذاب ہے۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مخالفت کی۔

﴿86﴾

مالِ غنیمت۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت

اس آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ جو مال پلٹایا گیا وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے ہے۔

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ۔

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ الحشر۔ آیت نمبر ۷)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے جو مال اہل قریٰ (گاؤں والوں) سے پلٹا دیا ہے وہ اللہ

تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے ہے۔

﴿87﴾

مومن کی ہجرت۔اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی معاونت

اس آیت میں واضح کردیا گیا ہے کہ جو اپنے گھر اور مال چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی وفضل کیلئے نکل پڑتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مدد کرتے ہیں وہ ہی سچے لوگ ہیں۔

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَ اَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝

(پارہ نمبر ۲۸۔سورۃ الحشر۔آیت نمبر ۸)

ترجمہ:۔ فقراء مہاجر جو لوگ نکال دیئے گئے اپنے گھروں سے اور مال چھین لئے گئے اور وہ تلاش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل اور خوشنودی کو اور انہوں نے مدد کی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی۔وہی لوگ سچے ہیں۔

﴿88﴾

جسے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ پیارا۔اسے ملا جہنم سے چھٹکارا

اس آیت میں ایسی تجارت کا بیان ہے جو عذاب آخرت سے بچالے گی اور وہ تجارت ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لانا اور دیگر احکامات کی پابندی۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ

اَلِیْمٍ○ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِه

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ الصف۔ آیت نمبر ۱۱)

ترجمہ:۔ اے ایمان والو کیا میں تم کو ایسی تجارت نہ بتاؤں جو تم کو دردناک عذاب سے بچالے؟۔ وہ یہ ہے کہ تم ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر۔

﴿89﴾

عزت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ لاعلمی منافقین کی

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے عزت کا حقدار اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور ان کے غلاموں کو قرار دیا ہے اور منافقوں کو جاہل بیان فرمایا ہے۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِه وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ○

(پارہ نمبر۔ ۲۸۔ سورۃ المنافقون۔ آیت نمبر ۸)

ترجمہ:۔ ساری عزت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور مومنوں کیلئے ہے لیکن منافق لوگ نہیں جانتے۔

﴿90﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ایک بار پھر اپنی ذات پر اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لانے کا حکم دیا ہے۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِه

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ التغابن۔ آیت نمبر ۸)

ترجمہ:۔ پس ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر۔

Marfat.com

﴿91﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت

اس آیت میں ایک مرتبہ پھر اپنے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے۔

وَاَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ

(پارہ نمبر ۲۸۔ سورۃ التغابن۔ آیت نمبر ۱۲)

ترجمہ:۔ اور اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی اور اطاعت کرو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی۔

﴿92﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی دائمی عذاب کی نشانی

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نافرمان کو جہنم کا حقدار قرار دیا گیا ہے۔

وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَاِنَّ لَہٗ نَارَجَھَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْھَآ اَبَدًا۔

(پارہ نمبر ۲۹۔ سورۃ الجن۔ آیت نمبر ۲۳)

ترجمہ:۔ اور جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی کرے گا پس بیشک اس کیلئے جہنم کا عذاب ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔

Marfat.com

﴿93﴾

دوگنی رحمت مگر کیسے؟

اس آیت میں مومن متقی لوگوں کو اپنے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لانے پر دوگنی رحمت کا حقدار قرار دیا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ۔

(پارہ نمبر ۲۷۔ سورۃ الحدید۔ آیت نمبر ۲۸)

ترجمہ:۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ایمان لاؤ اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر تم دیئے جاؤ گے دُگنی رحمت۔

﴿94﴾

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا پھینکنا خدا کا پھینکنا۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پھینکنا اپنا پھینکنا قرار دیا ہے۔

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ

(پارہ نمبر ۹۔ سورۃ الانفال۔ آیت نمبر ۱۷)

ترجمہ:۔ اور نہیں پھینکا جب آپ نے پھینکا تھا اور لیکن وہ اللہ تعالیٰ نے پھینکا تھا۔

﴿95﴾

دستِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم دستِ خدا ہے

یہ منظر کشی بیعت رضوان کے موقع کی ہے جب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ہاتھوں کے اوپر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ہاتھ تھا تو اللہ تعالیٰ نے اسے اپنا ہاتھ قرار دیا

Marfat.com

يَدُاللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ

(پارہ نمبر ۲۶۔سورۃ الفتح۔آیت نمبر ۱۰)

ترجمہ:۔ اور اللہ تعالیٰ ہی کا ہاتھ ان کے ہاتھوں کے اوپر ہے۔

نوٹ: درج ذیل آیات میں اللہ تعالیٰ نے حضور کے ساتھ ساتھ دیگر رسولوں کا بھی ذکر کیا ہے۔

﴿96﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سب پر غالب

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنا اور اپنے رسولوں کا یقینی غلبہ بیان فرمایا۔

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ؕ

(پارہ نمبر ۲۸۔سورۃ المجادلہ۔آیت نمبر ۲۱)

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے یہ بات لکھ دی ہے کہ میں اور میرے رسول یقیناً غالب آکر رہیں گے۔

﴿97﴾

کفار کی چاہت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں میں جدائی

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کے درمیان جدائی کرانا کافروں کی خواہش بتایا گیا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ۔

(پارہ نمبر۶ سورۃ النساء آیت نمبر۱۵۰)

ترجمہ:۔ بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کے ساتھ اور وہ چاہتے ہیں کہ جدائی کرادیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں کے درمیان۔

﴿98﴾

اللہ تعالیٰ کی نظر معاونین دین پر

اس آیت میں واضح کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی اور اپنے رسولوں کی مدد کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔

وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝

(پارہ نمبر۲۷ سورت الحدید آیت نمبر۲۵)

ترجمہ:۔ اور یقیناً اللہ تعالیٰ جانتا ہے کی کون اس کی اور اس کے رسولوں کی مدد کرتا ہے بیشک اللہ تعالیٰ طاقتور ہے غالب ہے۔

﴿99﴾

ایمان اور تقویٰ۔ اجر کا ضامن

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے خود پر اور رسولوں پر ایمان لانے کا حکم دے کر اسے بہت بڑے اجر کا سبب قرار دیا ہے۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

(پارہ نمبر۴ سورت ال عمران آیت نمبر۱۷۹)

ترجمہ:۔ ایمان لاؤ اللہ تعالیٰ پر اُس کے رسولوں پر اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیز گار بنو تو تمہارے لیے بہت بڑا اجر ہے۔

Marfat.com

﴿100﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان۔ سچائی کا نشان

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے خود پر اور تمام رسولوں پر ایمان لانے والوں کو سچا قرار دیا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۝

(پارہ نمبر ۲۷ سورت الحدید آیت نمبر ۱۹)

ترجمہ:۔ اور جو لوگ ایمان لائے اللہ تعالیٰ پر اور اُس کے رسولوں پر وہی لوگ سچے ہیں۔

يَاصَاحِبَ الْجَمَالِ وَيَا سَيِّدَ الْبَشَرِ
مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِيْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَر
لَايُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهٗ
بَعْدَ از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

باب نمبر 3

وہ احادیث مبارکہ جن میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک اکٹھا استعمال ہوا ہے

﴿1﴾

میں یا اللہ لکھا کے پھر لکھا واں یا رسول اللہ

(حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کا نعرہ)

عَن كَعْبِ اَلْحَبَارِرَضِیَ اللّٰہ عَنْہ قَالَ:

اِنَّ اللّٰہ اَنْزَلَ عَلٰی اٰدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ عُصِیّاً بِعَدَدِالَانْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلٰی اِبْنِہٖ شِیْثَ عَلَیْہِ السَّلَام فَقَالَ:

اَیْ بَنِیَّ اَنْتَ خَلِیْفَتِیْ مِنْ بَعْدِیْ۔ فَخُذْهَا بِعِمَارَةِ التَّقْوٰی وَالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی فَكُلَّمَا ذَكَرْتَ اللّٰہ فَاذْكُرْ اِلٰی جَنْبِہٖ اِسْمَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم فَاِنِّیْ رَأَیْتُ اِسْمَهٗ مَكْتُوْبًا عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ وَاَنَا بَیْنَ الرُّوْحِ وَالطِّیْنِ۔ثُمَّ اِنِّیْ طِفْتُ السَّمٰوٰتِ فَلَمْ اَرَفِی السَّمٰوٰتِ مَوْضِعاً اِلَّا رَأَیْتُ اسْمَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم مَكْتُوباً عَلَیْہِ ۔وَاِنَّ رَبِّیْ اَسْكَنَنِی الْجَنَّةَ فَلَمْ أَرَ فِی الْجَنَّةِ قَصْرًا وَّلَاغُرْفَةً اِلَّااِسْمَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم مَكْتُوْباً عَلَیْہِ وَلَقَدْ رَأَیْتُ اسْمَ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم مَكْتُوْباً عَلٰی نُحُوْرِ الْحُوْرِ

اَلْعَیْنِ۔وَعَلٰی وَرَقِ قَصَبِ اٰجَامِ الْجَنَّۃِ۔وَعَلٰی وَرَقِ شَجَرَۃِ طُوْبٰی وَعَلٰی وَرَقِ سِدْرَۃِ الْمُنْتَھٰی وَعَلٰی اَطْرَافِ الْحَجَبِ وَبَیْنِ اَعْیُنِ الْمَلٰئِکَۃِ ۔ فَاَکْثِرْذِکْرَہٗ فَاِنَّ الْمَلَائِکَۃَ تَذْکُرُہٗ فِیْ کُلِّ سَاعَتِھَا ۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 23 صفحہ نمبر 281۔

۔خزانۃ الادب (عبدالقادر بغدادی) باب الشاھد الحادی والثلاثون۔

فتاویٰ حدیثیہ (سیوطی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 211۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 12۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (محمد بن یوسف صالحی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 275۔

۔مدارج النبوۃ (شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 257۔(فارسی)

۔تفسیر الدر المنثور (سیوطی) تحت سورۃ النساء آیت نمبر 164۔

ترجمہ:۔حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء ومرسلین کی تعداد کے برابر لاٹھیاں حضرت آدم علیہ سلام پر نازل فرمائیں۔پھر حضرت سیدنا آدم علیہ سلام اپنے بیٹے حضرت سیدنا شیث علیہ سلام کی طرف متوجہ ہوئے اور انہیں وصیت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اے میرے بیٹے میرے بعد تم میرے خلیفہ ہو۔تم تقویٰ اختیار کرو اور العروۃ الوثقیٰ اختیار کرو۔جب بھی تم اللہ تعالیٰ کا نام لو اس کے ساتھ ہی حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا نام بھی ضرور لینا۔کیونکہ جب میں روح اور مٹی کے درمیان میں تھا تو اس وقت میں نے ان کا نام عرش پر لکھا دیکھا تھا۔پھر میں نے آسمانوں کا چکر لگایا تو آسمانوں میں کوئی ایسی جگہ نہیں دیکھی جہاں ان کا نام نہ لکھا ہوا ہو۔اور جب اللہ تعالیٰ نے مجھے جنت میں سکونت عطا کی تو میں نے جنت میں کوئی دریچہ کوئی محل ایسا نہیں دیکھا جس پر اسم محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم

Marfat.com

لکھا ہوا نہ ہو۔ میں نے نام محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم حوروں کے سینوں پر، فرشتوں کی آنکھوں کی پتلیوں پر، طوبیٰ درخت کے پتوں پر، اور سدرۃ المنتہیٰ کے پتوں پر لکھا ہوا دیکھا ہے۔ تو اے بیٹے تم بھی کثرت سے ان کا ذکر کرتے رہا کرو۔ کیونکہ فرشتے بھی اپنے ہر وقت میں انہی کا ذکر مبارک کرتے رہتے ہیں۔

﴿2﴾

کنکریوں کا کلام اور اصحابِ ثلاثہ

عَنْ سُوَيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ رَأَيْتُ اَبَاذَرٍ جَالِساً وَحْدَهٗ فِی الْمَسْجِدِ، فَاغْتَنَمْتُ ذٰلِكَ .فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ فَذَكَرْتُ لَهٗ عُثْمَانَ. فَقَالَ: لَااَقُوْلُ لِعُثْمَانَ اَبَداً اِلَّا خَيْراً ، رَأَيْتُهٗ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ كُنْتُ اَتْبَعُ خَلْوَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَاَتَعَلَّمُ مِنْهُ، فَذَهَبْتُ يَوْماً فَاِذَاهُوَ قَدْ خَرَجَ فَاَتْبَعْتُهٗ،فَجَلَسَ فِیْ مَوْضِعٍ فَجَلَسْتُ عِنْدَهٗ

فَقَالَ:يَا اَبَاذَرٍمَا جَآءَ بِكَ .

قَالَ:قُلْتُ :اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ.

قَالَ:فَجَآءَ اَبُوْبَكْرٍ فَسَلَّمَ وَجَلَسَ عَنْ يَمِيْنِ النَّبِيِّ ﷺ.

فَقَالَ لَهٗ: مَاجَآءَ بِكَ يَا اَبَا بَكْرٍ.

قَالَ:اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ.

قَالَ :فَجَآءَ عُمَرُ فَجَلَسَ عَنْ يَمِيْنِ اَبِیْ بَكْرٍ فَقَالَ يَا عُمَرُ مَا جَآءَ بِكَ؟.

Marfat.com

قَالَ:اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ۔

ثُمَّ جَآءَ عُثْمَانُ فَجَلَسَ عَنْ یَمِیْنِ عُمَرَ۔

فَقَالَ: یَاعُثْمَانُ مَاجَآءَ بِکَ؟۔

قَالَ:اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ۔

قَالَ: فَتَنَاوَلَ النَّبِیُّ ﷺ سَبْعَ حَصَیَاتٍ اَوْتِسْعَ حَصَیَاتٍ، فَسَبَّحْنَ فِیْ یَدِہٖ حَتّٰی سَمِعْتُ لَھُنَّ حَنِیْناً کَحَنِیْنِ النَّحْلِ،ثُمَّ وَضَعَھُنَّ فَخَرِسْنَ ۔ثُمَّ وَضَعَھُنَّ فِیْ یَدِاَبِیْ بَکْرٍ حَتّٰی سَمِعْتُ لَھُنَّ کَحَنِیْنِ النَّحْلِ،ثُمَّ وَضَعَھُنَّ فَخَرِسْنَ ۔ثُمَّ تَنَاوَلَھُنَّ فَوَضَعَھُنَّ فِیْ یَدِ عُثْمَانَ فَسَبَّحْنَ فِیْ یَدِہٖ حَتّٰی سَمِعْتُ لَھُنَّ حَنِیْنًا کَحَنِیْنِ النَّحْلِ،ثُمَّ وَضَعَھُنَّ فَخَرِسْنَ۔

۔مسند البزار: مسند ابی ذر غفاری حدیث نمبر 4040۔

۔کتاب السنۃ (ابوبکر بن خلال) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 288۔

۔حدیث خیثمہ صفحہ نمبر 105 باب ماجاء فی تسبیح الحصیٰ فی ایدی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 299۔

۔البحر الذخار شرح مسند البزار حدیث سوید بن یزید۔

ترجمہ:۔ حضرت سوید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا:

میں نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو ایک مرتبہ مسجد میں تنہا بیٹھا ہوا دیکھا تو میں نے اس موقع کو غنیمت جانا۔ چنانچہ میں آپ کے پاس بیٹھ گیا۔ میں نے حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا تو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں حضرت سیدنا

Marfat.com

عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا ذکر خیر سوائے اچھائی کے نہیں کرسکتا۔ کیوں کہ میں انہیں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں دیکھا کرتا تھا۔ میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں خلوت میں دین سیکھنے کے لئے جایا کرتا تھا۔ چنانچہ ایک دن میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضری کے لئے گیا تو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کہیں باہر تشریف لے گئے۔ چنانچہ میں بھی آپ کے پیچھے گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم ایک جگہ تشریف فرما تھے پس میں آپ کے پاس بیٹھ گیا۔

آپ نے ارشاد فرمایا کہ اے ابوذر کیسے آئے ہو؟۔

میں نے عرض کیا کہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لئے آیا ہوں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اتنے میں حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔ انہوں نے سلام عرض کیا اور آپ کے دائیں طرف بیٹھ گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے استفسار فرمایا:

اے ابوبکر رضی اللہ عنہ کیسے آئے ہو؟ انہوں نے عرض کیا کہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لئے آیا ہوں۔

پھر حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔ انہوں نے سلام عرض کیا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دائیں طرف بیٹھ گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے استفسار فرمایا:

اے عمر رضی اللہ عنہ کیسے آئے ہو؟ انہوں نے عرض کیا کہ صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لئے آیا ہوں۔

پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔ انہوں نے سلام عرض کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دائیں طرف بیٹھ گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے استفسار فرمایا:

Marfat.com

اے عثمان رضی اللہ عنہ کیسے آئے ہو؟ انہوں نے عرض کیا:

صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لئے آیا ہوں ۔حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے سات یا نو کنکریاں زمین سے اٹھائیں تو وہ کنکریاں آپ کے ہاتھ مبارک میں تسبیح پڑھنے لگیں اور میں نے ان سے شہد کی مکھی جیسی باریک آواز سنی۔ آپ نے وہ کنکریاں زمین پر رکھ دیں تو وہ کنکریاں خاموش ہوگئیں ۔ پھر آپ نے وہ کنکریاں اٹھا کر حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں دے دیں۔تو ان کے ہاتھ مبارک میں بھی میں نے ان سے شہد کی مکھی جیسی باریک آواز میں تسبیح سنی۔انہوں نے وہ کنکریاں رکھ دیں تو وہ خاموش ہوگئیں۔(پھر آپ نے وہ کنکریاں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں دے دیں ۔تو میں نے ان سے شہد کی مکھی جیسی آواز میں تسبیح سنی۔انہوں نے وہ کنکریاں رکھ دیں تو وہ خاموش ہوگئیں) پھر آپ نے وہ کنکریاں اٹھا کر حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں دے دیں۔تو میں نے ان کے یا تھ مبارک میں بھی شہد کی مکھی جیسی باریک آواز میں تسبیح سنی۔انہوں نے وہ کنکریاں زمین پر رکھ دیں تو وہ کنکریاں خاموش ہوگئیں ۔(اب بتاؤ میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی مخالفت کیسے کرسکتا ہوں؟)

﴿3﴾

صدیق رضی اللہ عنہ کیلئے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم بس

غزوۂ تبوک کے موقع پر جب تمام صحابۂ کرام رضی اللہ عنھم نے اپنی اپنی بساط کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں مال پیش کیا تو یارِ غار حضرت سیدنا ابوبکر

Marfat.com

صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنا سارا مال حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو پیش کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے استفسار فرمایا:

مَااَبْقَيْتَ لِاَ هْلِكَ؟ قَالَ اَبْقَيْتُ لَهُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔سنن ابی داؤد کتاب الزکوۃ باب الرجل یخرج من مالہ، فی رخصۃ فی ذالک۔

۔جامع ترمذی ابواب المناقب باب فی مناقب ابی بکر وعمر کلیھما۔

۔سنن الدارمی کتاب الزکوۃ باب الرجل یتصدق بجمیع ماعندہ۔

۔مسند عبد بن حمید صفحہ نمبر 7۔

۔السنۃ ابن ابی عاصم صفحہ نمبر 285۔(دار ابن حزم)

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 414۔

۔شرح مذاہب اہل السنۃ (امام ابن شاہین) فضیلۃ ابی بکر حدیث نمبر 112۔

۔فضائل خلفاء الراشدین (امام ابونعیم) حدیث نمبر 47۔

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 67۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 181۔

۔اتحاف السادۃ المتقین (زبیدی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 103+ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 252۔

۔المختارہ (ضیاء مقدسی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 174۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 591۔

۔مشکوۃ شریف (خطیب بغدادی) صفحہ نمبر 556۔

۔اسد الغابہ (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 325۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 30 صفحہ نمبر 64۔

۔عمدۃ القاری (عینی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 422۔

۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 295۔

۔کشف الخفاء (اسماعیل بن محمد العجلونی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 641۔(المکتبۃ العصریۃ بیروت)

۔جامع الاحادیث (سیوطی) 28261۔

۔تاریخ الخلفاء (سیوطی) صفحہ نمبر 34۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 221۔

۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ الحشر آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر در منثور (سیوطی) تحت سورۃ البقرۃ آیۃ نمبر 271۔

۔تفسیر روح البیان (حقی) تحت سورۃ الفرقان آیۃ نمبر 67۔

ترجمہ:۔ اپنے گھر والوں کیلئے کیا چھوڑ کر آئے ہو؟۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں ان کے لئے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم چھوڑ آیا ہوں۔

﴿4﴾

دنیا کی پناہ پر نہیں، ابوبکر صدیق اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پناہ پر راضی

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اہل مکہ نے جب ستایا اور آپ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے لگے تو راستہ میں ابن دُغنہ سردار آپ کو اپنی امان دے کر واپس لے آیا تو اسے اہل مکہ نے کہا:

یہ اپنے گھر میں مخفی عبادت کرلیں اور مخفی قرأت کریں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔ چنانچہ آپ کچھ عرصہ تو ایسے ہی عبادت کرتے رہے آخر ضبط نہ ہوسکا تو بالجہر قرأت قرآن شروع کردی۔ چونکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ انتہائی رقیق القلب تھے، اس لئے دورانِ قرأت آپ سے ضبط نہ رہتا اور آپ پر رقت طاری ہوجاتی۔

Marfat.com

کفارِ مکہ کی خواتین اور ان کے بچے بھی آجاتے اور پورے انہماک سے آپ سے قرآن پاک کی سماعت شروع کر دیتے۔ کفارِ مکہ کے لئے یہ بات ناگوار تھی۔

چنانچہ انہوں نے ابن دُغنہ سے شکایت کی۔ ابن دُغنہ آپ کے پاس آیا اور کہا: آپ اس کام سے باز آجاؤ ورنہ میں اپنی امان واپس لے لوں گا۔ تو آپ نے اسے جواب دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

فَاِنِّی اَرُدُّ اِلَیْكَ جِوَارَكَ وَاَرْضٰی بِجِوَارِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔

ترجمہ:۔ میں تمہاری امان واپس کرتا ہوں اور میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی امان پر راضی ہوں۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 387۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 244۔

۔مسند اسحاق بن راہویہ حدیث نمبر 849۔ (مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ)

۔حلیۃ الاولیاء (ابُونعیم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 63۔

۔الشریعہ (آجری) حدیث نمبر 1261۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 473۔

۔الریاض النضرۃ (محب طبری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 41۔

۔مختصر ابن عساکر جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 271۔

۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 13۔

۔شرح ابن بطال باب جوار ابی بکر فی عہد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم وعقدہ۔

۔الریاض النضرۃ (محب طبری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 84۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 40۔

۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 40۔

Marfat.com

﴿5﴾

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تیرا عقیدہ ''واہ واہ''

قَالَ اَبُوْبَکْرِ الصِّدِّیْقُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

اِنِّیْ رَأَیْتُ فِیْ الْکَلَالَۃِ رَأْیاً فَاِنْ یَکُ صَوَاباً فَمِنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ،وَاِنْ یَکُ خَطَأً فَمِنِّیْ وَمِنَ الشَّیْطَانِ۔اَرَی الْکَلَالَۃَ مَا خَلَا عَنِ الْوَلَدِ وَالْوَالِدِ فَأَتَّبَعَہُ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَلٰی رَأْیِہٖ وَقَالَ:

لَا اَرْضٰی مِنْ نَفْسِیْ۔ اِنِّیْ اُنْسَبُ اِلٰی مُخَالِفَۃِ اَبِیْ بَکْرٍرَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ۔

۔المبسوط (سرخسی) کتاب الفرائض باب الاخوۃ والاخوات جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 560۔

ترجمہ:۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے کلالہ کے بارے میں غور وفکر کیا ہے، اگر تو وہ درست ہے تو وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف سے ہے۔اور اگر وہ غلط ہے تو وہ میری طرف سے اور شیطان کی طرف سے ہے۔کلالہ وہ ہے جس کا بیٹا بھی نہ ہو اور باپ بھی فوت ہو چکا ہو۔

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بھی اس مسئلہ میں حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اتباع کی اور کہا:

میں اپنے نفس سے اس بات پر راضی نہیں ہوں گا کہ میں حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مخالفت میں منسوب کیا جاؤں۔

Marfat.com

﴿6﴾

اذان کی ابتداء اور عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

عَن اِبنِ عُمَرَرَضِیَ اللّٰہُ عَنہُمَا اَنَّ بِلَالًا کَانَ یَقُوْلُ:
اَوَّلُ مَااَذَّنَ اَشْہَدُ اَن لَّا اِلٰہَ اِلَّااللّٰہ۔حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ۔
فَقَالَ عُمَرُرَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ:قُلْ فِیْ اَثَرِہَا اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔
فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:قُلْ مَآ اَمَرَکَ عُمَرُرَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ۔

۔صحیح ابن خزیمہ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 188۔
۔الکامل (ابن عدی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 165۔
۔فتح الباری (ابن رجب) کتاب الصلاۃ باب بدء الاذان۔
۔نصب الرایۃ (زیلعی) باب الاذان جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 335۔
۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 39353۔
۔تاریخ الخلفاء (سیوطی) صفحہ نمبر 98۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 157۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:
بے شک جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے پہلی اذان دی اس میں اشھد ان لا الہ الا اللہ کے بعد کہا ''حی علی الصلاۃ''۔پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا:
''اشھد ان لا الہ الا اللہ'' کے بعد ''اشھد ان محمد رسول اللہ'' کہو۔پس حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ان سے فرمایا:

جس طرح عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کو حکم دیا ہے ویسا ہی کرو (یعنی اشھد ان لا الہ الا اللہ کے بعد اشھد ان محمد رسول اللہ کو اذان کا حصہ بنالو)۔

(سبحان اللہ عشق فاروق اعظم سبحان اللہ)

﴿7﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا غضب میری توبہ

عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابَ اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ بِنُسْخَۃٍ مِنَ التَّوْرَاۃِ۔

فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ: ھٰذِہٖ نُسْخَۃٌ مِنَ التَّوْرَاۃِ۔

فَسَکَتَ۔ فَجَعَلَ یَقْرَأُ وَوَجْہُ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ یَتَغَیَّرُ۔

فَقَالَ اَبُوْ بَکْرٍ: ثَکِلَتْکَ الثَّوَاکِلُ،أَ مَا تَرٰی مَا بِوَجْہِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ؟۔

فَنَظَرَ عُمَرُ اِلٰی وَجْہِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ

فَقَالَ:اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ وَمِنْ غَضَبِ رَسُوْلِہٖ، رَضِیْنَا بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا۔

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :وَالَّذِیْ نَفْسُ مَحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَوْ بَدَاَ لَکُمْ مُوْسٰی فَاتَّبَعْتُمُوْہُ وَتَرَکْتُمُوْنِیْ لَضَلَلْتُمْ عَنْ سَوَاءِ السَّبِیْلِ،وَلَوْ کَانَ حَیًّاوَاَدْرَکَ نُبُوَّتِیْ لَاتَّبَعَنِیْ۔

۔سنن الدارمی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 126۔

Marfat.com

۔مشکوٰۃ شریف (خطیب بغدادی) باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ صفحہ نمبر 32۔

۔مرقاۃ (ملا علی قاری) شرح مشکوٰۃ باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ۔

۔الکتاب عمر بن الخطاب (عبدالرحمٰن احمد البکری) صفحہ نمبر 54۔

ترجمہ:۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس تورات کا ایک نسخہ لے کر آئے اور عرض کیا کہ حضور یہ تورات کا نسخہ ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم خاموش رہے۔

پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پڑھنا شروع کر دیا جب کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے چہرۂ مبارکہ کا رنگ متغیر ہونے لگا۔ چنانچہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا:

بچے گم کرنے والیاں تجھے گم کریں کیا تم حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا چہرہ بدلتا نہیں دیکھ رہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے چہرہ کی طرف دیکھا تو فوراً کہا:

میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں ۔ہم اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہیں۔ پس حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر حضرت موسیٰ علیہ سلام بھی آجائیں اور تم مجھے چھوڑ کر ان کی پیروی کرو گے تو تم یقیناً سیدھے راستہ سے گمراہ ہو جاؤ گے ۔اور اگر حضرت موسیٰ علیہ سلام بھی زندہ ہوں اور میری نبوت کو پالیں تو وہ بھی یقیناً میری ہی پیروی کریں گے۔

﴿8﴾

آؤ تمھیں سب کچھ بتائیں جو تم پوچھنا چاہو

جب کچھ بد بخت لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے علم شریف پر اعتراض کیا تو آپ نے غضبناک حالت میں ارشاد فرمایا:

لَاتَسْأَلُوْنِیْ عَنْ شَیْءٍ اِلٰی یَوْمِ القِیٰمَةِ اِلَّا حَدَّثْتُکُمْ۔

ترجمہ:۔ قیامت تک کیلئے جو بھی سوال کروگے میں تمہیں اس کا جواب دوں گا۔

کچھ لوگوں نے جوابات مانگے آپ نے عطا فرمائے یہاں تک کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ عرض گزار ہوئے:

رَضِیْنَا بِاللّٰهِ رَبّاً وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِیّاً۔ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِهٖ ﷺ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 107۔

۔المعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 129۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 20۔

۔تہذیب ابن عساکر ابن عساکر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 47۔

۔المسند الجامع (ابوالمعاطی النوری) حدیث نمبر 1197

ترجمہ:۔ ہم اللہ تعالیٰ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے، حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے غضب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔

Marfat.com

﴿9﴾

حضرت عمر فاروق مزاج شناسِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَجُلًا اَتَی النَّبِیَّ ﷺ فَقَالَ: یَا نَبِیَّ اللّٰہِ کَیْفَ تَصُوْمُ ؟۔

قَالَ: فَغَضِبَ النَّبِیُّ ﷺ فَلَمَّا رَأیٰ ذٰلِکَ عُمَرُ۔

قَالَ: رَضِیْنَا بِاللّٰہِ رَبّاً وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِیّاً۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ وَغَضَبِ رَسُوْلِہٖ ﷺ۔ وَجَعَلَ یُرَدِّدُھَا حَتّٰی سَکَنَ مِنْ غَضَبِ النَّبِیِّ ﷺ۔

صحیح مسلم کتاب الصیام باب استحباب ثلاثۃ ایام من کل شھر الخ۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 186۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 286۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 387۔

۔مشکوٰۃ شریف (خطیب بغدادی) صفحہ نمبر 179۔ کتاب الصوم باب القضاء۔

۔جامع الاصول (ابن ثیر جزری) جلد نمبر 6 حدیث نمبر 4481۔

۔مخرج ابی عوانہ کتاب مبدأ الصیام ذکر الاخبار الدالۃ علی حظر صوم الدھر وابطال فضیلتہ۔

۔السنن الصغیر (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 375۔

۔الریاض النضرہ (محب طبری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 279۔

۔ارواء الغلیل (البانی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 10۔ المکتب الاسلامی بیروت۔

ترجمہ:۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس آیا اور آ کر (بے ادبی سے) پوچھنے لگا

Marfat.com

آپ کے روزے کیسے ہوتے ہیں؟۔

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اس پر ناراضگی ہوئی۔ جیسے ہی حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف حضرت عمر فاروق رضی اللہ کی نظر اٹھی تو انہوں نے یہ کہنا شروع کر دیا:

''ہم اللہ تعالیٰ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے، حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے غضب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں'' حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ یہ کہتے رہے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا غصہ مبارک ٹھنڈا پڑ گیا۔

﴿10﴾

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ہاتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا اُمِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ كَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَسُوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ اِلٰى اَهْلِ مَكَّةَ.

قَالَ :فَبَايَعَ النَّاسُ .

قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ

" اِنَّ عُثْمَانَ فِىْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَ حَاجَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ "

ضَرَبَ بِاِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى فَكَانَتْ يَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ عُثْمَانَ خَيْرًا مِنْ اَيْدِيْهِمْ لِاَنْفُسِهِمْ .

۔سنن ترمذی ابواب المناقب باب مناقب عثمان بن عفان۔

Marfat.com

۔کتاب الاوسط (ابن منذر) حدیث نمبر 3184۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 643۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 39 صفحہ نمبر 76۔

۔الریاض النضرۃ (محب طبری) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 21۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 36044۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 29۔

۔تفسیر بحر العلوم (سمرقندی) تحت سورۃ الفتح آیت نمبر 18۔

۔زاد المسیر (ابن جوزی) تحت سورۃ الفتح آیت نمبر 1۔

۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ الفتح آیت نمبر 10۔

۔تفسیر در منثور (سیوطی) تحت سورۃ الفتح آیت نمبر 18۔

ترجمہ:۔ حضرت سیدنا انس بن مالک سے روایت ہے:

جب حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو بیعت رضوان لینے کا حکم (من جانب اللہ) ہوا تو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اہل مکہ کی طرف حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے قاصد بن کر گئے ہوئے تھے (اس دوران افواہ اٹھی کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا ہے) تو آپ نے صحابہ کرام سے قصاص عثمان رضی اللہ عنہ پر بیعت لی۔ اور بیعت کے آخر میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کی حاجت اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی حاجت میں ہیں۔ چنانچہ یہ کہتے ہوئے آپ نے اپنا ایک ہاتھ اپنے دوسرے ہاتھ پر (بیعت) کی غرض سے رکھ دیا۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ہاتھ مبارک حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے لئے دوسرے ہاتھوں سے بہتر تھا۔

Marfat.com

﴿11﴾

زبانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور شانِ عثمان غنی

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اُمَّ كُلْثُوْمٍ جَآءَ تْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ :زَوْجُ فَاطِمَةَ خَيْرٌ مِنْ زَوْجِىْ ۔

فَاسْكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَلِيًّا ثُمَّ قَالَ :

زَوْجُكَ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَيُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَاَزِيْدُكَ لَوْ قَدْ دَخَلْتِ الْجَنَّةَ فَرَأَيْتِ مَنْزِلَةً لَمْ تَرَىٰ اَحَداً مِنْ اَصْحَابِىْ يَعْلُوْهُ فِىْ مَنْزِلَتِهٖ۔

۔المعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 454۔(مکتبۃ المعارف الریاض)

۔مسند شامیین (طبرانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 99۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 39 صفحہ نمبر 48۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 88۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 38546 ۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 21+26۔(تتمہ فضائل ذی النورین عثمان)

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں:

حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی صاحبزادی آپ کے پاس حاضر ہوئیں اور عرض کیا:

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے خاوند (حضرت علی رضی اللہ عنہ) میرے خاوند (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ) سے بہتر ہیں۔حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کچھ دیر خاموش

Marfat.com

رہے پھر ارشاد فرمایا:

تیرے خاوند کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ والہ وسلم پسند کرتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو پسند کرتا ہے۔ اور مزید یہ بھی بتادوں کہ جب تم جنت میں جاؤ گی تو تم کسی کو بھی اپنے خاوند زیادہ مرتبہ والا نہیں دیکھو گی۔

﴿12﴾

خدمتِ عثمان غنی پر منافقوں کا دُکھ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشی

(ایک نفیس واقعہ)

قَالَ اَبُوْمَسْعُوْدٍ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ ﷺ فِيْ غَزْلَةٍ فَاَصَابَ النَّاسَ جَهْدٌ حَتّٰى رَأَيْتُ الْكَآبَةَ فِيْ وَجْهِ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْفَرَحَ فِيْ وُجُوْهِ الْمُنَافِقِيْنَ. فَلَمَّا ذٰلِكَ رَأٰى ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ

فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَاتَغِيْبُ الشَّمْسُ حَتّٰى يَأْتِيَكُمُ اللّٰهُ بِرِزْقٍ. فَعَلِمَ عُثْمَانُ اَنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ سَيَصْدُقَانِ. فَاشْتَرٰى عُثْمَانُ اَرْبَعَ عَشَرَ رَاحِلَةً بِمَا عَلَيْهَا مِنَ الطَّعَامِ فَوَجَّهَ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ تِسْعَةً مِنْهَا، فَلَمَّا رَأٰى ذٰلِكَ النَّبِيُّ ﷺ

قَالَ: مَاهٰذَا؟.

فَقَالُوْا: اَهْدٰى اِلَيْكَ عُثْمَانُ. فَعُرِفَ الْفَرَحُ فِيْ وَجْهِ رَسُوْلِ

Marfat.com

اللّٰهِ ﷺ وَالْكَآبَةُ فِىْ وُجُوْهِ الْمُنَافِقِيْنَ. وَرَأَيْتُ النَّبِىَّ ﷺ قَدْ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى رُئِىَ بَيَاضُ اِبْطَيْهِ ـيَدْعُوْ لِعُثْمَانَ دُعَاءً مَاسَمِعْتُهٗ دَعَا لِاَحَدٍ قَبْلَهٗ وَلَابَعْدَهَا:

اَللّٰهُمَّ اَعْطِ عُثْمَانَ ،اَللّٰهُمَّ افْعَلْ بِعُثْمَانَ۔

ـفضائل الصحابہ (احمد بن حنبل) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 288۔ (دار ابن جوزی)

ـالمعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 126۔ (مکتبۃ المعارف الریاض)

ـتاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 39 صفحہ نمبر 68۔

ـمجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 96۔

ـالخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 179۔

ـجامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 42078۔

ـکنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 19۔

ترجمہ:۔ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ تھے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو غلہ کے حوالہ کچھ پریشانی آئی یہاں تک کہ میں نے مسلمانوں کے چہروں پر تکلیف کے آثار نمایاں ہوتے دیکھے تو مسلمانوں کی اس تکلیف پر منافقین کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب یہ دیکھا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ کی قسم سورج کے غروب ہونے سے پہلے پہلے اللہ تعالیٰ تمہارے لئے رزق کا اہتمام فرما دے گا۔ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کو یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم یقیناً عنقریب سچے ہو جائیں گے (کہ اللہ تعالیٰ کہیں نہ کہیں سے انتظام فرما ہی دے گا تو کیوں نہ یہ سعادت میں ہی حاصل کرلوں)۔ چنانچہ حضرت عثمانِ غنی

Marfat.com

رضی اللہ عنہ نے اسی سوچ کے تحت چودہ اونٹ خریدے جن پر غلہ لدا ہوا تھا۔ انہوں نے ان میں سے نو اونٹ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف روانہ کر دیئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اونٹ آتے ہوئے دیکھے تو پوچھا یہ کیا ہے؟۔

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم یہ غلہ حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں ہدیہ بھیجا ہے۔ اس پر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا اور منافقین کے چہرے دکھ سے مرجھا گئے۔

(حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ راویٔ حدیث کہتے ہیں کہ) میں نے دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حضرت عثمان غنی کیلئے دعا کی خاطر دونوں ہاتھ بلند کر دیئے۔ اور اتنے بلند کئے کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی۔ آپ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے لئے وہ دعا کی کہ جو آپ کے منہ سے اس سے پہلے نہ تو کسی کے لئے سنی اور نہ اس کے بعد ہی کسی اور کے لئے سنی۔

اے اللہ عثمان رضی اللہ عنہ کو اور عطا فرما۔ اے اللہ عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ اچھا معاملہ فرما (اسی طرح آپ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے حق میں دعائیں فرماتے رہے)

نوٹ:۔ المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 17 صفحہ نمبر 249 میں چالیس اونٹوں کا ذکر ہے۔

﴿13﴾

گستاخوں کا رد کرنا سنتِ صحابہ

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی ذات مبارکہ پر ایک شخص اعتراضات لے کر آیا تو آپ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی جنگِ بدر اور بیعتِ رضوان میں شریک نہ ہونے کی وضاحت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

اِنَّ عُثْمَانَ قَدْ اِنْطَلَقَ فِیْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِهٖ۔
فَضَرَبَ لَهٗ بِسَهْمٍ ، وَلَمْ یَضْرِبْ لِاَحَدٍ غَابَ غَیْرُهٗ وَبَعَثَهٗ رَسُوْلُ
اللّٰهِ ﷺ یَوْمَ بَیْعَةِ الرِّضْوَانِ،وَهُوَیُرِیْدُ اَنْ یَدْخُلَ مَکَّةَ
فَقَالَ: اِنَّ عُثْمَانَ اِنْطَلَقَ فِیْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۔ وَاَنَا
اُبَایِعُ اللّٰهَ لَهٗ۔ فَصَفَقَ اِحْدٰی یَدَیْهِ عَلَی الْاُخْرٰی۔

۔سنن ابی داؤد کتاب الجہاد باب فی من جاء بعد الغنیمۃ لا سہم لہ۔
۔فضائل الصحابۃ (امام احمد بن حنبل) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 483۔
۔کتاب المغازی (واقدی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 93۔
۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 74۔
۔مشکل الاثار (طحاوی) (جدید) حدیث نمبر 5408۔
۔شرح معانی الاثار (طحاوی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 134۔
۔المعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر صفحہ 8 نمبر 143۔(مکتبۃ المعارف الریاض)
۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 98۔
۔الشریعہ (آجری) کتاب فضائل امیر المؤمنین عثمان بن عفان باب عذر عثمان۔
۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 39 صفحہ نمبر 263۔
۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 678۔
۔تحفۃ الاشراف (مزیؒ) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 264۔
۔تہذیب الاسماء (شرف الدین النووی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 446۔
۔الریاض النضرۃ (محب طبری) باب ذکر اختصاصہ باقامۃ یدالنبی الکریمۃ ما قام ید عثمان۔
۔زاد المعاد (ابن قیم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 93۔

ترجمہ:۔ بے شک حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی

Marfat.com

اللہ علیہ والہ وسلم کی حاجت میں گئے تھے۔اور حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ان کے لئے مالِ غنیمت میں سے حصہ بھی مقرر فرمایا تھا۔جبکہ اس جنگ میں سے غائب رہنے والے کسی بھی شخص کے لئے آپ نے مالِ غنیمت میں سے کوئی بھی حصہ نہیں مقرر نہیں کیا تھا۔حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ان کو بیعتِ رضوان والے دن بھیجا ہوا تھا کہ وہ مکہ میں داخل ہونا چاہتے تھے۔تو آپ نے ارشاد فرمایا:

وہ بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی حاجت کے لئے گئے ہیں۔اور میں عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف سے اللہ تعالیٰ کی بیعت کرتا ہوں۔یہ کہہ کر آپ نے اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر رکھ دیا۔

﴿14﴾

محبت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جس کے اندر

وہی مقدر کا ہے سکندر

جنگ خیبر کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَاُعْطِيَنَّ هٰذِهِ الرَّأْيَةَ رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ وَيُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ﷺ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ﷺ .

۔صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابہ باب فضائل علی ابن ابی طالب۔

۔صحیح بخاری کتاب الجھاد والسیر باب دعاء النبی الی الاسلام والنبوۃ الخ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 185۔

۔فضائل الصحابۃ (امام احمد بن حنبل) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 748+751+818۔

۔مسند ابن ابی شیبہ حدیث نمبر 114۔

Marfat.com

۔کتاب الایمان (ابن مندہ) صفحہ نمبر 103۔

۔کتاب السنہ (ابن ابی عاصم) صفحہ نمبر 314۔(دارابن حزم)

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 84۔

۔سنن سعید بن منصور جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 179۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 205+206+208+209+211+213۔

۔ریاض الصالحین (النووی) صفحہ نمبر 90۔

۔الشریعۃ (آجری) کتاب الایمان والتصدیق باب ذکر خلافۃ امیر المؤمنین علی بن ابی طالب۔

۔المطالب العالیۃ (عسقلانی) باب غزوۃ خیبر کتاب السیر ۃ والمغازی۔

ترجمہ:۔ میں یقیناً ایسے آدمی کو جھنڈا دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ کامیابی دے گا اور وہ شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے محبت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس سے محبت کرتے ہیں۔

(چنانچہ آپ نے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو جھنڈا عطا فرمادیا)۔

﴿15﴾

جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مولیٰ جانے وہ حضرت علی کو بھی مولیٰ مانے

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے صحابہ کرام کو ارشاد فرمایا:

مَنْ يَّكُنِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ﷺ مَوْلَاهُ فَاِنَّ هٰذَا مَوْلَاهُ يَعْنِىْ عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 357۔

۔السنۃ ابن ابی عاصم حدیث نمبر 1361۔

Marfat.com

۔مجمع الزوائد (ہثمی) جلدنمبر9 صفحہ نمبر106۔

۔الجامع الکبیر (سیوطی) حدیث نمبر2489۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر37124۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلدنمبر13 صفحہ نمبر61۔

ترجمہ:۔ جس کے اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم مولا ہوں گے یہ علی رضی اللہ عنہ بھی اس کے مولا ہوں گے۔

﴿16﴾

حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ سے دشمنی۔تصدیقی منافقت

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ:

مَا كُنَّا نَعْرِفُ الْمُنَافِقِيْنَ اِلَّا بِتَكْذِيْبِهِمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ، وَالتَّخَلُّفَ عَنِ الصَّلَوَاتِ ،وَالْبُغْضَ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

۔المستدرک (حاکم) جلدنمبر3 صفحہ نمبر129۔

۔رواہ البغدادی فی المتفق کماذکر سیوطیؒ وعلی المتقیؒ۔

۔الریاض النضرۃ (محب طبری) جلدنمبر2 صفحہ نمبر163۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر41707۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلدنمبر 13 صفحہ نمبر47۔

ترجمہ:۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: ہم منافقوں کی پہچان نہیں کرتے تھے مگر یہ کہ وہ اللہ اوراس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلاتے تھے، نمازوں سے پیچھے رہتے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھتے تھے۔

Marfat.com

﴿17﴾

حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کو حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی نصیحت

عَن ابْن عَبَّاس قَالَ:

كَانَتْ فَاطِمَةُ تُذْكَرُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَلَا يُذْكَرُ هَا اَحَدٌ اِلَّاصَدَّ عَنْهُ حَتّٰى يَئِسُوْا مِنْهَا فَلَقِيَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ عَلِيًّا فَقَالَ :

اِنِّى وَاللّٰهِ مَا اَرَى رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَحْبِسُهَا اِلَّا عَلَيْكَ.

فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ:فَلِمَ تَرَذٰلِكَ؟.فَوَاللّٰهِ مَا اَنَا بِاَحَدِ الرَّجُلَيْنِ.مَا اَنَا بِصَاحِبِ دُنْيَا يُلْتَمَسُ مَا عِنْدِىْ وَقَدْ عَلِمَ مَا لِىْ صَفْرَاءُ وَلَا بَيْضَآءُ وَمَا اَنَا بِكَافِرِ الَّذِىْ يُتَرَفَّقُ بِهَا عَنْ دِيْنِهٖ يَعْنِىْ يَتَاَلَّفُهُ بِهَا اِنِّىْ لَاَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ .

فَقَالَ سَعْدٌ فَاِنِّىْ اَعْزِمُ عَلَيْكَ لَتُفَرِجَنَّهَا عَنِّىْ فَاِنَّ لِىْ فِىْ ذٰلِكَ فَرَجًا.قَالَ: اَقُوْلُ مَاذَا ؟.

قَالَ : تَقُوْلُ:جِئْتُ خَاطِبًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ.

قَالَ : فَانْطَلَقَ عَلِيٌّ وَهُوَ ثَقِيْلٌ حَصِرٌ .

فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ : كَاَنَّ لَكَ حَاجَةً يَا عَلِيُّ؟. قَالَ: اَجَلْ جِئْتُكَ خَاطِبًا اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ .

فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم: مَرْحَبًا۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 22 صفحہ نمبر 410+ جلد نمبر 24 صفحہ نمبر 132۔

۔الاحادیث الطوال (طبرانی) صفحہ نمبر 307۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 486۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 143۔

۔سمط النجوم العوالی (عصامی) کتاب فی بیان احوالہ علیہ السلام باب فی اولادہ علیہ السلام۔

ترجمہ:۔ حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے کئی ایک لوگ رشتہ کی غرض سے حاضر ہوئے لیکن حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہر ایک کو انکار فرماتے رہے یہاں تک کہ تمام لوگ مایوس ہو گئے۔ چنانچہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی انہوں نے کہا:

اللہ کی قسم یہی معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا صرف تمہاری خاطر کسی اور سے عقد نہیں کر رہے۔

حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ تمہارا اس بارے میں کیا خیال ہے؟۔ اللہ کی قسم ان حالات میں میں دو آدمیوں میں سے ایک بھی نہیں ہوں:

نہ تو میں مالدار ہوں کہ میرے پاس سے دنیا کا مال تلاش کیا جا سکے اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم جانتے ہیں کہ میرے پاس نہ تو سونا ہے اور نہ ہی چاندی ہے۔ اور نہ ہی میں ایسا شخص ہوں جو کافر ہو اور اس کے دل کو نرم کر کے اسلام کی طرف اس کے دل میں الفت ڈالی جا سکے کہ اسی مد میں اس سے تعاون کیا جائے کیوں کہ میں تو ابتدائی مسلمانوں میں سے ہوں

Marfat.com

حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں تجھے مال کے معاملے میں یقین دلاتا ہوں کہ میری طرف سے تمہیں مکمل تعاون حاصل رہے گا۔

حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں کیا عرض کروں؟۔

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا:

آپ جا کر یہ کہنا کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا کیلئے نکاح کی غرض سے حاضر ہوا ہوں۔

چنانچہ حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ لجاتے شرماتے ہوئے آپ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اے علی لگتا ہے کہ تمہیں کوئی حاجت ہے؟۔

حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حضرت فاطمہ بنت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے نکاح کے پیغام کی غرض سے حاضر ہوا ہوں۔

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''مرحبا''

﴿18﴾

دشمن مصطفیٰ کو حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی للکار

جنگ احد میں جب کفار کی طرف سے مسلمانوں کے خلاف ابن سباع میدان میں آیا تو حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اس کو یہ کہہ کر للکارتے ہوئے نکلے:

Marfat.com

يَاابْنَ مُقَطِّعَةِ الْبُظُوْرِ اَتُحَادُّ اللّٰه وَرَسُوْلَهٗ ثُمَّ صلی اللہ علیہ وسلم شَدَّ عَلَيْهِ فَكَانَ كَأَمْسِ الذَّاهِبِ۔

۔صحیح بخاری کتاب المغازی باب قتل حمزۃ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 501۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 300۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 242۔

۔صفۃ الصفوۃ (ابن جوزی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 373۔

۔المنتظم (ابن جوزی) باب غزوۃ احد۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 248۔

۔عمدۃ القاری (عینی) کتاب المغازی باب قتل حمزۃ۔جلد نمبر 17 صفحہ نمبر 211۔

۔ذخائر العقبیٰ (احمد بن عبداللہ طبری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 177۔

۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 19۔

۔السیرۃ النبویہ (ابن کثیر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 38۔

۔تاریخ الاسلام (ذھبی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 208۔

۔سیر اعلام النبلاء (ذھبی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 178۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 41303۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (محمد بن یوسف صالحی الشامی) الباب الثالث عشر فی غزوۃ احد۔

ترجمہ:۔ حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

او عورتوں کے ختنے کرنے والی کے لڑکے تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے دشمنی کرتا ہے (یہ کہہ کر) آپ نے اس پر سخت حملہ کر دیا اور اس کو واصل جہنم کر دیا۔

Marfat.com

﴿19﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلم کا شیر کون؟

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّہٗ لَمَکْتُوْبٌ عِنْدَاللّٰہِ فِی السَّمَآءِ السَّابِعَۃِ:

حَمْزَۃُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَسَدُاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 243 حدیث نمبر 2881

۔سیرۃ ابن ہشام باب حزن الرسول علیٰ حمزۃ جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 83۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 199۔

۔فردوس الاخبار (دیلمی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 376۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 434۔

۔السیرۃ النبویۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 79۔

۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 371۔

۔الاصابۃ (عسقلانی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 291۔

۔کشف الخفاء (العجلونی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 344۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 25143+42851۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 310۔

۔عیون الاثر (ابن سید الناس) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 371۔

ترجمہ:۔ بے شک حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اللہ تعالیٰ کے ہاں ساتویں آسمان

لکھا ہوا ہے:

Marfat.com

حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلم کے شیر ہیں۔

﴿20﴾

حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلم کے شیر

اِنَّ حَمْزَةَ كَانَ يُقَاتِلُ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ ﷺ بِسَيْفَيْنِ وَيَقُوْلُ: اَنَا اَسَدُ اللّٰهِ وَاَسَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ۔

مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 384۔
المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 149۔
المعجم الصغیر (طبرانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 206۔
الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 12+17۔ (غزوہ بدر)
المستدرک (حاکم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 119۔
مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 434۔
البدایۃ والنھایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 273۔
السیرۃ النبویۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 414۔

ترجمہ:۔ حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سامنے دشمن سے دو تلواروں کے ساتھ جنگ کرتے ہوئے یہ رجز پڑھ رہے تھے:
میں اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا شیر ہوں۔

Marfat.com

﴿21﴾

حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی عظمت

آسمانوں میں شہرت

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حضرت سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت پر حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا اور اپنی پھوپھی صاحبہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو تسلی دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا کہ:

اَبْشِرَا اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّ حَمْزَةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ مَکْتُوْبٌ فِی اَهْلِ السَّمٰوٰتِ : حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَسَدُ اللّٰهِ وَاَسَدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ۔

۔کتاب المغازی (واقدی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 250۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 149۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 194۔

۔مسند الفردوس (دیلمی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 104۔

۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 40۔

۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 371۔

۔المجالسۃ وجواہر العلم (ابوبکر احمد بن مروان دینوری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 271۔

۔کشف الخفاء (العجلونی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 344 (احیاء التراث)۔

ترجمہ:۔ کہ تم دونوں کو خوشخبری ہو مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے آکر خبر دی ہے کہ آسمان والوں میں یہ لکھا ہوا ہے (مشہور ہے):

Marfat.com

حضرت سیدنا امیر حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے شیر ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے شیر ہیں۔

﴿22﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے کفار کیلئے ترجمان

قَالَتْ عَائِشَةُ فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ لِحَسَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ :

اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ لَايَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَانَافَحْتَ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔صحیح مسلم کتاب فضائل الصحابہ باب فضائل حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ۔
۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 347۔
۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 338۔
۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 238۔
۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 51۔
۔تہذیب الاثار (ابن جریر طبری) حدیث نمبر 534۔
۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 401۔
۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 176۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 148۔
۔سبل الھدیٰ والرشاد (محمد بن یوسف صالحی) باب الثالث فی امرہ۔

ترجمہ:۔ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھا نے ارشاد فرمایا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے سنا کہ آپ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے لئے ارشاد فرماتے ہیں:

جب تک تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف سے کفار کو جواب دیتے رہتے ہو اس وقت تک روح القدس یعنی حضرت جبریل علیہ السلام تمہاری مدد کرتے رہتے ہیں۔

﴿23﴾

عاشقوں کا ایمان اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اعلان

تَكَلَّمَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ:

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبّاً ، وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا ،وَبِالْقُرْاٰنِ اِمَاماً ،ثُمَّ قَالَ رَضِيْتُ لَكُمْ مَا رَضِيَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَكَرِهْتُ مَا كَرِهَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ۔

فَقَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وسلم :رَضِيْتُ مَا رَضِيَ لَهَا ابْنُ اُمِّ عَبْدٍ۔

۔اتحاف الخیرۃ المھرۃ کتاب الایمان باب ماجاء فی من قال رضیت باللہ ربا۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 319۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 33 صفحہ نمبر 120۔

۔المطالب العالیہ (عسقلانی) کتاب الفضائل باب فضل عبداللہ بن مسعود۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (محمد بن یوسف صالحی): جماع ابواب ذکر خطباءہ وشعراءہ۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے

Marfat.com

پاس (اظہارِ محبت کی) گفتگو کی۔آپ کی ثناء خوانی کی اور کہا:

میں اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر راضی ہوں، اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوں اور قرآنِ پاک کے امام ہونے پر راضی ہوں۔ پھر کہا کہ میں تمہارے لئے ہر اس چیز پر راضی ہوں جس پر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم راضی ہیں اور ہر اس چیز کو ناپسند کرتا ہوں جسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم ناپسند کریں۔ پس حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس بات پر ابن عبد (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) راضی ہیں اسی بات پر میں بھی راضی ہوں۔

﴿24﴾

میرا سب کچھ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر فدا

حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کی جب توبہ قبول ہوئی تو آپ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں آکر عرض گزار ہوئے کہ میں نے اپنے ساتھیوں کو چھوڑ دیا میں گنہگار رہوا اب توبہ کی قبولیت کے بعد اعلان کرتا ہوں کہ:

اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِی کُلِّهٖ صَدَقَةً لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ ﷺ۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 5۔صفحہ نمبر 406۔

۔مسند احمد جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 453+502۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 164۔(مؤسسۃ الرسالۃ بیروت)

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 632۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 181۔

۔تفسیر ابن جریر تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 102۔

Marfat.com

۔تفسیر بغوی تحت سورۃ الانفال آیۃ نمبر 27+سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 103۔

۔تفسیر خازن تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 102۔

۔تفسیر الکشف والبیان (ثعلبی) تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 117۔

ترجمہ:۔ میں اپنا مال اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے صدقہ کرتا ہوں

﴿25﴾

میرا سب کچھ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نام

جب حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی توبہ کی قبولیت ہوئی تو انہوں نے فرط مسرت سے اپنا تمام مال صدقہ کرنے کا اعلان کیا۔اس وقت کے منظر کا نقطۂ عروج کچھ یوں تھا کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے عرض کیا:

اِنَّ مِنْ تَوْبَتِیْ اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِیْ صَدَقَۃً اِلَی اللّٰہِ وَاِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ۔

۔صحیح بخاری کتاب المغازی باب حدیث کعب بن مالک۔

۔صحیح مسلم کتاب التوبہ باب حدیث توبہ کعب بن مالک وصاحبیہ۔

۔سنن ابوداؤد کتاب الایمان والنذور باب من نذر ان یتصدق بمالہ۔

۔سنن نسائی کتاب الایمان والنذور باب اذا اھدی مالہ علی وجہ النذر۔

۔جامع ترمذی ابواب تفسیر القرآن سورۃ توبہ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 3 صفحہ 459۔

۔سنن کبریٰ (نسائی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 139۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 19 صفحہ نمبر 46۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 118۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 180۔

۔تفسیر ابن جریر تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 118۔

۔تفسیر ابن ابی حاتم تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 118۔
۔تفسیر قرطبی تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 118۔
۔تفسیر بغوی تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 117۔
۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 118۔
۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 118۔
۔تفسیر روح البیان (حقی) تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 118۔
۔تفسیر خازن تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 118۔
۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت سورۃ التوبۃ آیۃ نمبر 118۔

ترجمہ:۔ بیشک میری توبہ (کی قبولیت کا شکرانہ) یہ ہے کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے اپنا مال خیرات کرتا ہوں۔

﴿26﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہی لوگوں کو غنی کرتے ہیں

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ایک معاملہ میں آپ نے ارشاد فرمایا

فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَا یَنْقِمُ ابْنُ جَمِیْلٍ اِلَّا اَنَّہٗ کَانَ فَقِیْراً فَاَغْنَاہُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب قول اللہ تعالیٰ وفی الرقاب والغارمین وفی سبیل اللہ۔
۔مصنف عبدرزاق جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 18۔
۔فضائل الصحابۃ (امام احمد بن حنبلؒ) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 930۔
۔سنن دارقطنی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 123۔(دارالمعرفۃ بیروت)

Marfat.com

۔شرح السنہ (بغوی) کتاب الزکوٰۃ باب تعجیل الصدقۃ۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 570۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 20918۔

ترجمہ:۔ ابن جمیل صدقہ دینے سے انکار نہیں کرتا مگر یہ کہ وہ فقیر تھا پس اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کو غنی کر دیا۔

﴿27﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم راضی سارا جگ راضی

عَنْ رَارِعٍ وَكَانَ فِیْ وَفْدِ عَبْدِالْقَیْسِ قَالَ:

لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِیْنَةَ فَجَعَلْنَا نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا فَنُقَبِّلُ یَدَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَرِجْلَهٗ۔

قَالَ وَانْتَظَرَالْمُنْذِرُالْاَشَجُّ حَتّٰی اَتٰی عَیْبَتَهٗ فَلَبِسَ ثَوْبَیْهِ۔ثُمَّ اَتَی النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم۔ فَقَالَ لَهٗ:

اِنَّ فِیْكَ خُلَّتَیْنِ یُحِبُّهُمَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اَلْحِلْمُ وَالْأَنَاةُ۔قَالَ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا اَتَخَلَّقُ بِهِمَا اَمِ اللّٰهُ جَبَلَنِیْ عَلَیْهِمَا۔ قَالَ:

بَلِ اللّٰهُ جَبَلَكَ عَلَیْهِمَا۔قَالَ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَبَلَنِیْ عَلٰی مَا یُحِبُّهُمَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔سنن ابی داود کتاب الادب باب فی قبلۃ الرجل۔

۔مسند احمد جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 206۔

۔الادب المفرد (امام بخاری) حدیث نمبر 975۔

۔المعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 133۔

۔نوادر الاصول (حکیم ترمذی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 302۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 327۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 447۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 102۔

۔احیاء العلوم (غزالی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 178۔(بیان فضیلۃ الحلم)

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 691۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 2۔

۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 47۔

ترجمہ:۔ حضرت زارع رضی اللہ عنہ جو کہ وفد عبدالقیس میں تھے انہوں نے بیان کیا:

جب ہم مدینہ منورہ میں آئے تو ہم اپنی سواریوں سے اترنے میں جلدی کرنے لگے۔ پس ہم حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ہاتھ مبارک اور پاؤں مبارک چومنے لگے۔ حضرت زارع رضی اللہ عنہ نے کہا:

حضرت مُنذر اشج کچھ ٹھہرے اور اپنے صندوق کے پاس آئے اور دو اچھے کپڑے پہنے پھر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ پس حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک تجھ میں دو ایسی خوبیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو بہت پسند ہیں۔ بردباری اور وقار۔ انہوں نے عرض کیا:

کیا یہ خوبیاں میری اختیار کردہ ہیں یا اللہ تعالیٰ نے میری فطرت میں رکھ دی ہیں تو آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تیری فطرت میں رکھی ہیں تو انہوں نے عرض کیا:

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جس نے میری فطرت میں وہ دو خوبیاں رکھ دی ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو پسند ہیں۔

﴿28﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا آزاد غم دوراں سے آزاد

بنی ثقیف کے ایک فرد نے جب حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے ابو بکرہ (یہ آپ کے ایک غلام تھے) مانگا تو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے یہ کہہ کر حوالے کرنے انکار کر دیا کہ:

هُوَ طَلِيْقُ اللّٰهِ وَطَلِيْقُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 11۔

۔مسند احمد جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 168۔

۔مشکل الاثار (طحاوی) حدیث نمبر 3624 (طبع جدید)۔

۔شرح معانی الاثار (طحاوی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 156۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 245۔

۔غایۃ المقصد (ہیثمی) کتاب العتق باب فی من فر من عبید الحرب الی المسلمین۔

۔سیر اعلام النبلاء (ذہبی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 10۔

ترجمہ:۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے آزاد کردہ ہیں۔ (لہذا یہ تمہارے حوالے نہیں کیا جا سکتا)

Marfat.com

﴿29﴾

دجالوں کیلئے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کافی

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب صحابہ کرام کو دجال کے متعلق تفصیلات سے آگاہ فرمایا تو صحابہ پریشان ہو کر رونے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ان کو تسلی دیتے ہوئے اعلان فرمایا:

اَبْشِرُوْا فَاِن یَّخْرُجْ وَاَنَابَیْنَ اَظْهَرِكُمْ فَاللّٰهُ كَافِیْكُمْ وَرَسُوْلُهٗ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 24 صفحہ نمبر 169۔
۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 437۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 135۔
۔سبل الھدیٰ والرشاد (محمد بن یوسف صالحی): جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 176۔

ترجمہ:۔ تمہیں خوشخبری ہو کہ اگر دجال میرے سامنے آیا تو پس اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم تم کو کافی ہیں۔

﴿30﴾

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت۔ صحابہ کی قسمت

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی امامہ بنت حمزہ رضی اللہ عنہما کو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا تو اس وقت ان کا کفیل بننے کیلئے کئی لوگوں نے پیشکشیں کی۔ جن میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ اور خود حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے تو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حضرت

Marfat.com

زید رضی اللہ عنہ کو مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اَنَااَحْکُمُ بَیْنَکُمْ ۔اَمَّا اَنْتَ یَازَیْدُ فَمَوْلَی اللّٰہِ وَمَوْلٰی رَسُوْلِہ صلی اللہ علیہ وسلم

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 126۔

۔کتاب المغازی (واقدی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 191۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 340۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 19 صفحہ نمبر 361۔

۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 235۔

۔السیرۃ النبویہ (ابن کثیر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 443۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 230۔

ترجمہ:۔ میں تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہوں کہ اے زید، پس تم تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے غلام ہو۔ (سبحان اللہ)

﴿31﴾

نگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بر غلامانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو اپنی حاضری کی اجازت کیلئے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ آپ نے فرمایا:

اے اسامہ رضی اللہ عنہ کیا تو جانتا ہے کہ یہ کیوں آئے ہیں۔ عرض کیا کہ نہیں۔ آپ نے فرمایا:

میں جانتا ہوں (سبحان اللہ سائل کے آنے سے پہلے ان کے دلوں کی باتوں کا بھی آپ کو اللہ نے علم عطا فرما دیا) ان کو آنے کی اجازت دے دو۔ پس دونوں آئے اور عرض کیا:

Marfat.com

یارسول اللہ صلی اللہ علیک وا لک وسلم آپ کو گھر والوں میں سے کون پیارا ہے؟
آپ نے فرمایا: فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔
عرض کیا کہ ہم آپ کے پاس ان گھر والوں کے علاوہ بھی جاننا چاہتے ہیں؟ آپ نے مزید ارشاد فرمایا:

اَحَبُّ اَهْلِیْ اِلَیَّ مَنْ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتُ عَلَیْهِ اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا۔

۔جامع ترمذی کتاب المناقب باب مناقب اسامہ۔
۔فضائل الصحابۃ (امام احمد بن حنبل) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 835۔
۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 158۔
۔احادیث المختارۃ (ضیاء مقدسی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 161۔
۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 417۔
۔مشکوٰۃ شریف (خطیب بغدادی) باب مناقب اہل البیت صفحہ نمبر 572۔
۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 579۔
کیا میں نے تم کو بھٹکا ہوا نہ پایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں میری وجہ سے ہدایت دی؟۔کیا تمہیں تنگ دست نہ پایا کہ اللہ تعالیٰ نے میری وجہ سے تمہیں غنی کر دیا؟۔کیا تم بکھرے ہوئے نہ تھے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں میری وجہ سے اکٹھا کر دیا۔

اور انصار کہتے جاتے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ہم پر سب سے بڑا احسان ہے۔آپ نے فرمایا:

جواب کیوں نہیں دیتے؟ صحابہ پھر کہنے لگے:

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا سب سے بڑا احسان ہے۔

﴿73﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر سب کچھ قربان

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

قَالَتِ الْاَنْصَارُ فَعَلْنَا وَفَعَلْنَا وَكَاَنَّهُمْ فَخَرُوْا فَقَالَ الْعَبَّاسُ:

لَنَا الْفَضْلُ عَلَيْكُمْ۔ فَبَلَغَ ذَالِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَاَتَاهُمْ مَجَالِسَهُمْ فَقَالَ:

يَامَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَلَمْ تَكُوْنُوْا اَذِلَّةً فَاَعَزَّكُمُ اللّٰهُ بِیْ؟۔
قَالُوْا بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ۔ قَالَ:
اَلَمْ تَكُوْنُوْا ضُلَّالًا فَهَدَاكُمُ اللّٰهُ بِیْ ؟ قَالُوْا؟:
بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ۔ قَالَ:
اَفَلَا تُجِيْبُوْنِیْ ؟قَالُوْا:
مَانَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ؟۔ قَالَ اَلَا تَقُوْلُوْنَ:
اَلَمْ يُخْرِجْكَ قَوْمُكَ فَآوَيْنَاكَ ؟اَوَلَمْ يُكَذِّبُوْكَ فَصَدَّقْنَاكَ؟۔
وَلَمْ يَخْذُلُوْكَ فَنَصَرْنَاكَ؟فَمَا زَالَ يَقُوْلُ حَتّٰى جَثَوْاعَلَى الرُّكَبِ
قَالُوْا:
اَمْوَالُنَا وَمَافِی اَيْدِيْنَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ ﷺ

۔تفسیر ابن جریر جلد نمبر 25 صفحہ نمبر 16+ صفحہ نمبر 30۔
۔تفسیر ابن ابی حاتم جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 3276۔
۔تفسیر کشاف (زمخشری) تحت سورۃ الشوریٰ آیۃ نمبر 23۔
۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ الشوریٰ آیۃ نمبر 23۔
۔تفسیر درمنثور (سیوطی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 299۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ انصار لگے: ہم نے یہ کیا یہ کیا گویا وہ فخر کر رہے تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرمانے لگے:

Marfat.com

ہم تم پر فضیلت رکھتے ہیں۔ یہ باتیں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم تک پہنچیں تو آپ ان کی مجلس میں گئے۔ آپ نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا تم کمزور نہیں تھے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں میری وجہ سے عزت دی؟۔ انہوں نے عرض کیا:

کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم۔ آپ نے فرمایا کیا تم گمراہ نہیں تھے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں میری وجہ سے ہدایت دی؟ انہوں نے عرض کیا:

کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم۔ آپ نے فرمایا:

جواب کیوں نہیں دیتے۔ انہوں نے عرض کیا:

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہم کیا جواب عرض کر سکتے ہیں۔ آپ نے فرمایا:

تم یہ کیوں نہیں کہتے کہ آپ کو آپ کی قوم نے نکالا ہم نے آپ کو ٹھکانہ دیا، آپ کی قو نے آپ کو جھٹلایا ہم نے آپ کی تصدیق کی، آپ کی قوم نے آپ کو تنہا کر دیا ہم نے آپ کی م کی۔ آپ یہ فرماتے رہے یہاں تک کہ وہ زانوؤں کے بل ہو گئے اور عرض کرنے لگے:

ہمارے مال اور جو کچھ ہمارے پاس ہے وہ سب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ص اللہ علیہ وسلم کا ہی ہے۔

﴿74﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم

روتی ہوئی آنکھوں کا سہارا

فتح مکہ کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اہل مکہ کے ساتھ عنایات دیکھ کر مدینہ کو فکر لاحق ہو گئی تو انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے لئے کچھ الفاظ کہہ د حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

میری زندگی اور وصال اہل مدینہ ہی کے ساتھ ہوگا۔ یہ بات سن کر ان لوگوں پر رقت طاری ہوگئی اور وہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں روتے ہوئے حاضر ہوئے

فَاَقْبَلُوْا اِلَیْهِ یَبْکُوْنَ وَیَقُوْلُوْنَ وَاللّٰهِ مَاقُلْنَا الَّذِی قُلْنَا اِلَّا الضِّنَّ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ یُصَدِّقَانِکُمْ وَیَعْذِرَانِکُمْ۔

۔صحیح مسلم کتاب الجھاد والسیر باب فتح مکہ۔

۔مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 538۔

۔فضائل الصحابۃ (امام احمد بن حنبل) باب فضائل الانصار جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 796۔

۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 404۔

۔مسند اسحاق بن راہویہ صفحہ نمبر 141۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 93۔

۔شرح معانی الاثار (طحاوی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 179۔

۔شرح السنۃ (بغوی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 644۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 56۔

۔نصب الرایۃ (زیلعی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 441۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 28۔

ترجمہ:۔ پس وہ صحابۂ کرام آپ کی طرف زار و قطار روتے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے آئے کہ اللہ تعالیٰ کی قسم جو ہم نے کہا وہ نہیں کہا مگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت میں۔ پس آپ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم تمہاری تصدیق کرتے ہیں اور تمہارا

Marfat.com

عذر قبول کرتے ہیں۔

﴿75﴾

قرآن بھی تیری شان کی جھلک ہے

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

مَنْ سَرَّهُ اَنْ یُّحِبَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ﷺ فَلْیَقْرَأْ فِی الْمُصْحَفِ

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 245۔

۔الترغیب (ابن شاہین) حدیث نمبر 191 باب مختصر من کتابی الموسوم بفضائل القران۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 408۔

۔معجم ابن مقرئی حدیث نمبر 498 باب اسم احمد۔

۔التیسیر شرح جامع الصغیر (مناوی) حروف میم۔

۔فیض القدیر (مناوی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 150۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 301۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس کو یہ بات خوش کرے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے محبت کریں تو پس اسے چاہئے کہ وہ قران پڑھے۔

Marfat.com

﴿76﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا عاشق محبّ قرآن مجید بھی ہوگا

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ:مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّعْلَمَ اَنَّهٗ يُحِبُّ اللّٰه وَرَسُوْلَه ﷺ فَلْيَنْظُرْ فَاِنْ كَانَ يُحِبُّ الْقُرْآنَ فَهُوَ يُحِبُّ اللّٰه وَرَسُوْلَهٗ ﷺ

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 132۔

۔کتاب الزہد (عبداللہ بن مبارک) حدیث نمبر 1097۔باب فضل ذکر اللہ

۔السنۃ (عبداللہ بن احمد) حدیث نمبر 95

۔مختصر قیام اللیل (مروزی) باب ثواب القراۃ باللیل حدیث نمبر 214۔

۔قوت القلوب (ابوطالب مکی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 104۔

۔امالی (ابن سمعون) حدیث نمبر 171۔

۔کتاب الآداب (بیہقی) باب من احب اللہ واحب رسولہ۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) کتاب التفسیر باب فضل القران ومن قراہ۔

۔تخریج احادیث احیاء العلوم (عراقی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 404۔کتاب اداب تلاوۃ القرآن۔

۔نزہۃ الاسماع فی مسئلۃ السماع (احمد بن رجب حنبلی) صفحہ نمبر 86۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں:

جو یہ جاننا چاہے کہ آیا اسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ سے محبت ہے؟ تو اسے چاہئے کہ وہ دیکھے کہ اگر وہ قرآن مجید سے محبت کرتا تو وہ یقیناً اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے بھی محبت کرتا

Marfat.com

﴿77﴾

جسے لوگ عاشقِ رسول کہیں وہ جنتی

عَنْ اَنَسٍ قَالَ مُرَّبِجَنَازَةٍ عَلَى النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم۔فَقَالَ:
اَثْنُوْا عَلَيْهَا فَقَالُوْا:
كَانَ مَاعَلِمْنَا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ صلی اللہ علیہ وسلم وَاَثْنَوْا عَلَيْهِ خَيْرًا
فَقَالَ:
وَجَبَتْ۔ ثُمَّ مُرَّعَلَيْهِ بِجَنَازَةٍ اُخْرٰى۔ فَقَالَ:
اَثْنُوْا عَلَيْهَا فَقَالُوْا بِئْسَ الْمَرْءُ كَانَ فِىْ دِيْنِ اللّٰهِ فَقَالَ:
وَجَبَتْ ۔اَنْتُمْ شُهَدَآءُ اللّٰهِ فِى الْاَرْضِ۔

۔جامع معمر بن راشد حدیث نمبر 271۔
۔مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 197۔
۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 450۔
۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 75۔
۔کتاب الاداب (بیہقی) صفحہ نمبر 188۔
۔شرح السنۃ (بغوی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 263۔
۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 229۔
۔المسند الجامع (ابوالمعاطی النوری) حدیث نمبر 591۔

ترجمہ:۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:
حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا آپ نے صحابۂ کرام
ارشاد فرمایا: اس کے بارے میں اپنی رائے دو۔اس پر صحابۂ کرام نے کہا:

Marfat.com

ہم اس کے بارے میں جانتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے محبت کرتا تھا اور صحابۂ کرام نے اس کے بارے میں اچھے کلمات کہے۔اس پر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

اس پر (جنت) واجب ہوگئی۔ پھر آپ کے پاس سے ایک اور جنازہ گزرا۔آپ نے ارشاد فرمایا: اس کے بارے میں اپنی رائے دو۔صحابۂ کرام نے عرض کیا:

دین کے معاملہ میں انتہائی برا شخص تھا۔آپ نے ارشاد فرمایا:

اس پر (جہنم) واجب ہوگئی۔تم لوگ زمین میں اللہ تعالیٰ کے گواہ ہو۔

﴿78﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف توبہ

40 صحابہ کا نعرہ

چالیس صحابہ کرام مسجد میں بیٹھ کر قضاء وقدر کے مسئلہ پر گفتگو کر رہے تھے تو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے آ کر ان کو سمجھایا تو انہوں نے فوراً عرض کیا کہ:

تُبْنَا اِلَی اللّٰہِ وَرَسُوْلِہ ﷺ۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 95۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 201۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 36637۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 184۔

ترجمہ:۔ ہم نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف توبہ کی۔

Marfat.com

﴿79﴾

گستاخوں سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پناہ

حضرت عاصم لیثی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد نبوی میں داخل ہوا تو میں نے دیکھا کہ صحابہ کرام کہہ رہے تھے:

نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ الخ

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 17 صفحہ نمبر 176۔

۔الآحاد والمثانی از ابن ابی عاصم حدیث نمبر 938۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 54۔

۔معرفۃ الصحابۃ (ابو نعیم) حرف العین باب ذکر عاصم۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 242 (دار الفکر)۔

۔اسد الغابہ (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 112۔

۔الاصابۃ (عسقلانی) باب العین جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 465۔

ترجمہ:۔ ہم اللہ تعالیٰ کے غضب اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے غضب سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔ میں نے پوچھا:

کیا ہوا؟ تو بتایا گیا:

ایک شخص اپنے بیٹے کا ہاتھ پکڑ کر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سامنے سے اٹھ کر چلا گیا جبکہ آپ منبر پر تشریف فرما تھے۔ آپ نے ناراضگی فرمائی تو صحابہ کرام نے یہ کلمہ پڑھا۔

Marfat.com

﴿80﴾

تیری آواز مردہ جانوں تک

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے معرکہ بدر میں قتل ہونیوالے کفار کو بدر کے کنویں میں پھینکوا دیا۔ اور اس کے تیسرے دن آپ اس کنویں پر تشریف لے گئے آپ نے ان کو مخاطب کر کے یوں کلام فرمایا:

فَجَعَلَ يُنَادِيْهِمْ بِاَسْمَآءِ هِمْ وَاَسْمَآءِ اٰبَاءِ هِمْ: يَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَّيَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ اَيَسُرُّكُمْ اَنَّكُمْ اَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ﷺ۔

۔صحیح بخاری کتاب المغازی باب قتل ابی جہل۔

۔مسند احمد جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 29۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 99۔

۔تہذیب الاثار (طبری) حدیث نمبر 165۔

۔مسند شامیین (طبرانی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 22۔

۔مسند ابی یعلیٰ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 54۔

۔شرح السنۃ (بغوی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 121۔

۔دلائل النبوۃ (ابونعیم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 478۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 92۔

۔مشکوٰۃ شریف (خطیب بغدادی) صفحہ نمبر 543۔

۔تاریخ اسلام (ذہبی) کتاب السنۃ الثانیہ باب رؤیا عاتکہ۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (محمد بن یوسف صالحی) الباب السابع غزوۃ بدر۔

۔تفسیر بغوی تحت سورۃ الاعراف آیۃ نمبر 56۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ الروم آیۃ نمبر 52۔

Marfat.com

ترجمہ:۔ آپ نے ان کو ان کے ناموں اور ان کے باپوں کے ناموں سے نداء دے کر فرمایا:

اے فلاں کے بیٹے فلاں۔اے فلاں کے بیٹے فلاں تمہارے لئے کتنا آسان تھا کہ تم نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اطاعت کی ہوتی۔

﴿81﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا عدل

ایک معترض کے سوال کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

فَمَن يَّعْدِلُ اِذَا لَمْ يَعْدِلِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔صحیح بخاری کتاب الخمس باب ماکان للنبی یعطی المؤلفۃ۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 116۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 184۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 390۔

۔عمدۃ القاری (بدرالدین عینی) کتاب الخمس باب ماکان للنبی یعطی المؤلفۃ۔

۔ریاض الصالحین (النووی) باب العصر۔

ترجمہ:۔ اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم انصاف نہ کریں گے تو کون انصاف کرے گا؟۔

﴿82﴾

گستاخ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم واجب القتل

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

مَنْ لِکَعْبِ ابْنِ الْاَشْرَفِ۔فَاِنَّہٗ قَدْاٰذَی اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ صلی اللہ علیہ وسلم
فَقَامَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَقَالَ :
اَنَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

۔صحیح بخاری کتاب الرہن باب رہن السلاح۔
۔صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب قتل کعب بن الاشرف طاغوت الیہود۔
۔سنن ابی داود کتاب الجہاد باب فی العدو یؤتی علیٰ غرۃ ویتشبہ بہم۔
۔مسند حمیدی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 526۔
۔مشکل الاثار (طحاوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 54۔
۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 434۔
۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 40۔
دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 195۔
۔شرح السنۃ (بغوی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 571۔
۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 225۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 170۔

ترجمہ:۔ آپ نے فرمایا کہ کون کعب بن اشرف کو قتل کرے گا۔ کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اذیت دی ہے۔
پس محمد بن مَسلمہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں قتل کروں گا۔
(اگرچہ وہ ان کا ماموں تھا لیکن پھر بھی انہوں نے اسے گستاخِ مصطفیٰ سمجھ کر واصلِ جہنم کر دیا۔)

Marfat.com

﴿83﴾

فیصلہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل صحابہ کرام کا

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی اَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

اَنَّ رَجُلًا اَسْلَمَ ثُمَّ تَھَوَّدَفَأَتَی مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَھَوَ عِنْدَ اَبِیْ مُوْسٰی اَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:فَقَالَ:

مَا ھٰذَا ؟۔ قَالَ:

اَسْلَمَ ثُمَّ تَھَوَّدَ۔قَالَ:

لَا اَجْلِسُ حَتّٰی اَقْتُلَہٗ قَضَاءَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ﷺ۔

۔صحیح بخاری کتاب الاحکام باب الحاکم یحکم بالقتل علیٰ من وجب علیہ الخ۔

۔صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب النہی طلب الامارۃ والحرص علیھا۔

۔سنن نسائی کتاب تحریم الدم باب الحکم فی المرتد۔

۔حدیث ابوالفضل الزہری حدیث نمبر 224۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 20 صفحہ نمبر 43۔

۔مسند رویانی حدیث نمبر 432+443۔

۔عمدۃ القاری (بدرالدین عینی) جلد نمبر 24 صفحہ نمبر 233۔

۔بلوغ المرام (عسقلانی) صفحہ نمبر 408۔

۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 136۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص مسلمان

ہوا۔ پھر یہودی ہوگیا۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ آئے تو وہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا۔ پس آپ نے فرمایا:

یہ کیا ہے؟

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ یہ مسلمان ہوا پھر یہودی ہوگیا

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے کہا:

میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے فیصلے کے مطابق اس کے قتل ہونے تک نہیں بیٹھوں گا۔

(چنانچہ اسے قتل کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ یہ یمن کا واقعہ ہے جہاں پر بارگاہ نبوت سے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ قاضی بن کر پہنچے تھے۔ جبکہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اس سے پہلے فرائض ادا فرما رہے تھے: برکاتی غفرلہ القدیر)

﴿84﴾

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی پر سب معاہدے ''ٹھاہ''

اَنَّ غَرْفَةَ بْنَ حَارِثٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کَانَتْ لَہٗ صُحْبَةٌ وَقَاتَلَ مَعَ عِکْرَمَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بْنِ اَبِیْ جَھْلٍ بِالْیَمَنِ فِی الرِّدَّةِ ۔ اَنَّہٗ مَرَّ نَصْرَانِیٌّ مِنْ اَھْلِ مِصْرَ۔ یُقَالُ لَہُ الْمَنْدَقُوْنَ ۔فَدَعَاہُ اِلَی الْاِسْلَامِ فَذَکَرَ النَّصْرَانِیُّ النَّبِیَّ ﷺ فَتَنَاوَلَہٗ فَرَفَعَ ذٰلِکَ اِلٰی عَمْرِوبْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ۔فَاَرْسَلَ اِلَیْہِ فَقَالَ:

قَدْ اَعْطَیْنَاہُ الْعَھْدَ۔فَقَالَ غَرْفَةُ:

Marfat.com

مَعَاذَ اللّٰہِ اَنْ نَکُوْنَ اَعْطَیْنٰھُمُ الْعُھُوْدَ وَالْمَوَاثِیْقَ عَلٰی اَنْ یُؤْذُوْنَا فِی اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ﷺ الخ۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 18 صفحہ نمبر 261۔

۔المعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 318 (دارالحرمین قاہرہ)۔

۔معرفۃ الصحابہ (ابونعیم اصبھانی) باب غرفہ بن حارث کندی۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) کتاب الجہاد باب ما ینقض عہد اہل الذمہ + کتاب الحدود والدیات باب فی من سب النبی

۔الثقات (ابن حبان) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 318۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 46 صفحہ نمبر 165۔

۔تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 23 صفحہ نمبر 96۔

۔اتحاف الخیرۃ المھرۃ (بوصیری) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 213۔

۔الصارم المسلول (ابن تیمیہ) صفحہ نمبر 228۔

۔المطالب العالیۃ (عسقلانی) کتاب الجہاد باب حد ردم من سب النبی ﷺ من اہل العہد

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 40858۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 212۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (محمد بن یوسف صالحی) الباب الثامن فیما اختص بہ

ترجمہ:۔ غرفہ بن حارث رضی اللہ عنہ جو کہ صحابیٔ رسول ہیں، ابوجہل کے بیٹے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ (جو کہ صحابیٔ رسول ہونے کا اعلیٰ مرتبہ پا چکے تھے) کے ساتھ مل کر رِدَّۃ (ایک جگہ کا نام) یمن میں جہاد کر رہے تھے۔ وہاں سے اہلِ مصر میں سے ایک عیسائی گزرا جس کو مندق کہا جاتا تھا۔ پس آپ نے اسے اسلام کی دعوت دی۔ اس نے جواباً حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی شان میں گستاخی کی۔ آپ نے اسے گرفتار کر لیا اور اسے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی طرف بھیج دیا۔ حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے کہا:

Marfat.com

ہم نے ان سے معاہدہ کیا ہوا ہے۔ حضرت غرفہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے کہا:

ہم اللہ کی پناہ چاہتے ہیں ان کے ساتھ ایسے کسی بھی معاہدے اور میثاق سے جو اس شرط پر ہو کہ اس میں ہمیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ذات کے بارے میں اذیت برداشت کرنی پڑے۔

(نوٹ: چنانچہ اس گستاخی کی بناء پر ان سے معاہدہ ختم کر دیا گیا نیز مذکورہ حوالہ جات میں بعض مثلاً اتحاف الخیرۃ المھرۃ اور ابن عساکر وغیرہ میں ہے کہ حضرت غرفہ بن حارث نے اسے قتل کر دیا: برکاتی غفرلہ القدیر)

﴿85﴾

رجم کرنا: فیصلۂ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہی فیصلۂ خدا ہے

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے کنوارے زانیوں کو کوڑے لگانے کا حکم بیان کرتے ہوئے فرمایا:

قَدْ قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ صلی اللہ علیہ وسلم اِنْ شَهِدَ اَرْبَعَةٌ عَلٰى بِكْرَيْنِ جُلِدَا

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 7 صفحہ 313۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 44405۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 169۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اگر چار افراد دو کنواروں پر گواہی دے دیں تو ان زانیوں کو کوڑے لگائے جائیں۔

﴿86﴾

قانونِ مصطفیٰ سے کم کوئی قانون نامنظور

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے چار سے کم افراد کی زنا کے متعلق گواہی دینے کے

بارے میں اعلان کرتے ہوئے فیصلہ سنایا:

قَضَی اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ﷺ اَنْ لَا تُقْبَلَ شَھَادَۃُ ثَلَاثٍ وَّلَا اِثْنَیْنِ وَلَاوَاحِدٍ عَلَی الزِّنَا وَ یُجْلَدُوْنَ ثَمَانِیْنَ۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 387۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 44406۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 169۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ النور آیۃ نمبر 4۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فیصلہ کر دیا ہے کہ گواہی قبول نہ کی جائے گی زنا پر تین کی نہ دو کی اور نہ ہی ایک کی۔اور ان کو اسی کوڑے لگائے جائیں گے (اگر چار سے کم ہوں)۔

﴿88,87﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم زمین کے مالک

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ:

بَیْنَمَانَحْنُ فِی الْمَسْجِدِ خَرَجَ النَّبِیُّ ﷺ فَقَالَ:

اِنْطَلِقُوْا اِلٰی یَھُوْدَ فَخَرَجْنَاحَتّٰی جِئْنَابَیْتَ الْمِدْرَاسِ فَقَالَ:

اَسْلِمُوْاتَسْلَمُوْا۔وَاعْلَمُوْااَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ۔وَاِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اُجْلِیَکُمْ مِنْ ھٰذِہِ الْاَرْضِ۔فَمَنْ یَّجِدْ مِنْکُمْ بِمَالِہٖ شَیْئًا فَلْیَبِعْہُ وَاِلَّا فَاعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ﷺ۔

۔صحیح بخاری کتاب الجھاد باب اخراج الیھود من جزیرۃ العرب۔

۔صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب اجلاَ الیہود من الحجاز۔
۔سنن ابی داوٗد کتاب الخراج والفئی والامارۃ باب کیف کان اخراج الیہود من المدینۃ ۔
۔سنن نسائی کبریٰ جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 210۔
۔مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 451۔
۔عمدۃ القاری (بدرالدین عینی) جلد نمبر 22 صفحہ نمبر 369۔
۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 3418۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 54۔
۔شرح صحیح مسلم (شیخ الحدیث علامہ محمد خاں نوری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 688۔

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا:

ہم مسجد نبوی میں تھے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے آپ نے فرمایا: یہود کی طرف چلو۔ چنانچہ جب ہم لوگ بیت المدراس میں پہنچے تو آپ نے یہودیوں سے فرمایا:

تم اسلام لے آوٗ تا کہ تم محفوظ ہو جاوٗ اور اور اچھی طرح جان لو کہ زمین اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلم کی ہے اور میں یہ چاہتا ہوں کہ تم کو اس زمین سے نکال دوں ۔پس تم میں سے جس کے پاس مال ہے اس کو فروخت کر لو۔ ورنہ یہ بات اچھی طرح جان لو کہ بیشک زمین صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلم کی ہے۔

﴿89﴾

زمین ہر حال میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ملکیت ہے

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ایک موقع پر ارشاد فرمایا:

مَوَتَانُ الاَرْضِ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ ﷺ

Marfat.com

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 6۔صفحہ نمبر 143۔
۔السنن الصغیر (بیہقی) الجزء التاسع صفحہ نمبر 551۔
۔التلخیص الحبیر (عسقلانی) کتاب احیاء الموات حدیث نمبر 1325۔
۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 24343۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 359۔

ترجمہ:۔ بے آباد زمین اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ہے

﴿90﴾

زمین کا سرسبز ہونا۔ملکیت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو ارشاد فرمایا کہ:

لَا حِمٰی اِلَّا لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔صحیح بخاری کتاب المساقاۃ باب لاحمی الا اللہ ورسولہ، کتاب الجھاد باب اھل الدارالخ
۔سنن ابی داؤد کتاب الخراج والامارۃ والفئی باب فی الارض یحمیھا الامام اوالرجل۔
۔مسند احمد جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 38۔
۔مسند امام شافعی صفحہ نمبر 381۔
۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 8۔
۔مسند طیالسی (ابوداؤد الطیالسی) صفحہ نمبر 171۔
۔الآحاد والمثانی (ابن عمرو شیبانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 169۔
۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 127۔
۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 82۔

Marfat.com

۔سنن الدار قطنی جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 130+صفحہ نمبر 131۔
۔شرح معانی الاثار (طحاوی) کتاب باب احیاء الارض المیتۃ
۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 59+جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 146+جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 78۔
۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 732۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 164۔
ترجمہ:۔ چراگاہ مقرر کرنے کا حق اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے

﴿91﴾

مالِ غنیمت کا خُمس (پانچواں حصہ) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب جنگ کیلئے لشکر روانہ فرماتے تو اس کو یہ احکامات دیتے:

اَیُّمَا قَرْیَۃٍ اَتَیْتُمُوْھَا وَاَقَمْتُمْ فِیْھَا فَسَھْمُکُمْ فِیْھَا۔وَاَیُّمَا قَرْیَۃٍ عَصَتِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ﷺ فَاِنَّ خُمُسَھَا لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ ثُمَّ ھِیَ لَکُمْ۔

۔صحیح مسلم کتاب الجھاد والسیر باب حکم الفی۔
۔سنن ابی داود کتاب الخراج باب فی ایقاف ارض السواد وارض العنوۃ۔
۔مسند احمد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 317۔
۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 115۔
۔مسند ابی عوانہ جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 243۔
۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 318۔
۔السنن الصغیر (بیہقی) الجزء الرابع عشر صفحہ نمبر 324۔
۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 9971۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 160۔

۔شرح صحیح مسلم (شیخ الحدیث علامہ محمد خاں نوری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 671۔

ترجمہ:۔ آپ نے فرمایا کہ تم جس بستی میں جاؤ اس میں ٹھہرو تو اس میں تمہارا حصہ ہے۔ جس بستی والوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی کی تو اس کے مال میں سے پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ہے باقی سارا مال غنیمت تمہارا ہے۔

﴿92﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا خمس ایک ہی ہے

حضرت عطاء رضی اللہ عنہ نے وضاحت فرمائی کہ:

خُمُسُ اللّٰهِ وَخُمُسُ الرَّسُوْلِ صلی اللہ علیہ وسلم **وَاحِدٌ۔ كَانَ النَّبِيُّ يَضَعُ ذَالِكَ الْخُمُسَ حَيْثُ اَحَبَّ وَيَصْنَعُ مَا شَآءَ وَيَحْمِلُ فِيْهِ مَنْ شَآءَ۔**

۔سنن نسائی کتاب قسم الفی۔

۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 505۔

۔سنن کبریٰ (نسائی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 46۔

۔تفسیر ابن جریر تحت سورۃ الانفال آیۃ نمبر 41۔

۔تفسیر ابن ابی حاتم تحت سورۃ الانفال آیۃ نمبر 41۔

۔تفسیر قرطبی تحت سورۃ الانفال آیۃ نمبر 41۔

۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ الانفال آیۃ نمبر 41۔

۔تفسیر درمنثور تحت سورۃ الانفال آیۃ نمبر 41۔

ترجمہ:۔ حضرت عطاء رضی اللہ عنہ نے واضح فرمایا:

Marfat.com

اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا خُمس ایک ہی ہے۔اس خُمس کو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم جہاں چاہتے رکھتے، جو چاہتے بناتے اور جسے چاہتے اسے عطا فرماتے۔

﴿93﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کسی پر زیادتی نہیں کرتے

وہ مشہور روایت کہ جب حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم شب برات کے موقع پر جنت البقیع میں تشریف لے گئے جس میں تذکرہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا شکوہ محسوس کرتے ہوئے استفہامیہ طور پر ارشاد فرمایا:

اَظَنَنْتِ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْكِ وَرَسُوْلُهٗ ﷺ۔

۔صحیح مسلم کتاب الجنائز باب فی التسلیم علی اھل القبور والدعاء والاستغفار لھم۔

۔جامع ترمذی کتاب الصوم باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان۔

۔سنن نسائی کتاب عشرۃ النساء باب الغیرۃ۔

۔سنن ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان۔

۔مسند احمد جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 238۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 571۔

۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 109۔

۔سنن کبریٰ (نسائی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 288۔

۔صحیح ابن حبان جلد 6 نمبر صفحہ نمبر 333۔

۔شرح السنۃ (بغوی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 512۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 224+ جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 155۔

ترجمہ:۔ کیا تو نے گمان کیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم تجھ پر زیادتی کریں گے۔

نوٹ:۔شب برات کی تفصیلی روایات کے لئے راقم کی کتاب ''شب برات کے دلائل وفضائل'' کا مطالعہ ضرور فرمائیں۔

﴿94﴾

گناہوں سے توبہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِیِّ ﷺ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ: اَنَّهَا اِشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِیْهَا تَصَاوِیْرُ فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَامَ عَلَی الْبَابِ فَلَمْ یَدْخُلْ فَعَرَفَتْ فِیْ وَجْهِهِ الْکَرَاهِیَةَ۔ قَالَتْ:یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ وَاِلٰی رَسُوْلِهٖ مَاذَا اَذْنَبْتُ۔

۔صحیح بخاری کتاب اللباس باب من لم یدخل بیتا فیہ صورۃ۔

۔صحیح مسلم کتاب اللباس والزینۃ باب تحریم تصویر صورۃ الحیوان وتحریم اتخاذ ما فیہ الخ

۔مؤطا امام مالک کتاب الجامع باب ما جاء فی الصور والتماثیل۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 398۔

۔مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 246۔

۔شرح معانی الاثار (طحاوی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 338۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 396۔

Marfat.com

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 796۔
۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 266۔
۔عمدۃ القاری (بدرالدین عینی) جلد نمبر 22 صفحہ نمبر 75۔
۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 389۔
۔شرح ابن بطال کتاب البیوع باب التجارۃ فی ما یکرہ لبسہ للرجال والنساء۔
۔شرح صحیح مسلم (شیخ الحدیث علامہ محمد خاں نوری) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 168۔

ترجمہ:۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

میں نے ایک تکیہ خریدا جس میں تصاویر بنی ہوئیں تھیں۔پس جب حضور صلّی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ نے اس کو دیکھا تو آپ دروازے پر ہی ٹھہر گئے۔اور داخل نہ ہوئے۔آپ کے چہرے پر ناپسندیدگی کے آثار ظاہر ہوئے۔تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم جو (نادانستگی) میں مجھ سے غلطی سرزد ہوئی اس سے میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف توبہ کرتی ہوں۔

﴿95﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایت

یتیم بچوں کی کفالت

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب حضرت سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو نکاح کا پیغام دیا تو انہوں نے اپنے بچوں کے بارے میں فکر کا اظہار کیا۔

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

وَاَمَّا الْاَطْفَالُ فَهُمْ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صلی اللہ علیہ وسلم۔

Marfat.com

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 23 صفحہ نمبر 248،406۔

۔مسند احمد جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 321۔

۔سنن کبریٰ (نسائی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 293۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 72۔

۔مسند الحارث کتاب المناقب باب فضل ام سلمۃ رضی اللہ عنہا حدیث نمبر 990۔

۔حدیث خیثمۃ صفحہ نمبر 189۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 34 صفحہ 369۔

۔المطالب العالیۃ (عسقلانی) کتاب المناقب باب ذکر ام سلمۃ رضی اللہ عنہا۔

۔الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ (عسقلانی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 406۔

ترجمہ: جہاں تک بچوں کی بات ہے تو وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سپرد ہیں

﴿97,96﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلم کو اختیار کرنا ہی اصل انتخاب ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت ریحانہ بنت زید رضی اللہ عنہا سے پوچھا

اِن اخْتَرْتِ اللّٰہ وَرَسُوْلَہٗ اَخْتَارَکِ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لِنَفْسِہٖ۔

فَقُلْتُ :اِنِّی اَخْتَرْتُ اللّٰہ وَرَسُوْلَہٗ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 8۔صفحہ نمبر 103۔

۔السیرۃ النبویۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 605۔

۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 306۔

Marfat.com

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اگر تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اختیار کرلو تو اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم تمہیں اپنے لئے اختیار کرلیں گے؟۔

حضرت ریحانہ بنت زید رضی اللہ عنہا نے عرض کیا:

میں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اختیار کیا۔

﴿98﴾

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان پر مہربان

اُمَیْمَۃُ بِنْتُ رُقَیْقَۃَ تَقُوْلُ:

بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ فِیْ نِسْوَۃٍ فَقَالَ:

لَنَا فِیْمَا اِسْتَطَعْتُنَّ وَاَطَقْتُنَّ ۔ قُلْتُ:

اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ﷺ اَرْحَمُنَا بِنَا وَبِاَنْفُسِنَا ۔

۔جامع ترمذی کتاب السیر باب ماجاء فی بیعۃ النساء۔

۔سنن نسائی کتاب البیعۃ باب بیعۃ النساء۔

۔مؤطا امام مالک کتاب البیعۃ باب ماجاء فی البیعۃ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 357۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 7۔

۔سنن کبریٰ (نسائی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 488۔

۔سنن الدارقطنی جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 70۔

Marfat.com

۔مسند اسحاق بن راہویہ جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 89۔(مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ)

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 148۔

۔اسد الغابۃ (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 25۔

۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 255۔

۔موارد الظمآن (ہیثمی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 34۔

۔مرقاۃ شرح مشکوٰۃ (ملا علی قاری) باب الصلح۔

۔تفسیر طبری تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 12۔

ترجمہ:۔ حضرت امیمہ بنت رقیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے عورتوں میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بیعت کی۔تو آپ نے ارشاد فرمایا:

تم میں جن کاموں کی جس قدر قوت وطاقت ہو وہ کرلیا کرو۔امیمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں تو میں نے عرض کیا:

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہماری جانوں سے بھی زیادہ ہم پر مہربان ہیں

﴿99﴾

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے سارا مال حاضر

ایک صحابیہ اپنی بیٹی کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس حال میں کہ اس کی بیٹی نے دو سونے کے کنگن پہنے ہوئے تھے۔آپ نے فرمایا:

کیا اس کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو؟۔

اس نے عرض کیا: نہیں۔

آپ نے فرمایا: کیا تم پسند کرتی ہو کہ تمہیں قیامت کو آگ سے بنے ہوئے کنگن پہنائے جائیں۔

پس انہوں نے کنگن اتار کر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے عرض کیا:

هُمَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ ﷺ

۔سنن ابی داود کتاب الزکوۃ باب الکنز ماھوزکوۃ الحلی۔
۔سنن نسائی کتاب الزکوۃ باب باب ماجاءزکوۃ الحلی۔
۔سنن کبریٰ (نسائی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 20۔
۔سنن الدار قطنی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 84۔
۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 140۔
۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 608۔
۔عمدۃ القاری (بدرالدین عینی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 48۔
۔مرقاۃ شرح مشکوۃ (علامہ علی قاری) کتاب الزکوۃ باب ماتجب فیہ الزکوۃ۔
۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 44945۔
۔تحفۃ الاحوذی شرح جامع ترمذی (مبارکپوری) کتاب الزکوۃ باب ماجاءفی زکوۃ الحلی۔
ترجمہ:۔ یہ دونوں کنگن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ہیں

﴿100﴾

ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت

سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ:
كَيْفَ كَانَ اِمْتِحَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ النِّسَآءَ ؟.
قَالَ كَانَ يَمْتَحِنُهُنَّ: بِاللّٰهِ مَاخَرَجْتُ مِنْ بُغْضِ زَوْجٍ وَبِاللّٰهِ مَا خَرَجْتُ رَغْبَةً عَنْ اَرْضٍ اِلٰى اَرْضٍ وَبِاللّٰهِ مَاخَرَجْتُ اِلْتِمَاسَ

Marfat.com

دُنیَا وَباللّٰہِ مَا خَرَجَتْ اِلَّا حُبًّا لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

۔تفسیر طبری تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔جامع ترمذی کتاب التفسیر سورۃ الممتحنۃ۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 127۔

۔بغیۃ الحارث حدیث نمبر 721۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر صفحہ 7 نمبر 263 (دارالفکر)۔

۔فتح الباری (عسقلانی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 425۔

۔المطالب العالیۃ (عسقلانی) کتاب التفسیر سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر ابن ابی حاتم تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر الکشف والبیان (ثعلبی) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر النکت والعیون (الماوردی) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر الکشاف (زمخشری) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر زادالمسیر (ابن جوزی) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر کبیر (رازی) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر البحر المحیط (محمد بن یوسف بن حیان) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر ابوالسعود تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر فتح القدیر (شوکانی) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت سورۃ الممتحنۃ آیۃ نمبر 10۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے آنے والی عورتوں کا کیسے امتحان لیا کرتے تھے

Marfat.com

آپ نے بتایا: حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ان عورتوں کا امتحان ایسے لیا کرتے تھے کہ وہ کہیں کہ اللہ تعالیٰ کی قسم وہ اپنے خاوند سے ناراض ہو کر نہیں نکلی، اللہ تعالیٰ کی قسم ایک جگہ سے دوسری جگہ کی محبت میں نہیں نکلی، اللہ تعالیٰ کی قسم وہ دنیا حاصل کرنے کی غرض سے نہیں نکلی اور اللہ تعالیٰ کی قسم وہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت میں آئی ہیں۔

احادیث مبارکہ جن میں اللہ تعالیٰ
اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کا نام مبارک اکٹھا استعمال ہوا ہے وہ باب ختم ہوا

تجھے یکتا نے یکتا بنا کر عیاں کر رکھا ہے
بے خبر زمانہ تیرے جلوہ کی اک جھلک دیکھے
تیری اسی اک شان کو زمانہ نہ جان سکا
محروم بصیرت کو کیا نظر آئے کہ وہ جھلک دیکھے

برکاتی

Marfat.com

باب نمبر 4

محبوبانِ خدا کائنات میں اللہ تعالیٰ کے مرکز التفات

اِنِّی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً کے تحت اللہ تعالیٰ نے انسان کو کائنات میں اپنا نائب اور خلیفہ مقرر کیا ہے اور اسی وجہ سے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا۔ اور اپنی ہر قسم کی مخلوق کے دل میں حضرت انسان کا رعب و دبدبہ اور عزت ڈال دی۔ اگر ایسی صورت حال نہ ہوتی تو انسان ایک معمولی جانور تک کا بھی مقابلہ کرنے سے بھی قاصر ہوتا ہے۔ اب حقیقت حال یہ ہے کہ اگر ایک بچہ بھی کسی بھینس، گھوڑے یا گدھے کے گلے میں رسی ڈال کر چلے تو یہ جانور بلا چون و چراں اس کے پیچھے غلامانہ انداز میں چلتے نظر آتے ہیں اب یہ تو عام انسان کی بات ہے چاہے وہ مسلمان ہو یا مشرک، ہندو ہو یا سکھ، یہودی ہو یا عیسائی۔ بطور ابن آدم وہ ان تمام عزتوں کا حقدار قرار پایا اور یہ وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ آدَمَ کی عملی صورت ہے۔ یہ اعزاز تو من جانب اللہ ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے یہ تمام نظام قائم کیا ہے۔ اب انسان کو کچھ امور تفویض فرما کر ان کا مکلف بنایا گیا ہے۔ تو جو انسان ان امور کی جتنی زیادہ پابندی کرے گا اتنا ہی وہ مقرب الی اللہ ہوتا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو کچھ اپنے حقوق ادا کرنے کا حکم فرمایا ہے اور کچھ اپنی مخلوق کے حقوق ادا کرنے کا پابند بنایا۔ جو انسان جس قدر اپنے منصب انسانیت کی پاسداری کرے گا اتنا ہی وہ کامل اور اکمل ہوتا چلا جائے گا۔ عام انسان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت اور احکامات کی بجا آوری کا حکم فرمایا ہے جب عام انسان ان چیزوں کو اپناتا ہے تبھی وہ افضلیت کا سفر شروع کرتا ہے۔ اب یہ تو عام حالات ہیں۔

لیکن اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے کچھ ایسی بھی ہستیوں کا انتخاب کر کے ان کو

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ آدَمَ کے عموم سے بھی مزید اعلیٰ مرتبہ بخشا ہے۔ وہ ہستیاں انتخابِ باری تعالیٰ ہیں۔ لہٰذا ان کے مقام و مرتبہ پر کسی بھی عام شخص کی قیل وقال یا لیت ولعل کی کوئی حیثیت ہے اور نہ ہی اس کی ضرورت۔

اب جیسے اللہ تعالیٰ نے انسان کو دیگر مخلوقات میں افضلیت عطا فرمائی تو فرشتوں اور جنوں سے لے کر کسی بھی مخلوق کو اس پر اعتراض کرنے کا حق نہیں دیا اور اگر کوئی اعتراض کرے تو اس کو رجیم و مردود بنا کر قیامت تک ملعون قرار دے دیا۔ تو اب اسی طرح جن ہستیوں کو اللہ تعالیٰ نے منتخب فرمالیا اب ویسے ہی عام انسانوں کو بھی اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں دیا اور اگر کوئی اعتراض کرے تو اس کے ساتھ بھی ویسا ہی سلوک ہوگا جیسا ان کے سرغنہ رجیم و مردود کے ساتھ ہو چکا اور ابھی مزید ہوگا، اللہ تعالیٰ فہم مستقیم نصیب فرمائے۔

قارئین کرام اس دور میں جہاں اسلام پر نت نئے انداز میں دشمنانِ اسلام حملے کر رہے ہیں اور اسلام کو غلط ثابت کرنے کی سعیٔ لا حاصل کی جا رہی ہے وہیں کلمہ پڑھنے والوں کو بھی دین کے معاملات ایک دوسرے کو غلط اور ناجائز ثابت کرنے کے لئے ہر قسم کے وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں تحریر و تقریر کی کوئی بھی ایسی قسم نہیں چھوڑی گئی جس کی مدد سے فریق مخالف کو کافر ثابت نہ کیا جا رہا ہو۔

آج کل پورے ملک میں ایک مسئلہ بہت ہی منظم انداز میں چلا کر دنیا بھر کے کروڑوں مسلمانوں کو کافر کرنے کی بھرپور کوششیں کی جا رہی ہیں اور وہ بھی اسلام کے نام پر۔ اور نہ معلوم یہ طوفان کب جا کر تھمے گا۔ بعض دفعہ تو ایسی مضحکہ خیز صورت حال سامنے آتی ہے کہ انسان سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ ایسے لوگ واقعی انسانی عقل تو درکنار عام جانوروں جیسا بھی شعور نہیں رکھتے جبکہ ایسے لوگوں کو علامۃ الدھر اور مناظر اسلام جیسے القاب دیئے جا رہے ہوتے ہیں۔

Marfat.com

قارئین کرام !اگر آپ اپنے گردو پیش میں غور کریں گے تو آپ کو بیسیوں کی تعداد میں نہیں بلکہ سینکڑوں ہزاروں کاروباری لوگ ملیں گے جو اپنے سوا ہر ایک کو کافر اور مشرک کہیں گے اور خود بڑے ہی زور شور سے وہی کام کرتے نظر آئیں گے خدا جانے ایسے عاری لوگوں کو تحریر و تقریر کے ساتھ دیگر افراد پر زیادتی کرنے کی اجازت کہاں سے مل گئی ہے۔ بہر حال ہم انسان کی نیابت اور مقام و مرتبہ کی بات کو قرآن و سنت سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں تا کہ اپنے دین کی اچھی طرح حفاظت کی جا سکے۔ اور جہلاء کے اعتراضات **هَبَآءً مَّنْثُوْرًا** ہی نظر آئیں۔

ہمارے پاس سب سے مضبوط دلیل قرآن پاک کی صورت میں موجود ہے۔ لہٰذا ہم قرآن پاک ہی کو دیکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبان کو کس کس درجہ سے نوازا ہے۔

ذیل میں وہ آیات پیش کی جا رہی ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے اپنی بعض صفات بیان کی ہیں اور محض اپنے فضل و کرم سے اپنی صفات کے دنیا میں ظہور کے لئے اپنے محبوبان کے ذریعے سے ظاہر کرنے کے لئے وہی انداز اپنایا ہے۔

اس سے خدانخواستہ کہیں یہ نہ سمجھا جائے کہ مخلوق اللہ تعالیٰ کی صفات میں شریک ہے بلکہ یہ واضح ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اپنی صفات کو ظاہر کرنے کے لئے اپنے محبوبان کو ہی مرکز بناتا ہے اور انہیں کو ہی مظہر بنا کر اپنی اہم صفات کا ظہور فرماتا ہے۔ لہذا یہ ہستیاں شریک باری تعالیٰ نہیں ہیں بلکہ مظہر صفات باری تعالیٰ ہیں۔ اس لئے ان سے محبت و عقیدت ظاہر کرنا شرک نہیں ہے بلکہ محبوبان خدا تعالیٰ کی حیثیت میں دراصل خود ذات خدا سے ہی محبت کرنا ہے۔ اب ہم اپنی ان باتوں کی تائید آیات قرآنیہ کی صورت میں پیش کرتے ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے وہی الفاظ استعمال فرمائے ہیں اور پھر وہی الفاظ اللہ

تعالیٰ نے اپنے محبوبؐ کیلئے بھی استعمال فرمائے ہیں۔ ہماری یہ کاوش قارئین کے سامنے اسی لئے ہے تاکہ اس کو پڑھ کر ایک تو لایعنی شکوک وشبہات کا خاتمہ ہو جائے اور دوسرا یہ کہ جہالت کے خاتمہ میں بھی کچھ معاونت ہو سکے، اور اسلام کی حقیقی تعلیمات بھی سامنے آسکیں۔

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محبّ میں نہیں میرا تیرا

نہ بن منکر کمالاتِ محبوبانِ خدا کا
یہ چہرہ ان کا ہے کمال خدا کا ہے
دیکھ جلوۂ قدرتِ خدا اے لوگو
یہ کرم اِن کا ہے جمال خدا کا ہے

برکاتی

Marfat.com

وہ اسماء الحسنیٰ جو اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے استعمال فرمائے
پھر وہی اسماء اپنے محبوبان کے لیے استعمال فرمائے

﴿1﴾

ملک

اللہ تعالیٰ ملک یعنی بادشاہ ہے

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ

پارہ نمبر 28 سورۃ الحشر آیت نمبر 23

اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت طالوت علیہ السلام بھی ملک یعنی بادشاہ ہیں

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا

پارہ نمبر 2 سورۃ البقرہ آیت نمبر 247

﴿2﴾

مومن

اللہ تعالیٰ مومن ہے

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ

پارہ نمبر 28 سورۃ الحشر آیت نمبر 23

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی مومن ہیں

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً.

Marfat.com

پارہ نمبر 14 سورۃ النحل آیت نمبر 97

نوٹ: قرآن پاک کے چوبیسویں پارہ میں ایک سورۃ کا نام بھی سورۃ مومن ہے

﴿4-3﴾

سمیع۔بصیر

اللہ تعالیٰ سمیع بھی ہے بصیر بھی ہے

أَن اللّٰه هُوَالسَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ

پارہ نمبر 24 سورۃ المؤمن آیت نمبر 20

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی سمیع ہیں اور بصیر بھی ہیں

فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا

پارہ نمبر 29 سورۃ الدھر آیت نمبر 2

﴿5﴾

حلیم

اللہ تعالیٰ حلیم ہے

وَاللّٰه غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ○

پارہ نمبر 2 سورۃ البقرہ آیت نمبر 225

اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت اسماعیل علیہ السلام بھی حلیم ہیں

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ○

پارہ نمبر 23 سورۃ الصافات آیت نمبر 101

Marfat.com

﴿7-6﴾

حفیظ۔علیم

اللہ تعالیٰ حفیظ ہے

اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ○

پارہ نمبر 12 سورۃ ہود آیت نمبر 57

اللہ تعالیٰ علیم ہے

وَ اللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ○

پارۃ نمبر 2 سورۃ البقرہ آیت نمبر 247

حضرت یوسف علیہ السلام حفیظ بھی ہیں علیم بھی ہیں

اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ○

پارہ نمبر 13 سورۃ یوسف آیت نمبر 55

﴿8﴾

شکور

اللہ تعالیٰ شکور ہے

اِنَّہٗ غَفُوْرٌ شَکُوْرٌ ○

پارہ نمبر 22 سورۃ فاطر آیت نمبر 30

حضرت نوح علیہ السلام بھی شکور ہیں

اِنَّہٗ کَانَ عَبْدًا شَکُوْرًا

پارہ نمبر 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر

Marfat.com

﴿9﴾

شاکر

اللہ تعالیٰ شاکر ہے

فَاِنَّ اللّٰہَ شَاکِرٌ عَلِیْمٌ○

پارہ نمبر 2 سورۃ البقرہ آیت نمبر 158

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی شاکر ہیں

اِنَّا ھَدَیْنٰہُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاکِرًا وَّاِمَّا کَفُوْرًا

پارہ نمبر 29 سورۃ الدہر آیت نمبر 3

﴿10﴾

کبیر

اللہ تعالیٰ کبیر ہے

وَاَنَّ اللّٰہَ ھُوَالْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ○

پارہ نمبر 17 سورۃ الحج آیت نمبر 62

اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت شعیب علیہ السلام بھی کبیر ہیں

وَاَبُوْنَا شَیْخٌ کَبِیْرٌ○

پارہ نمبر 20 سورۃ القصص آیت نمبر 23

﴿11﴾

مالک

اللہ تعالیٰ مالک ہے

Marfat.com

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ○

پارہ نمبر 1 سورۃ الفاتحہ آیت نمبر 3

اللہ تعالیٰ کے فرشتے بھی مالک ہیں

وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ

پارہ نمبر 25 سورۃ الزخرف آیت نمبر 77

﴿12﴾

حسیب

اللہ تعالیٰ حسیب ہے

وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ؕ

پارہ نمبر 4 سورۃ النساء آیت نمبر 6

انسانی نفس بھی حسیب ہے

اِقْرَأْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا○

پارہ نمبر 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 14

﴿13﴾

الکبریاء

اللہ تعالیٰ کے لئے کبریائی ہے

وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

پارہ نمبر 25 سورۃ الجاثیہ آیت نمبر 37

حضرت موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کے لئے بھی کبریائی ہے

Marfat.com

وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ

پارہ نمبر 11 سورہ یونس آیت نمبر 78

﴿14﴾

رقیب

اللہ تعالیٰ رقیب یعنی نگران ہے

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا۝

پارہ نمبر 4 سورۃ النساء آیت نمبر 1

اللہ تعالیٰ کے فرشتے بھی رقیب یعنی نگران ہیں

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ۝

پارہ نمبر 26 سورۃ ق آیت نمبر 18

﴿15﴾

حکیم

اللہ تعالیٰ حکیم ہے

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

پارہ نمبر 2 سورۃ البقرہ آیت نمبر 220

قرآن پاک بھی حکیم ہے

يٰسٓ۝ وَ الْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ ۝

پارہ نمبر 22 سورۃ یٰسین آیت نمبر 2

Marfat.com

﴿16﴾

مجید

اللہ تعالیٰ مجید ہے

اِنَّہٗ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ○

پارہ نمبر 12 سورۃ ھود آیت نمبر 73

قرآن بھی مجید ہے

بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ

پارہ نمبر 30 سورۃ البروج آیت نمبر 21

﴿17﴾

قوی

اللہ تعالیٰ قوی ہے

اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ○

پارہ نمبر 28 سورۃ المجادلہ آیت نمبر 21

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی قوی ہیں (خواہ جنوں میں سے ہوں)

وَاِنِّیْ عَلَیْہِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ○

پارہ نمبر 19 سورۃ النمل آیت 39

﴿18﴾

حافظ (محافظ)

اللہ تعالیٰ حافظ (محافظ) ہے

Marfat.com

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَاَرْحَمُ الرّٰاحِمِیْنَ○

پارہ نمبر 13 سورۃ یوسف آیت نمبر 64

اللہ تعالیٰ کے فرشتے بھی حافظ (محافظ) ہیں

وَاِنَّ عَلَیْکُمْ لَحٰفِظِیْنَ ○کِرَاماً کَاتِبِیْنَ○

پارہ نمبر 30 سورۃ الانفطار آیت نمبر 10

﴿19﴾

اکرم

اللہ تعالیٰ اکرم (بہت زیادہ عزت والا) ہے

اِقْرَأْ وَ رَبُّکَ الْاَکْرَمُ

پارہ نمبر 30 سورۃ العلق آیت نمبر 3

اللہ تعالیٰ کے متقی بندے اکرم (زیادہ عزت والے) ہیں

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ۔

پارہ نمبر 26 سورۃ الحجرات آیت نمبر 13

﴿20﴾

اعلیٰ

اللہ تعالیٰ اعلیٰ ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی○

پارہ نمبر 30 سورۃ الاعلیٰ آیت نمبر 1

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی اعلیٰ ہیں

Marfat.com

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰیo

پارہ نمبر 16 سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 68

﴿21﴾

مولیٰ

اللہ تعالیٰ مولیٰ ہے

فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ

پارہ نمبر 28 سورۃ التحریم آیت نمبر 4

اللہ تعالیٰ کے بندے جبریل اور صالح مومن بھی مولیٰ ہیں

فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ

پارہ نمبر 28 سورۃ التحریم آیت نمبر 4

﴿22﴾

نصیر

اللہ تعالیٰ نصیر ہے

وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًاo

پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 45

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی نصیر ہیں

وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًاo

پارہ نمبر 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 80

Marfat.com

﴿23﴾

غالب

اللہ تعالیٰ غالب ہے

وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ

پارہ نمبر 12 سورۃ یوسف آیت نمبر 21

اللہ تعالیٰ کی جماعت بھی غالب ہے

فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰہِ ھُمُ الْغَالِبُوْنَ○

پارہ نمبر 6 سورۃ المائدہ آیت نمبر 56

﴿24﴾

وارث

اللہ تعالیٰ وارث ہے

وَاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ○

پارہ نمبر 17 سورۃ الانبیاء آیت نمبر 89

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی وارث ہیں

اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْوَارِثُوْنَ○

پارہ نمبر 18 سورۃ المؤمنون آیت نمبر 10

﴿25﴾

صادق

اللہ تعالیٰ صادق ہے

Marfat.com

ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ○

پارہ نمبر 8 سورۃ الانعام آیت نمبر 146

حضرت اسماعیل علیہ السلام بھی صادق ہیں

اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ○

پارہ نمبر 16 سورۃ مریم آیت نمبر 53،54

﴿26﴾

منذر

اللہ تعالیٰ منذر یعنی ڈر سنانے والا ہے

اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ○

پارہ نمبر 25 سورۃ الدخان آیت نمبر 3

اللہ تعالیٰ کے نبی بھی منذر یعنی ڈر سنانے والے ہیں

فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ

پارہ نمبر 2 سورۃ البقرہ آیت نمبر 213

﴿27﴾

وکیل

اللہ تعالیٰ وکیل ہے

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا○

پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 81

حضرت عزرائیل علیہ السلام بھی وکیل ہیں

Marfat.com

قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِىْ وُكِّلَ بِكُمْ

پارہ نمبر 21 سورۃ السجدہ آیت نمبر 11

نوٹ: ہر ملک میں لوگوں کے عدالتوں میں کیسز لڑنے والے بھی وکیل ہوتے ہیں۔

﴿28﴾

حکم

اللہ تعالیٰ حکم (جج) ہے

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِىْ حَكَمًا ۝

پارہ نمبر 8 سورۃ الانعام آیت نمبر 114

اللہ تعالیٰ کے بندے حکم یعنی جج ہیں

حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا

پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 35

﴿29﴾

مجیب

اللہ تعالیٰ مجیب ہے

اِنَّ رَبِّىْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۝

پارہ نمبر 12 سورۃ ھود آیت نمبر 61

حضرت نوح علیہ السلام بھی مجیب ہیں

وَلَقَدْ نَادٰنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ۝

پارہ نمبر 23 سورۃ الصفت آیت نمبر 75

Marfat.com

﴿30﴾

جامع

اللہ تعالیٰ جامع ہے

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ

پارہ نمبر 3 سورۃ ال عمران آیت نمبر 9

اللہ تعالیٰ کے بندوں کے کام بھی جامع ہیں

وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ

پارہ نمبر 18 سورۃ نور آیت نمبر 62

﴿31﴾

حق

اللہ تعالیٰ حق ہے

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ

پارہ نمبر 11 سورۂ یونس آیت نمبر 32

اللہ تعالیٰ کے رسول بھی حق ہیں

وَ شَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ

پارہ نمبر 3 سورۃ ال عمران آیت نمبر 86

﴿32﴾

حمید

اللہ تعالیٰ حمید ہے۔

Marfat.com

وَاعْلَمُوآ اَنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ حَمِیْدٌ○

پارہ نمبر 3 سورۃ البقرہ آیت نمبر 267

اللہ تعالیٰ کے بندوں کے راستے حمید ہیں

لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّھِمْ اِلٰی صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ○

پارہ نمبر 13 سورۃ ابراہیم آیت نمبر 1

﴿33﴾

ذی فضل

اللہ تعالیٰ فضل والا ہے

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ○

پارہ نمبر 1 سورۃ البقرہ آیت نمبر 105

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی فضل والے ہیں

وَیُؤْتِ کُلَّ ذِی فَضْلٍ فَضْلَہٗ

پارہ نمبر 11 سورہ ھود آیت نمبر 3

﴿34﴾

ذی قوۃ

اللہ تعالیٰ قوت والا ہے

اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ○

پارہ نمبر 27 سورۃ الذاریات آیت نمبر 58

Marfat.com

حضرت جبریل علیہ السلام بھی قوت والے ہیں

ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَذِی الْعَرْشِ مَكِیْنٍo

پارہ نمبر 30 سورۃ التکویر آیت نمبر 20

﴿35﴾

ربّ

اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کو پالنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَo

پارہ نمبر 1 سورۃ الفاتحہ آیت نمبر 1

والدین بھی پالنے والے ہیں

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًاo

پارہ نمبر 15 سورۃ الاسراء آیت نمبر 24

﴿36﴾

ھادی

اللہ تعالیٰ ھادی ہے

وَكَفٰی بِرَبِّكَ هَادِیاً وَّنَصِیْرًاo

پارہ نمبر 19 سورۃ الفرقان آیت نمبر 31

اللہ تعالیٰ کے نبی بھی ھادی ہیں

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌوَّ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍo

پارہ نمبر 13 سورۃ الرعد آیت نمبر 7

Marfat.com

﴿37﴾

عدل

اللہ تعالیٰ عدل کا حکم دینے والا ہے

اِنَّ اللّٰہَ یَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ

پارہ نمبر 14 سورۃ النحل آیت نمبر 90

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی عدل کا حکم دینے والے ہیں

وَمَنْ یَّأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَھُوَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○

پارہ نمبر 14 سورۃ النحل آیت نمبر 6

﴿38﴾

عالم

اللہ تعالیٰ عالم ہے

وَکُنَّا بِکُلِّ شَیْءٍ عَالِمِیْنَ ○

پارہ نمبر 17 سورۃ الانبیاء آیت نمبر 81

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی عالم ہیں

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا

پارہ نمبر 22 سورۃ الفاطر آیت نمبر 28

﴿39﴾

شاکر

اللہ تعالیٰ شاکر ہے

Marfat.com

وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِراً عَلِيْماًo

پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 147

اللہ تعالیٰ کے بندے بھی شاکر ہیں

وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَo

پارہ نمبر 4 سورۃ ال عمران آیت نمبر 144

﴿40﴾

حفیّ

اللہ تعالیٰ حفیّ ہے

رَبِّىْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِىْ حَفِيًّاo

پارہ نمبر 16 سورۃ مریم آیت نمبر 47

اللہ تعالیٰ کے فرشتے بھی حفیّ ہیں

تَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ

پارہ نمبر 24 سورۃ الزمر آیت نمبر 75

﴿42-41﴾

الرؤف۔الرحیم

اللہ تعالیٰ رؤف بھی ہے اور رحیم بھی ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌo

پارہ نمبر 2 سورۃ البقرہ، آیت نمبر 143

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم رؤف بھی ہیں رحیم بھی ہیں۔

Marfat.com

حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْمٌ○

پارہ نمبر 11 سورۃ التوبہ، آیت نمبر 128

﴿43﴾

شہید

اللہ تعالیٰ شہید یعنی گواہ ہے۔

وَاللّٰہُ شَہِیْدٌ عَلٰی مَا تَعْمَلُوْنَ○

پارہ نمبر 4، سورۃ ال عمران، آیت نمبر 98

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی شہید یعنی گواہ ہیں۔

وَیَکُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْکُمْ شَہِیْدًا

پارہ نمبر 2، سورۃ البقرہ، آیت نمبر 143

﴿44﴾

ولی

اللہ تعالیٰ ولی یعنی مددگار ہے۔

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ۔

پارہ نمبر 6 سورۃ المائدۃ، آیت نمبر 55

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی ولی یعنی مددگار ہیں۔

اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ۔

پارہ نمبر 6 سورۃ المائدۃ، آیت نمبر 55

Marfat.com

﴿45﴾

نور

اللہ تعالیٰ نور ہے۔

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

پارہ نمبر 18، سورۃ النور، آیت نمبر 35

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی نور ہیں۔

قَدْ جَآءَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّکِتٰبٌ مُّبِیْنٌ○

پارہ نمبر 6، سورۃ المائدۃ آیت نمبر 15

﴿46﴾

کریم

اللہ تعالیٰ کریم ہے۔

فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ کَرِیْمٌ۔

پارہ نمبر 19، سورۃ النمل، آیت نمبر 40

جبرائیل علیہ سلام بھی کریم ہیں۔

اِنَّہٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ کَرِیْمٍ۔

پارہ نمبر 30، سورۃ التکویر، آیت نمبر 19

﴿47﴾

غنی

اللہ تعالیٰ غنی ہے۔

Marfat.com

فَاِنَّ رَبِّیْ غَنِیٌّ کَرِیْمٌ۔

پارہ نمبر 19، سورۃ النمل، آیت نمبر 40

مومن بھی غنی ہے۔

وَمَنْ کَانَ غَنِیًّا فَلْیَسْتَعْفِفْ ۚ۔

پارہ نمبر 4، سورۃ النساء، آیت نمبر 6

نوٹ: مشہور صحابی دامادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور تیسرے خلیفۂ راشد جناب حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا مشہور لقب بھی ''غنی'' ہے۔

﴿49-48﴾

علی۔ عظیم

اللہ تعالیٰ علی بھی ہے عظیم بھی ہے۔

وَھُوَالْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

پارہ نمبر 3، سورۃ البقرہ، آیت نمبر 255

حضرت ادریس علیہ السلام جس جگہ پر ہیں وہ جگہ بھی علی ہے۔

اِنَّہٗ کَانَ صِدِّیْقاً نَّبِیًّا ○ وَرَفَعْنٰہُ مَکَانًا عَلِیًّا

پارہ نمبر 16 سورۃ مریم آیت نمبر 56، 57

نوٹ: مشہور صحابی، داماد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ ہے

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا اخلاق بھی عظیم ہے

وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ

پارہ نمبر 29 سورۃ القلم آیت نمبر 4

Marfat.com

﴿50﴾

عزیز

اللہ تعالیٰ عزیز ہے

اِنَّ اللّٰہ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ

پارہ نمبر 2 سورۃ البقرہ آیت نمبر 220

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی عزیز ہیں

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ

پارہ نمبر 11 سورۃ التوبہ آیت نمبر 128

﴿51﴾

مبین

اللہ تعالیٰ مبین ہے

اَنَّ اللّٰہ ھُوَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

پارہ نمبر 18 سورۃ النور آیت نمبر 25

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھی مبین ہیں

حَتّٰی جَآءَ ھُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ

پارہ نمبر 25 سورۃ النور آیت نمبر 29

Marfat.com

باب نمبر 5

حضور علیہ السلام کی شان میں 100 احادیثِ قدسیہ

﴿1﴾

تخلیقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا منظر

لَمَّا اَرَادَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَنْ یَّخْلُقَ مُحَمَّداً اَمَرَ جِبْرِیْلَ اَنْ یَّأْتِیَہٗ بِالطِّیْنَۃِ الَّتِیْ ھِیَ قَلْبُ الْاَرْضِ وَبَھَاؤُھَا وَنُوْرُھَا قَالَ:

فَھَبَطَ جِبْرِیْلُ مَعَ الْمَلَائِکَۃِ الْفِرْدَوْسِ وَمَلَائِکَۃِ الرَّقِیْعِ الْاَعْلٰی۔ فَقَبَضَ قَبْضَۃً مِنْ مَوْضَعِ قَبْرِہِ الشَّرِیْفِ ۔وَھِیَ بَیْضَاءُ مُنِیْرَۃٌ فَعُجِنَتْ بِمَآءِ التَّسْنِیْمِ فِیْ مَعِیْنِ اَنْھَارِ الْجَنَّۃِ حَتّٰی صَارَتْ کَالدُّرَّۃِ الْبَیْضَآءِ لَھَاشُعَاعٌ عَظِیْمٌ۔ ثُمَّ طَافَتْ بِھَا الْمَلَائِکَۃُ حَوْلَ الْعَرْشِ وَالْکُرْسِیِّ، وَفِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ وَالْبِحَارِ۔ فَعَرَفَتِ الْمَلَائِکَۃُ وَجَمِیْعُ الْخَلْقِ سَیِّدَنَا مُحَمَّداً وَفَضْلَہٗ قَبْلَ اَنْ تُعْرَفَ آدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 300۔

۔الوفاء (ابن جوزی) صفحہ نمبر 27۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 34۔

ترجمہ:۔ جب اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو تخلیق فرمانا چاہا تو جبریل

Marfat.com

علیہ السلام کو حکم دیا کہ زمین کے قلب کی خوبصورت اور نورانی مٹی لاؤ

چنانچہ جبریل علیہ السلام جنتی اور عرشی فرشتوں کے ساتھ زمین پر آئے اور اس وقت حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی جہاں تربت اطہر ہے اس جگہ کی مٹی لی۔ یہ سفید اور چمکتی ہوئی مٹی تھی پس اس کو تسنیم و رضا کے پانی کے ساتھ جو کہ جنتی نہروں سے لیا گیا تھا ان سے گوندھا گیا۔ یہاں تک کہ وہ سفید موتی کی طرح ہوگئی جس کی بہت بڑی شعاعیں تھیں۔ پس فرشتوں نے عرش، کرسی کے اردگرد، آسمانوں، زمینوں، پہاڑوں اور سمندروں میں چکر لگایا پس تمام مخلوق نے حضرت آدم علیہ السلام کی پہچان (تخلیق) سے قبل حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو پہچان لیا۔

﴿2﴾

جس نے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے نور کو

اپنے نور پر غالب مانا وہی نبی بنا

اِنَّ اللّٰہ تَعَالٰی لَمَّا خَلَقَ نُوْرَنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍصَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمَرَہٗ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی اَنْوَارِالْاَنْبِیَآءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ فَغَشِیَھُمْ مِنْ نُوْرِہٖ مَااَنْطَقَھُمُ اللّٰہ بِہٖ۔ قَالُوْا:

یَارَبَّنَا مَنْ غَشَانَانُوْرَہٗ؟۔ فَقَالَ اللّٰہ تَعَالٰی:

ھٰذَا نُوْرُمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ۔ اِنْ اٰمَنْتُمْ بِہٖ جَعَلْتُکُمْ اَنْبِیَآءَ۔

قَالُوْا:

اٰمَنَّا بِہٖ وَبِنَبُوَّتِہٖ ۔ فَقَالَ اللّٰہ تَعَالٰی :اَشْھَدُ عَلَیْکُمْ۔ قَالُوْا :

Marfat.com

نَعَمْ۔ فَذٰلِكَ قَوْلُه تَعَالٰی وَاِذْ اَخَذَاللّٰه مِيْثَاق النَّبِيّٖنَ الخ

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 33۔

ترجمہ:۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے جب ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کا نور تخلیق فرمایا تو اسے ارشاد فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کے انوار کی طرف توجہ فرمائیں، تو آپ نے اپنے نور سے تمام انبیاء علیہم السلام کے انوار کو ڈھانپ لیا۔ اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے آپ کے نور کے ذریعے کلام فرمایا۔

انبیائے کرام علیہم السلام نے عرض کیا کہ اے ہمارے پروردگار کس نے ہمیں اپنے نور سے ڈھانپ لیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ یہ حضرت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم بن عبد اللہ کا نور ہے۔ اگر تم ان پر ایمان لاؤ تو میں تمہیں نبی بنادوں۔

انہوں نے عرض کیا کہ ہم ان پر اور ان کی نبوت پر ایمان لے آئے پس اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

میں تم پر گواہ ہوں؟۔ انہوں نے عرض کیا جی ہاں۔ اسی بات کی وضاحت اس آیت کریمہ میں بھی ہے وَاِذْ اَخَذَ اللّٰه مِيْثَاق النَّبِيّٖنَ الخ۔

﴿3﴾

تخلیقِ نورِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم مگر کیسے؟

حضرت کب احبار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کی تخلیق کا ارادہ فرمایا نیز ان کی منشاء وقدر کا فیصلہ فرمایا کہ زمینوں کو بچھائے اور آسمانوں کو بلند کرے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نور سے ایک مٹھی بھر نور لیا تو اس کو ارشاد فرمایا:

Marfat.com

اے نور تم محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں بدل جاؤ۔ تب وہ نور کی مٹھی نور کے جلیل القدر ستون میں بدل گئی پھر اس نور نے سجدہ فرمایا اور جب سجدہ سے سر اٹھایا تو کہا الحمد للہ۔

تب اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَلِذَالِكَ خَلَقْتُكَ وَسَمَّيْتُكَ مُحَمَّداً فَمِنْكَ اَبْدَأُ الْخَلْقَ وَ بِكَ خَتَمَ الرُّسُلِ۔

۔مولد العروس (ابن جوزی) صفحہ نمبر 45۔

ترجمہ:۔ میں نے اسی لئے آپ کو تخلیق کیا اور آپ کا نام محمد صلّی اللہ علیہ وسلم رکھا۔ پس میں آپ سے ہی مخلوق کی ابتداء کروں گا اور آپ پر ہی سلسلہ رسالت ختم کروں گا۔

﴿4﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو آسمان نہ ہوتے

اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو ارشاد فرمایا

لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ

۔تفسیر روح البیان (حقی) تحت آیت وما ارسلنک الا رحمۃ للعلمین + تحت آیت یاتی من بعد اسمہ احمد

۔تفسیر کبیر (رازی) تحت ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ۔

۔شرح شفاء (علامہ علی قاری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 225۔

۔انیس الجلیس صفحہ نمبر 130۔

۔فیوض الحرمین (شاہ ولی اللہ) صفحہ نمبر 52۔

۔جواہر البحار جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 247 + جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 235۔

۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت آخر سورہ عم یتسالون۔

ترجمہ:۔ اے محبوب صلّی اللہ علیہ وسلم اگر آپ نہ ہوتے تو میں آسمانوں کو پیدا نہ کرتا

Marfat.com

﴿5﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو کائنات نہ ہوتی

اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو ارشاد فرمایا:

لَوْلَاكَ يَامُحَمَّدُ مَاخَلَقْتُ الْكَائِنَاتِ۔

۔تفسیر روح البیان (حقی) تحت سورۃ الفرقان آیت نمبر 10۔

۔جواہر البحار (نبہانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 335۔

ترجمہ:۔ اگر آپ نہ ہوتے تو میں کائنات پیدا نہ کرتا۔

﴿6﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو دنیا نہ ہوتی

اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو ارشاد فرمایا

لَوْلَاكَ يَا مُحَمَّدُ مَاخَلَقْتُ الدُّنْيَا۔

۔فردوس الاخبار (دیلمی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 338۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 518۔

۔فتاوی رضویہ (اعلیٰحضرتؒ) جلد نمبر 30 صفحہ نمبر 188۔

ترجمہ:۔ اے محمد صلّی اللہ علیک وسلم اگر آپ نہ ہوتے تو میں دنیا پیدا نہ کرتا

﴿7﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ سلام سے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ارشاد فرمایا:

Marfat.com

لَوْلَاہُ مَاخَلَقْتُكَ وَلَا خَلَقْتُ سَمَآءً وَّلَا اَرْضاً۔

۔بستان الواعظین (ابن جوزی) صفحہ نمبر 297۔

۔المواہب اللدنیہ (قسطلانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 35۔

۔شرح المواہب اللدنیہ (زرقانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 44۔

۔نسیم الریاض (خفاجی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 398۔

ترجمہ:۔ اگر میں محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو نہ بناتا تو میں نہ آپ کو بناتا نہ آسمان بناتا اور نہ ہی نہ زمین بناتا۔

﴿8﴾

دنیا جان لے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کا مقام و مرتبہ

اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو ارشاد فرمایا:

وَلَقَدْ خَلَقْتُ الدُّنْیَا وَاَھْلَھَا لِاُعْرِفَھُمْ كَرَامَتَكَ وَمَنْزِلَتَكَ عِنْدِیْ وَلَوْلَاكَ مَاخَلَقْتُ الدُّنْیَا۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابنِ عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 518۔

۔تہذیب ابن عساکر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 223۔

۔المواہب اللدنیہ (قسطلانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 44۔

۔شرح المواہب اللدنیہ (زرقانی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 242۔

۔مطالع المسرات (الفاسی) صفحہ نمبر 465۔

۔السیرۃ النبویۃ (احمد بن زینی دحلان) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 11۔

۔فتاوی رضویہ (اعلیٰحضرتؒ) جلد نمبر 30 صفحہ نمبر 188۔

ترجمہ:۔ اے محبوب صلّی اللہ علیہ والہ وسلم میں نے دنیا اور دنیا والوں کو اس لئے

Marfat.com

پیدا کیا ہے کہ ان کو آپ کے اس مقام و مرتبہ سے آگاہ کروں جو میرے ہاں ہے۔ اگر آپ نہ ہوتے تو میں دنیا کو پیدا نہ کرتا۔

﴿9﴾

جنت حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے عاشقوں کے لئے دوزخ گستاخوں کیلئے

اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ فَقَالَ :

اِنَّ اللّٰہ یَقُوْلُ لَوْلَاکَ مَا خَلَقْتُ الْجَنَّۃَ وَلَوْلَاکَ مَا خَلَقْتُ النَّارَ.

۔فردوس الاخبار (دیلمی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 338۔

۔کشف الخفاء (العجلونی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 54۔

۔السیرۃ النبویۃ (احمد بن زینی دحلان) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 11۔

۔فتاوی رضویہ (اعلیٰحضرتؒ) جلد نمبر 30 صفحہ نمبر 189۔

۔الاثار المرفوعہ (لکھنوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 44۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے انہوں نے کہا کہ بیشک اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ اگر آپ نہ ہوتے تو میں جنت نہ بناتا اور اگر آپ نہ ہوتے تو میں جہنم نہ بناتا۔

﴿10﴾

حضرت آدم علیہ سلام کے سامنے نورِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

لَمَّا خَلَقَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آدَمَ اَخْبَرَہٗ بِبَنِیْہِ فَجَعَلَ یَرٰی

فَضَآئِلَ بَعْضِهِمْ عَلٰی بَعْضٍ فَرَاٰی نُوراً سَاطِعًا فِی اَسْفَلِهِمْ فَقَالَ:
یَا رَبِّ مَنْ هٰذَا ؟قَالَ:
هٰذا اِبْنُكَ اَحْمَدُ ﷺ هُوَالْاَوَّلُ وَهُوَ الْاٰخِرُ وَهُوَاَوَّلُ شَافِعٍ وَهُوَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ۔

۔کتاب الاوائل (ابن ابی عاصم) صفحہ نمبر 7۔
۔الفوائد ابی طاہر المخلص (نسخہ قلمی) صفحہ نمبر 248۔
۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 483۔
۔ابن عساکر کما ذکر علی المتقی فی کنز العمال۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 197۔
۔اللالی المصنوعہ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 338۔
۔نور البدایات وختم النہایات (عیسیٰ بن مانع) صفحہ نمبر 33۔

ترجمہ:۔ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ سلام کو بنایا اور ان کو ان کی اولاد کے بارے میں بتایا۔ تو انہوں نے بعض کی بعض پر فضیلتیں دیکھنا شروع کیں۔ پھر انہوں نے ان کے نیچے سے ایک بلند ہوتا ہوا نور دیکھا۔ انہوں نے کہا: اے میرے رب یہ کون ہے؟
اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ آپ کا بیٹا احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ یہ اول بھی ہیں، آخر بھی ہیں، سب سے اول شفاعت کرنے والے ہیں، اور ان کی شفاعت سب سے پہلے قبول کی جائے گی

حضرت آدم علیہ السلام کی کنیت

لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ اَلْهَمَهٗ اَنْ قَالَ یَارَبِّ لِمَ کُنِیَّتِیْ اَبَا مُحَمَّدٍ؟

Marfat.com

قَالَ اللّٰہ تَعَالٰی یَا آدَمُ اِرْفَعْ رَأْسَکَ۔ فَرَفَعَ رَأْسَہٗ فَرَأٰی نُوْرَ مُحَمَّدٍ فِیْ سَرَادِقِ الْعَرْشِ فَقَالَ:

یَارَبِّ مَا ھٰذَا النُّوْرُ؟قَالَ:

ھٰذَا نُوْرُ نَبِیٍّ مِنْ ذُرِّیَّتِکَ اسْمُہٗ فِی السَّمَآءِ اَحْمَدُ وَفِی الْاَرْضِ مُحَمَّدٌ۔ لَوْلَاہُ مَا خَلَقْتُکَ وَلَاسَمَآءَ وَلَااَرْضاً۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 35۔

۔انوارمحمدیہ (نبہانی) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 26۔

۔السیرۃ النبویہ (احمد بن زینی دحلان) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 10۔

۔فتاوی رضویہ (اعلیٰحضرتؒ) جلدنمبر 30 صفحہ نمبر 194۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے جب حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو انہیں الہام کیا انہوں پوچھا: اے میرے رب میری کنیت ابومحمد کیوں رکھی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اپنا سر اٹھایئے پس جب آپ نے سر اٹھایا تو عرش پر ایک نور دیکھا پس آپ نے عرض کیا کہ یا اللہ یہ کیسا نور ہے؟۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

یہ آپ کی اولاد میں سے نبی ہیں جن کا یہ نور ہے ان کا نام آسمانوں میں احمد ہے اور زمین میں محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ہے اگر وہ نہ ہوتے تو نہ میں آپ کو پیدا کرتا اور نہ آسمانوں کو اور نہ ہی زمین کو پیدا کرتا۔

﴿12﴾

جنت کے برگ وثمر پر نامِ محمد صلّی اللہ علیہ وسلم

عَنْ سَھْلِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ:

لَمَّا اَرَادَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَنْ یَنْفَخَ فِیْ آدَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ الرُّوْحَ نَفَخَہٗ بِاِسْمِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم، وَکُنَّاہُ اَبَا مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم، وَلَیْسَ فِی الْجَنَّۃِ وَرَقَۃٌ مِنْ اَوْرَاقِ الْجَنَّۃِ اِلَّا مَکْتُوْبٌ عَلَیْھَا اِسْمُ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم، وَلَاغَرَسَتْ شَجَرَۃٌفِیْ الْجَنَّۃِ اِلَّا بِاِسْمِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم وَبِہِ الْاِبْتِدَآءُ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 179۔

ترجمہ:۔ سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے جب حضرت آدم علیہ سلام میں روح پھونکنے کا ارادہ فرمایا تو حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک کے ساتھ روح پھونکی۔اوران کی کنیت ابومحمد رکھی۔ جنت کے پتوں میں سے کوئی پتہ ایسا نہیں جس پر حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کا نام نہ لکھا ہو۔اور کوئی درخت ایسا نہیں جس پر حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کا نام نہ لکھا ہو۔اوراسی سے کائنات کی ابتداء ہوئی۔

﴿13﴾

حضرت آدم علیہ سلام کی توبہ کی قبولیت صدقۂ نام مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

لَمَّا اِقْتَرَفَ آدَمُ عَلَیْہِ السَّلَامُ الْخَطِیْئَۃَ، قَالَ:

یَا رَبِّ أَسْاَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم لِمَا غَفَرْتَ لِیْ۔

فَقَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی:

یَآدَمُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَکَیْفَ عَرَفْتَ مُحَمَّدًا صلی اللہ علیہ وسلم؟وَلَمْ اَخْلُقْہُ۔

Marfat.com

قَالَ: يَا رَبِّ لَمَّا خَلَقْتَنِیْ بِيَدِكَ وَنَفَخْتَ فِیَّ مِنْ رُوْحِكَ رَفَعْتُ رَأْسِی فَرَأَيْتُ عَلٰی قَوَائِمِ الْعَرْشِ مَكْتُوْباً:

لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

فَعَلِمْتُ اَنَّكَ لَمْ تُضِفْ اِلٰی اِسْمِكَ اِلَّا اَحَبَّ الْخَلْقِ اِلَيْكَ۔

فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی:

صَدَقْتَ يَآدَمُ عَلَيْكَ السَّلَامُ۔ اِنَّهٗ لَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَیَّ۔اُدْعُنِیْ بِحَقِّهٖ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكَ وَلَوْلَا مُحَمَّدٌ ﷺ مَا خَلَقْتُكَ۔

(1)۔المعجم الصغیر (طبرانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 182 (المکتب الاسلامی بیروت)۔

(2)۔المعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 313 (تقارب)۔(دارالحرمین قاہرہ)

(3)۔فتوح الشام (واقدی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 74۔

(4)۔تاریخ الامم والملوک طبری جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 50۔

(5)۔الشریعۃ (آجری) صفحہ نمبر 395۔

(6)۔کتاب العظمۃ (ابوالشیخ اصبہانی) صفحہ نمبر 390۔

(7)۔المستدرک جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 615۔

(8)۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 165۔

(9)۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 118۔باب ماجاء فی تحدث رسول اللہ ﷺ

(10)۔کتاب الشفاء (قاضی عیاض) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 104۔

(11)۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 437۔

(12)۔الوفاء (ابن جوزی) صفحہ نمبر 26۔

(13)۔کشف الاسرار جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 155۔

(14،15)۔فتاویٰ ابن تیمیہ جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 96+ جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 150۔(بالفاظ دیگر

Marfat.com

(16)۔التوسل (ابن تیمیہ) صفحہ نمبر 115۔

(17)۔میزان الاعتدال (ذہبی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 504۔

(18)۔شفاء السقام (سبکی) صفحہ نمبر 358۔

(20،19)۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 81+ جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 322۔

(21)۔السیر ۃ النبویۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 317۔

(22) معجزات النبی (ابن کثیر) صفحہ نمبر 318۔

(23)۔قصص الانبیاء (ابن کثیر) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 29۔

(24)۔لطائف المعارف (ابن رجب) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 89۔

(25)۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 256۔

(26)۔مجمع البحرین (ہیثمی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 308۔

(27)۔جواہر المنظم (عسقلانی) صفحہ نمبر 61۔

(52)۔النکت علی کتاب ابن صلاح (ہامش) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 318۔

(28)۔بشارۃ المحبوب بتکفیر المحبوب (الادرعی القابونی) باب تغسیل المیت من ابواب المغفر ۃ

(29)۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 12۔

(30)۔خلاصۃ الوفاء (سمہودی) الباب الثانی الفصل الاول فصل فی التوسل الزائر الخ۔

(32،31)۔مواہب اللد نیہ (قسطلانی) جلد نمبر ا صفحہ نمبر 35+ صفحہ نمبر 43۔

(34،33)۔سبل الھد یٰ والرشاد (صالحی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 185+ جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 03

(35)۔فتاوی حدیثیہ (ابن حجر) صفحہ نمبر 455۔

(36)۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 455۔

(37)۔شرح الشفاء (علامہ علی قاری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 375۔

(38)۔السیر ۃ الحلبیۃ (نورالدین حلبی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 354۔

(39)۔مدارج النبوۃ (شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 258۔ (فارسی)

(40)۔نسیم ا یاض (خفاجی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 223۔

Marfat.com

(41)۔مطالع المسرات (الفاسی) صفحہ نمبر 246۔

(42)۔سمط النجوم العوالی (العصامی) باب ذکر آدم وحوا۔

(44،43)۔شرح مواہب اللدنیہ (زرقانی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 74+جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 361۔

(55)۔الاثار المرفوعہ (لکھنوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 44۔

(46)۔فتاوی رضویہ (اعلیٰ حضرتؒ) جلد نمبر 30 صفحہ نمبر 186۔

(48،47)۔شواہد الحق (نبہانی) صفحہ نمبر 102+صفحہ نمبر 116۔

(49)۔افضل الصلوات (نبہانی) صفحہ نمبر 117۔

(50)۔الانوار المحمدیہ (نبہانی) صفحہ نمبر 11۔

(51)۔بہار شریعت (علامہ امجد علی اعظمی)۔

(53)۔الروض الدانی الی معجم الصغیر طبرانی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 182۔

(55)۔امجد الاحادیث (محمد ابوالحسن قادری) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 122۔

(56)۔التامل فی حقیقۃ التوسل صفحہ نمبر 187۔

(56)۔تفسیر بحر العلوم (سمرقندی) تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 37۔

(57)۔تفسیر الکشف والبیان (ثعلبی) تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 37۔

(58)۔تفسیر قرطبی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 324۔

(59)۔تفسیر البحر المحیط (ابن حیان) تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 37۔

(60)۔تفسیر الجواہر الحسان فی تفسیر القران (ثعالبی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 53۔

(61)۔تفسیر درِ منثور (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 131۔

(64،63،62)۔تفسیر روح البیان (حقی) تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 37+سورۃ المآئدۃ آیت نمبر 16+سورۃ التوبۃ آیت نمبر 102۔

(65)۔تفسیر فتح العزیز (شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 339۔

(66)۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 321۔

(67)۔تفسیر مجدد المعروف تفسیر رؤفی تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 37۔

Marfat.com

(68)۔تفسیر خزائن العرفان (السید نعیم الدین مرادآبادی) تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 37۔

(69)۔تفسیر الحسنات جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 176۔

(70)۔تفسیر نعیمی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 265۔

(71)۔تفسیر ضیاء القرآن (حضرت پیر محمد کرم شاہ) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 50۔

(72)۔تفسیر تبیان القرآن (علامہ غلام رسول سعیدی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 353۔

(73)۔تبلیغی نصاب (تبلیغی جماعت) حصہ فضائل ذکر صفحہ نمبر 95۔

ترجمہ:۔ جب حضرت آدم علیہ سلام نے لغزش کا ارتکاب کیا تو انہوں نے عرض کیا
اے میرے پروردگار مجھے حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے بخش

دے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے آدم علیہ سلام تو نے انہیں کیسے پہچانا؟ جبکہ میں نے انہیں ابھی پیدا بھی نہیں کیا

حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا:

یا اللہ جب تو نے مجھے اپنے ہاتھ سے بنایا اور مجھ میں اپنی روح میں سے پھونکا، میں
نے اپنا سر اٹھایا تو میں نے عرش کے پایوں پر لکھا ہوا دیکھا:

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

پس میں جان گیا کہ تو نے اپنے نام کے ساتھ کسی کا نام نہیں ملایا مگر وہ جو تجھے ا
مخلوق میں سے سب سے زیادہ محبوب ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اے آدم علیہ سلام تو نے سچ کہا۔ بے شک وہ مجھے مخلو
میں سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ ان کے واسطے سے مجھ سے دعا کیا کرو میں نے تمہا
لغزش معاف کر دی۔ اگر محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نہ ہوتے تو اے آدم علیہ سلام میں تمہیں
پیدا نہ کرتا۔

﴿14﴾

حبیب صلّی اللہ علیہ وسلم کی حضرت ابراہیم خلیل اللہ ونوح نجی علیہما السلام پر ترجیح

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

اِتَّخَذَاللّٰہ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلًا وَمُوْسٰی نَجِیّاً وَاتَّخَذَنِیْ حَبِیْباً۔
ثُمَّ قَالَ وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِی لَاُوْثِرَنَّ حَبِیْبِیْ عَلٰی خَلِیْلِیْ وَنَجِیِّ۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 185۔
۔فردوس الاخبار (دیلمی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 512۔
۔الجامع الصغیر (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 34۔
۔تنزیہہ الشریعۃ (کنانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 333۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 182۔
۔فتاوی رضویہ (اعلیٰ حضرت) جلد نمبر 30 صفحہ نمبر 192۔
۔تفسیر اللباب (ابن عادل) تحت سورۃ النساء آیت نمبر 125۔
۔تفسیر نیشاپوری (احمد بن محمد النیشاپوری) تحت سورۃ النساء آیت نمبر 125۔
۔تفسیر البحر المحیط (ابن حیان) تحت سورۃ النساء آیت نمبر 125۔
۔تفسیر کبیر (رازی) تحت سورۃ النساء آیت نمبر 125۔
۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ النساء آیت نمبر 125۔
۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت سورۃ النساء آیت نمبر 125۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ سلام کو خلیل حضرت موسیٰ علیہ سلام کو نجی اور مجھے اپنا

حبیب صلّی اللہ علیہ والہ وسلم بنایا اور پھر فرمایا کہ مجھے میری عزت اور جلال کی قسم اپنے خلیل اور اپنے نجی پر اپنے حبیب صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو میں ضرور ترجیح دوں گا۔

﴿15﴾

حضرت ابراہیم علیہ السلام اور شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

اِنَّ اِبْرَاهِیْمَ الْخَلِیْلَ قَالَ رَبِّ قَدْ اَعْطَیْتَ النَّبُوَّةَ وَالْمُلْكَ لِشَعْبِ اِسْحٰق فَمَا اَنْتَ صَانِعٌ لِاِسْمَاعِیْلَ؟۔

قَالَ اَخْلُقُ مِنْ ظَهْرِ اِسْمَاعِیْلَ عَدَدَ كَوَاكِبِ السَّمٰوٰتِ وَرَمَلِ الْفَوَاتِ وَاَبْعَثُ مِنْ وُلْدِ اِسْمَاعِیْلَ نَبِیًّا اَرْفَعُ ذِكْرَهُ. فَلَمْ یَدْرِ مَارَفَعَ ذِكْرَهُ حَتّٰی بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًاوَجَآءَ بِالْاَذَانِ فَقَرَنَ اِسْمَهُ بِاِسْمِهِ فَقَالَ عَزَّذِكْرَهُ(اَلَمْ نَشْرَحْ.....لَكَ ذِكْرَكَ)

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 176۔

ترجمہ:۔ حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ تو نے نبوت اور بادشاہت اسحٰق علیہ السلام کی قوم (اولاد) کو عطا فرمادی پس تو اسماعیل علیہ السلام کیلئے کیا عطا فرمائے گا؟۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: میں اسماعیل علیہ السلام پشت سے آسمانوں کے ستاروں اور ریت کے ذرات کے برابر اولاد پیدا کروں گا اور اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک نبی بھیجوں گا جس کا ذکر میں خود بلند کروں گا۔پس یہ معلوم نہ ہوسکا کہ کس کا ذکر بلند ہوا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو مبعوث فرمایا تو اذان

Marfat.com

میں اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ ان کا نام ملا ہوا تھا۔ پس اللہ نے ان کے نام کو عزت عطا فرمائی (الم نشرح لك صدرك .... ورفعنا لك ذكرك)

﴿16﴾

دعائے ابراہیم علیہ السلام بحق اسماعیل علیہ السلام کے میں قبول

مَكْتُوْبٌ فِى التَّوْرَاةِ اِنَّ اللّٰه تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى قَالَ لِاِبْرَاهِيْمَ اَجَبْتُ دُعَاءَكَ فِى اِسْمَاعِيْلَ وَبٰرَكْتُ عَلَيْهِ وَكَثَّرْتُهٗ وَعَظَّمْتُهٗ جِدًّا جِدًّا وَجَعَلْتُهٗ لِاُمَّةٍ عَظِيْمَةٍ ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 174۔

۔الوفاء (ابن جوزی) صفحہ نمبر 56۔

۔مدارج النبوۃ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 103 (فارسی)۔

ترجمہ:۔ تورات میں لکھا ہوا ہے کہ بیشک اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کہا:

میں نے آپ کی دعا (حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تشریف آوری) حضرت اسماعیل علیہ السلام کے حق میں قبول کر لی ہے میں ان پر برکت کروں گا ان کو (اولاد کی) کثرت اور عظمت بہت زیادہ عطا کروں گا اور ان کو ایک بہت بڑی امت سے نوازوں گا

﴿17﴾

حضرت یعقوب علیہ السلام اور شان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

اَوْحَى اللّٰه اِلٰى يَعْقُوْبَ اَنِّى اَبْعَثُ مِن ذُرِّيَّتِكَ مُلُوْكاً وَاَنْبِيَاءً

Marfat.com

حَتّٰی اَبْعَثَ النَّبِیَّ الْحَرَمِیَّ الَّذِی تَبْنِیْ اُمَّتُہٗ هَیْکَلَ بَیْتِ الْمُقَدَّسِ وَهُوَخَاتَمُ الْاَنْبِیَاءِ وَاِسْمُہٗ اَحْمَدٌ۔

۔الطبقات الکبریٰ (محمد بن سعد) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 163۔ذکر علامات النبوۃ فی رسول اللہ۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 17۔

۔حجۃ اللہ علی العالمین (نبہانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 188۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت سیدنا یعقوب علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ بیشک میں آپ کی اولاد میں سے بادشاہ اور انبیاء بھیجوں گا۔ یہاں تک کہ میں حرم شریف والا نبی بھیجوں گا جس کی امت بیت المقدس کے مینار تعمیر کرے گی اور وہ نبی خاتم الانبیاء ہوگا اور ان کا نام احمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ہوگا۔

﴿18﴾

حسن یوسف علیہ سلام اور حُسن مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

هَبَطَ عَلَیَّ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ:

یَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰہَ یُقْرِءُ عَلَیْكَ السَّلَامُ وَیَقُوْلُ لَكَ:

حَبِیْبِیْ اَنِّیْ کَسَوْتُ حُسْنَ وَجْهِ یُوْسُفَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ نُوْرِالْکُرْسِیِّ وَحُسْنَ وَجْهِكَ مِنْ نُوْرِعَرْشِیْ۔ وَمَاخَلَقْتُ خَلْقًا اَحْسَنَ مِنْكَ یَا مُحَمَّدُ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 53 صفحہ نمبر 326۔

۔تاریخ بغداد (ذہبی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 439۔

۔مختصر ابن منظور جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 71۔

Marfat.com

۔لسان المیزان (عسقلانی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 228۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 109۔

۔تنزیہ الشریعۃ (کنانی) جلد 1 صفحہ نمبر 325۔

۔الفوائد المجموعہ (شوکانی) صفحہ نمبر 323۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس جبریل علیہ سلام آئے اور کہا:

اللہ تعالیٰ آپ کو سلام فرماتا ہے اور فرماتا ہے:

اے میرے حبیب صلی اللہ علیک وسلم میں نے کرسی کے نور سے حضرت یوسف علیہ سلام کے چہرے کو حسن عطا کیا اور آپ کے چہرے کو اپنے عرش کے نور سے حسن عطا کیا۔ اور میں نے آپ سے زیادہ کوئی حسین پیدا ہی نہیں کیا۔

﴿19﴾

حضرت موسیٰ علیہ سلام اور شانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک نفیس روایت

اِنَّ مُوْسَی بْنَ عِمْرَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ کَانَ یَمْشِیْ ذَاتَ یَوْمٍ فِیْ طَرِیْقٍ۔ فَنَادَاهُ الْجَبَّارُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی یَا مُوْسَی بْنَ عِمْرَانَ۔ فَالْتَفَتَ یَمِیْناً وَّشِمَالًا فَلَمْ یَرَ اَحَداً۔ ثُمَّ نَادَاهُ الثَّانِیَةَ یَامُوسَی بْنَ عِمْرَانَ۔ فَالْتَفَتَ یَمِیْناً وَّشِمَالًا فَلَمْ یَرَاَحَداً فَارْتَعَدَتْ فَرَائِصُهٗ۔ ثُمَّ نُوْدِیَ الثَّالِثَةَ یَامُوْسَی بْنَ عِمْرَانَ اِنِّیْ اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا۔فَقَالَ: لَبَّیْکَ وَخَرَّ لِلّٰهِ سَاجِداً۔فَقَالَ:

اِرْفَعْ رَأْسَكَ يَامُوْسَى بْنَ عِمْرَانَ. فَرَفَعَ رَأْسَهٗ فَقَالَ:

يَا مُوْسٰى اِنِّـىْ اَحْبَبْتُ اَنْ تَسْكُنَ فِىْ ظِلِّ عَرْشِىْ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّىْ.

يَـامُـوْسٰى فَكُنْ لِلْيَتِيْمِ كَالْأَبِّ الرَّحِيْمِ وَكُنْ لِلْأَرْمَلَةِ كَالزَّوْجِ الْعَطُوْفِ.

يَامُوْسٰى اِرْحَمْ تُرْحَمْ.

يَامُوْسٰى كَمَا تُدِيْنُ تُدَانُ.

يَـامُـوْسٰى نَبِّئْ بَـنِـىْ اِسْرَائِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ لَقِيَنِىْ وَهُوَ جَاحِدٌ لِمُحَمَّدٍ ﷺ اَدْخَلْتُهُ النَّارَ. وَلَوْكَانَ خَلِيْلِىْ اِبْرَاهِيْمَ وَكَلِيْمِىْ مُوْسٰى. فَقَالَ:

اِلٰهِى وَمَنْ اَحْمَدُ؟ فَقَالَ:

يَـا مُـوْسٰى وَعِزَّتِىْ وَجَلَالِىْ مَا خَلَقْتُ خَلْقاً اَكْرَمَ عَلَىَّ مِنْهُ. كَتَبْتُ اِسْمَـهٗ مَـعَ اِسْـمِـىْ فِـى الْـعَـرْشِ قَبْلَ اَنْ أَخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ بِاَلْفَىْ اَلْفِ سَنَةٍ. وَعِزَّتِىْ وَجَلَالِىْ اِنَّ الْجَنَّةَ لَمُحَرَّمَةٌ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِىْ حَتّٰى يَدْخُلَهَا مُحَمَّدٌ ﷺ وَاُمَّتُهٗ.

قَالَ مُوْسٰى:

مَنْ اُمَّةُ مُحَمَّدٍ ﷺ؟ قَالَ:

اُمَّتُهُ الْحَمَّادُوْنَ يَحْمَدُوْنَ صَعُوْدًا وَهُبُوْطاً وَعَلٰى كُلِّ حَالٍ،

Marfat.com

يَشُدُّوْنَ اَوْسَاطَهُمْ ،وَيُطَهِّرُوْنَ اَطْرَافَهُمْ، صَائِمُوْنَ بِالنَّهَارِ، رُهْبَانٌ بِاللَّيْلِ،اَقْبَلُ مِنْهُمُ الْيَسِيْرَ، وَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ بِشَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔قَالَ:

اِلٰهِی اجْعَلْنِیْ نَبِیَّ تِلْكَ الْاُمَّةِ۔ قَالَ:

نَبِیُّهَا مِنْهُمْ۔ قَالَ اجْعَلْنِیْ مِنْ اُمَّةِ ذٰلِكَ النَّبِیِّ ﷺ۔ قَالَ:

اِسْتَقْدَمْتَ وَاسْتَأْخَرُوْا يَا مُوْسٰی وَلٰكِنْ يَا مُوْسٰی سَاَجْمَعُ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ فِیْ دَارِ الْجَلَالِ۔

۔کتاب السنہ (ابن ابی عاصم) صفحہ نمبر 162۔حدیث نمبر 713۔

۔تفسیر روح البیان (حقی) تحت سورۃ القصص آیت نمبر 46۔

ترجمہ:۔ بے شک حضرت موسیٰ علیہ سلام ایک دن راستے میں جا رہے تھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کو پکار کر کہا اے موسیٰ۔انہوں نے دائیں بائیں دیکھا مگر کوئی نظر نہ آیا پھر اللہ تعالیٰ نے دوسری دفعہ پکارا اے موسیٰ انہوں نے دائیں بائیں توجہ کی کوئی نظر نہ آیا تو آپ کے اعضاء کانپنے لگے۔پھر تیسری دفعہ آواز دی: اے موسیٰ بے شک میں اللہ تعالیٰ ہوں اور میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔انہوں نے کہا:

لبیک اور اللہ تعالیٰ کے لئے سجدے میں گر گئے۔پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اے موسیٰ اپنا سر سجدے سے اٹھاؤ۔

چنانچہ انہوں نے اپنا سر اٹھایا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اے موسیٰ میں پسند کرتا ہوں کہ تو اس دن میرے عرش کے سائے کے نیچے رہے جس دن کوئی سایہ نہ ہوگا۔

پس اے موسیٰ یتیم کے لئے مہربان باپ کی طرح ہو جاؤ۔

اے موسیٰ بیوہ عورتوں سے مہربان خاوند کی طرح برتاؤ کرو۔

اے موسیٰ رحم کرو تجھ پر رحم کیا جائے گا۔

اے موسیٰ جیسا عمل کرو گے ویسا اجر پاؤ گے۔

اے موسیٰ بنی اسرائیل کو خبر دے دو کہ بے شک جو مجھ کو ملا اس حال میں کہ اس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کیا ہوا ہو تو میں اس کو آگ میں داخل کروں گا چاہے وہ میرا خلیل ابراہیم اور موسیٰ کلیم ہی کیوں نہ ہو۔ حضرت موسیٰ علیہ سلام نے عرض کیا:

اے میرے معبود یہ احمد کون ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اے موسیٰ میری عزت کی قسم، میرے جلال کی قسم میں نے ان سے زیادہ عزت والا کوئی بھی پیدا نہیں کیا۔ میں نے ان کا نام اپنے نام کے ساتھ عرش پر آسمان و زمین سورج اور چاند سے بیس لاکھ سال قبل لکھا اور میری عزت اور میرے جلال کی قسم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی امت کے داخل ہونے تک جنت تمام مخلوق پر حرام رہے گی۔ حضرت موسیٰ علیہ سلام نے عرض کیا:

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کون سی ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

ان کی امت بہت زیادہ حمد کرنے والی ہے، وہ بلندیوں پر چڑھتے اور اترتے ہوئے حمد کرتے ہیں، ہر حال میں اپنے ظاہر و باطن پاک رکھتے ہیں، دن کو روزہ رکھنے والے اور رات کو دنیا سے الگ تھلگ ہو کر عبادت کرنے والے ہیں۔ میں ان کے تھوڑے عمل کو بھی قبول کروں گا، اور میں ان کو ان کے کلمہ شہادت کی بناء پر جنت میں داخل کروں گا۔ حضرت موسیٰ علیہ سلام نے عرض کیا:

اے میرے معبود مجھے اس امت کا نبی بنا دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

Marfat.com

ان کا نبی انہیں میں سے ہوگا۔آپ نے عرض کیا:

تو یا اللہ تب تو مجھے اس نبی کا امتی بنادے۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے موسیٰ آپ پہلے آئے ہیں اور وہ بعد میں آئیں گے لیکن میں آپ کو اور انہیں دارالجلال میں ضرور اکٹھا کردوں گا۔

﴿20﴾

انبیائے کرام کو بھی قربِ خدا
صدقۂ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

قَالَ اللّٰہ تَعَالیٰ یَا مُوسٰی أتُرِیْدُ اَنْ اَکُوْنَ اَقْرَبُ اِلَیْكَ مِنْ کَلَامِكَ اِلٰی لِسَانِكَ وَمِنْ وَسَاوِسِ قَلْبِكَ اِلیٰ قَلْبِكَ وَمِنْ رُوْحِكَ اِلٰی بَدَنِكَ وَمِنْ نُوْرِبَصَرِكَ اِلیٰ عَیْنَیْكَ؟۔

قَالَ: نَعَمْ یَارَبِّ۔

قَالَ: فَأَکْثِرِالصَّلَاۃَ عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ وَابْلِغْ جَمِیْعَ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ اَنَّہٗ مَنْ لَقِیَنِیْ وَھُوَ جَاحِدٌ لِاَحْمَدٍ ﷺ سَلَّطْتُ عَلَیْہِ الرَّبَانِیَّۃَ فِی الْمَوْقِفِ ،وَجَعَلْتُ بَیْنِیْ وَبَیْنَہٗ حِجَابٌ لَا یَرَانِیْ۔ الخ

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 33۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 172۔

۔القول البدیع (سخاوی) صفحہ نمبر 137۔

۔البحر المدید (ابن عجیبہ) جزء نمبر 5 صفحہ نمبر 112۔

Marfat.com

۔تنزیہہ الشریعہ (الکنانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 244۔

۔مطالع المسرات (الفاسی) صفحہ نمبر 630۔

۔تفسیر الدر المنثور (سیوطی) تحت سورۃ الاعراف آیت نمبر 3۔

۔تفسیر روح البیان (حقی) تحت سورۃ القصص آیت نمبر 46۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ علیہ سلام کیا تم چاہتے ہو کہ میں تیرے کلام سے بھی زیادہ تیری زبان کی طرف، تیرے دل کے خیالات سے بھی زیادہ تیرے دل کی طرف، تیری روح سے بھی زیادہ تیرے بدن کی طرف اور تیری بینائی سے بھی زیادہ تیری آنکھوں کے قریب ہو جاؤں؟۔

حضرت موسیٰ علیہ سلام نے عرض کیا: جی ہاں اے میرے پروردگار۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

پس تم حضرت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود شریف کی کثرت کیا کرو۔ اور تمام بنی اسرائیل تک یہ بات پہنچا دو کہ جو مجھے اس حال میں ملا کہ وہ حضرت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی کسی بھی بات کا منکر ہو تو میں اس پر دوزخ کی طرف لے جانے والے فرشتے مقرر کر دوں گا، اور اپنے اور اس کے درمیان پردہ حائل کر دوں گا کہ وہ مجھے نہیں دیکھ سکے گا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور
غلامانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم کی نماز فجر

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی لِمُوْسٰی یَا مُوْسٰی:
بَلِّغْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ اَنَّہٗ مَنْ رَدَّعَلٰی اَحْمَدَ شَیْئاً وَاِنْ کَانَ

حَرْفاً اَذْ خَلْتُهُ النَّارَ مَسْحُوْباً۔ يَامُوْسٰى رَكْعَتَانِ يُصَلِّيْهِمَامُحَمَّدٌ وَّاُمَّتُهُ بَيْنَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ وَطُلُوْعِ الشَّمْسِ اَغْفِرُلَهُمْ مَا اَصَابُوْافِى يَوْمِهِمْ وَلَيْلَتِهِمْ۔ وَيَكُوْنُ فِى ذَالِكَ الْيَوْمِ فِى ذِمَّتِىْ۔وَمَنْ مَاتَ وَهُوَفِىْ ذِمَّتِىْ فَلَاضَيْعَةَ عَلَيْهِ

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلدنمبر 6 صفحہ نمبر 34۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 168۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا:

اے موسیٰ بنی اسرائیل تک یہ بات پہنچادو کہ جس نے حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر کسی چیز کا انکار کیا اگرچہ ایک حرف ہی ہو اس کو گھسیٹتے ہوئے جہنم میں ڈالا جائے گا۔اے موسیٰ علیہ السلام طلوع فجر اور طلوع آفتاب کے درمیان محمد صلّی اللہ علیہ وسلم اور ان کی امت دو رکعت پڑھے گی تو اس کے بدلے میں ان کے اس دن اور اس رات کے گناہ معاف کردوں گا اور وہ اس دن میری ذمہ داری پر ہوگا۔اور جو اس دن میں مرجائے گا وہ میرے ذمۂ کرم پر ہوگا۔اس پر کوئی بوجھ نہ ہوگا۔

﴿22﴾

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور مقامِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

اِنَّ مُوسٰى قَالَ اِلٰهِىْ اِصْطَفَيْتَنِىْ وَكَلَّمْتَنِىْ فَهَلْ جَعَلْتَ لِنَبِيٍّ بَعْدِىْ؟ ۔

فَاَوْحَى اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهُ اِلَيْهِ۔

Marfat.com

يَا مُوْسٰى خُذْ مَا اٰتَيْنٰكَ وَكُنْ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ. فَوَعِزَّتِىْ لَاَبْعَثَنَّ نَبِيّاً تَدْخُلُ اَنْتَ وَاُمَّتَكَ بِشَفَاعَتِهِ الْجَنَّةَ.

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 169۔

ترجمہ:۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا:

اے میرے معبود تو نے مجھے چن لیا اور مجھ سے کلام فرمایا۔ کیا میرے بعد تو اس درجہ پر اور بھی کوئی نبی بنائے گا۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی:

اے موسیٰ علیہ السلام جو ہم نے آپ کو دیا اس کو مضبوطی سے پکڑ لو اور شکر گزاروں میں سے ہو جاؤ۔ مجھے میری عزت کی قسم میں ضرور ایسا نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم بھیجوں گا جس کی شفاعت سے آپ کو اور آپ کی امت کو جنت میں داخل کروں گا۔

﴿23﴾

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور نامِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور عرشِ اعلیٰ

اَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى مُوْسٰى نَبِىٍّ بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ اٰمَنَنِىْ وَهُوَ جَاحِدٌ بِاَحْمَدَ صلی اللہ علیہ وسلم اُدْخِلُهُ النَّارَ.

قَالَ: يَارَبِّ وَمَنْ اَحْمَدُ؟

قَالَ:مَا خَلَقْتُ خَلْقاً اَكْرَمَ عَلَىَّ مِنْهُ. كَتَبْتُ اِسْمَهٗ مَعَ اِسْمِىْ فِى الْعَرْشِ قَبْلَ اَنْ اَخْلُقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ.

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلدنمبر 6 صفحہ نمبر 33۔

۔السیر ۃ الحلبیۃ (نورالدین حلبی) جلدنمبر2 صفحہ نمبر321۔

۔خصائص کبریٰ (سیوطی) جلدنمبر1 صفحہ نمبر23۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ بنی اسرائیل کو یہ بات بتادو کہ جو مجھ پر ایمان لایا اور میرے محبوب احمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کا انکار کیا تو میں اس کو جہنم میں داخل کروں گا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: یہ احمد کون ہیں؟۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے اپنے لئے ان سے زیادہ کوئی بھی قابل عزت پیدا نہیں کیا۔ میں نے ان کا نام اپنے نام کے ساتھ آسمانوں زمینوں کی پیدائش سے پہلے عرش پر لکھ دیا تھا۔

﴿24﴾

اللہ تعالیٰ کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کو محبت مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم کا درس

وَمِمَّا فَضَّلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ اَنَّهٗ عَزَّوَجَلَّ نَعَتَهٗ فِى التَّوْرَاةِ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ سُبْحَانَهٗ:

يَا مُوسٰى اَحْمِدْ نِىْ اِذْ مَنَنْتُ عَلَيْكَ بِالْاِيْمَانِ بِاَحْمَدَ. وَعِزَّتِىْ لَوْلَمْ تَقْبَلِ الْاِيْمَانَ بِاَحْمَدَ مَاجَاوَرْتَنِىْ فِىْ دَارِىْ ۔ وَلَا نَعَّمْتُكَ فِىْ جَنَّتِىْ۔

يَامُوْسٰى جَمِيْعُ الْمُرْسَلِيْنَ اٰمَنُوْا بِمُحَمَّدٍ وَصَدَّقُوْهُ

Marfat.com

وَاشْتَاقُوْا اِلَيْهِ۔ كَذَالِكَ مَنْ يَجِئُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ بَعْدَكَ۔

يَا مُوْسٰى مَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِاَحْمَدَ مِنْ جَمِيْعِ الْمُرْسَلِيْنَ رَدَدْتُ عَلَيْهِ حَسَنَاتَهٗ وَمَنَعْتُهٗ حِفْظَ الْحِكْمَةِ وَنَزَعْتُ عَنْهُ نُوْرَالْهُدٰى وَمَحَوْتُ اِسْمَهٗ مِنْ دِيْوَانِ الْاَنْبِيَآءِ۔

يَا مُوْسٰى اَحْبِبْ لِاَحْمَدَ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ۔ وَاَحْبِبْ لِاُمَّتِهٖ مَاتُحِبُّ لِاُمَّتِكَ۔ اَجْعَلُ لَكَ وَلِاُمَّتِكَ فِيْ شَفَاعَتِهٖ نَصِيْباً۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 171۔

۔مطالع المسرات (الفاسی) صفحہ نمبر 630۔

ترجمہ:۔ ان فضیلتوں میں سے یہ بھی ہے جو اللہ تعالیٰ نے تورات میں بطور نعت بیان فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ۔

اے موسیٰ علیہ السلام میں نے تجھ پہ احمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لانے کا احسان کیا تو اس بناء پر میری حمد کرو۔ مجھے اپنی عزت کی قسم اگر تم نے احمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لانا قبول نہ کیا تو میرے گھر میں میرا پڑوس نہ پاسکو گے اور نہ ہی میری جنت میں نعمتیں حاصل کرسکو گے۔

اے موسیٰ علیہ السلام تمام رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لائے ان کی تصدیق کی۔ اور ان کی زیارت کے خواہشمند ہیں۔ اسی طرح وہ بھی جو تیرے بعد رسول آئیں گے۔

اے موسیٰ علیہ السلام تمام رسولوں میں سے جو احمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لایا تو میں اس کی نیکیاں رد کردوں گا، اور اس سے حکمت کی حفاظت روک دوں گا، ہدایت

Marfat.com

نور دور کردوں گا اور انبیاء کے فہرست سے ان کا نام نکال دوں گا۔

اے موسیٰ جو اپنے لئے پسند کرتے ہو وہ احمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے پسند کرو اور جو اپنی امت کیلئے چاہتے ہو وہی ان کی امت کیلئے چاہو۔ میں تمہارے لئے اور تمہاری امت کیلئے ان کی شفاعت میں سے حصہ مقرر کردوں گا۔

﴿25﴾

حضرت موسیٰ علیہ سلام اور عظمتِ درود

اَوْصَی اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِلٰی مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ فِیْ بَعْضِ مَا اَوْحٰی اِلَیْہِ۔

یَا مُوْسٰی لَوْلَا مَنْ یَحْمَدُ نِیْ مَا اَنْزَلْتُ مِنَ السَّمَآءِ قَطَرَۃٌ وَلَا اَنْبَتُ مِنَ الْاَرْضِ وَرَقَۃً...

یَا مُوْسٰی لَوْلَا مَنْ یَعْبُدُنِیْ مَا اَمْھَلْتُ مَنْ یَعْصِیْنِیْ طُرْفَۃَ عَیْنٍ۔

یَا مُوْسٰی لَوْلَا مَنْ یَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ لَسَلَّیْتُ جَھَنَّمَ عَلَی الدُّنْیَا۔

یَامُوْسٰی اِذَا لَقِیْتَ الْمَسَاکِیْنَ فَسَائِلْھُمْ کَمَا تُسَائِلُ الْاَغْنِیَآءَ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ ذٰلِکَ فَاجْعَلْ کُلَّ شَیْءٍ عَلِمْتَ اَوقَالَ عَمِلْتَ تَحْتَ التُّرَابِ۔

یَا مُوْسٰی اَتُحِبُّ اَنْ لَایَنَالَکَ مِنْ عَطْشِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ ؟۔

Marfat.com

قَالَ: اِلٰهِیْ نَعَمْ ۔ قَالَ فَاَکْثِرْ مِنَ الصَّلَاةِ عَلٰی مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔القول البدیع (سخاوی) صفحہ نمبر 129۔

ترجمہ:۔ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی جس میں حکم دیا:

اے موسیٰ علیہ السلام اگر کسی ایک نے بھی میری حمد نہ کی تو میں آسمان سے پانی کا کوئی قطرہ بھی نہ اتاروں گا اور نہ ہی زمین کوئی پتہ اگائے گی۔

اے موسیٰ علیہ السلام اگر کسی ایک نے بھی میری عبادت نہ کی تو میں پلک جھپکنے کی بھی فرصت نہ دوں گا۔

اے موسیٰ علیہ السلام اگر کسی ایک نے بھی گواہی نہ دی کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میں جہنم کو دنیا پر بہادوں گا۔

اے موسیٰ علیہ السلام جب آپ کسی مسکین کو ملو تو اس کے ساتھ بھی ویسی ہی شفقت کرو جیسی اغنیاء کے ساتھ کرتے ہو۔اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو ہر وہ چیز جو آپ جانتے ہو یا کہا کہ عمل کرتے ہو اسے ملیامیٹ کردوں گا۔

اے موسیٰ علیک السلام کیا آپ چاہتے ہیں کہ قیامت کے دن آپ کو پیاس نہ لگے؟۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: جی ہاں۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ پھر میرے محبوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود شریف کی کثرت کیا کرو۔

Marfat.com

﴿26﴾

دوسوسالہ عاصی پر نامِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم کی برکت

كَانَ فِيْ بَنِي اِسْرَائِيْلَ رَجلٌ عَصٰى مِائَتَىْ سَنَةٍ ثُمَّ مَاتَ فَأَخَذُوْا بِرِجْلِهٖ فَاَلْقَوْهُ عَلٰى مَزْبَلَةٍ فَأَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنْ اُخْرِجْ فَصَلِّ عَلَيْهِ .

قَالَ يَارَبِّ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ شَهِدُوْا اَنَّهٗ عَصَاكَ مِأَتَىْ سَنَةٍ.

فَأَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ هٰكَذَاكَانَ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ كُلَّمَا نَشَرَ التَّوْرٰةَ وَنَظَرَ اِلٰى اِسْمِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم قَبَّلَهٗ وَوَضَعَهٗ عَلٰى عَيْنَيْهِ وَصَلّٰى عَلَيْهِ ، فَشَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ وَغَفَرْتُ ذُنُوْبَهٗ وَزَوَّجْتُهٗ سَبْعِيْنَ حُوْرًا .

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 45۔

۔السیرۃ الحلبیۃ (نورالدین حلبی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 123۔

۔الخصائص الکبری (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 29۔

۔القول البدیع (سخاوی) صفحہ نمبر 124۔

۔حجۃ اللہ علی العالمین (نبہانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 201۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ الاعراف آیۃ نمبر 156۔

ترجمہ:۔ بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جس نے دوسوسال تک اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔ چنانچہ جب وہ مرگیا تو لوگوں نے اس کو اس کی ٹانگوں سے پکڑ کر گندگی کے ایک ڈھیر پر پھینک دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ چلو اور اس پر جنازہ پڑھو۔

Marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار بنی اسرائیل نے گواہی دی ہے کہ اس نے آپ کی دوسو سال تک نافرمانی کی۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں ایسا ہی ہے مگر یہ کہ جب بھی یہ تورات کھولتا اس میں نامِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتا تو اس کو چومتا اور اپنی دونوں آنکھوں پر لگاتا اور ان پر درود بھیجتا تھا اسی وجہ سے میں نے اس کا اجر دیا ہے اور اس کی مغفرت کردی اور میں نے اس کی ستر حورانِ بہشتی سے شادی کردی ہے۔

﴿27﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے آباؤ اجداد

اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی جنگ

عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ الْبَاھِلِیْ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: لَمَّا بَلَغَ وَلَدُ مَعَدِ بْنِ عَدْنَانَ اَرْبَعِیْنَ رَجُلًا وَقَفُوْا عَلٰی عَسْکَرِ مُوْسٰی ۔ فَانْتَبَھُوْا فَدَعَا عَلَیْھِمْ مُوْسَی بْنُ عِمْرَانَ فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلَیْہِ:

یَا مُوْسَی بْنَ عِمْرَانَ لَاتَدْعُ عَلَیْھِمْ فَاِنَّ مِنْھُمُ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ النَّذِیْرَ الْبَشِیْرَ ۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 140۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 400۔

۔الخصائص الکبری (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 18۔

Marfat.com

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 192۔

۔حجۃ اللہ علی العلمین (نبہانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 188۔

ترجمہ:۔ حضرت معد بن عدنان (جو کہ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے آباؤ اجداد میں سے تھے) ان کے بیٹوں کی تعداد چالیس ہوگئی ان کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لشکر کے ساتھ مڈھ بھیڑ ہوگئی۔ چنانچہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لشکر کو ہزیمت سے دوچار کر دیا۔ پس حضرت موسیٰ علیہ السلام ان کے خلاف بد دعا کرنے لگے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف فوراً وحی فرمائی:

اے موسیٰ علیہ السلام ان کے خلاف بد دعا نہ کرنا کیونکہ انہیں میں سے میرے نبی امی بشیر اور نذیر تشریف لائیں گے۔

﴿28﴾

آسمان کے ستاروں اور زمین کی نباتات سے زیادہ غلامانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

قَالَ وَهَبُ بْنُ مُنَبَّهٍ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہ: قَرَأْتُ فِیْ بَعْضِ الْکُتُبِ الْقَدِیْمَةِ قَالَ اللّٰہ تَبَارَكَ وَتَعَالیٰ:

وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ لَأُنْزِلَنَّ عَلٰی جِبَالِ الْاَرْضِ نُوْراً فَلَا مَابَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَأُخْرِجَنَّ مِنْ وُلْدِ اِسْمَاعِیْلَ نَبِیّاً اُمِّیًّا یُؤْمِنُ بِهٖ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَنَبَاتِ الْاَرْضِ، کُلُّهُمْ یُؤْمِنُ بِیْ وَبِهٖ رَسُوْلًا وَیَکْفُرُوْنَ بِمِلَلِ اٰبَائِهِمْ وَیَفِرُّوْنَ مِنْهَا۔ قَالَ

Marfat.com

مُوْسٰی:

سُبْحَانَكَ وَتَقَدَّسْتَ اَسْمَآؤُكَ لَقَدْكَرَّمْتَ هٰذَا النَّبِیَّ الْكَرِیْمَ وَشَرَّفْتَهٗ۔ قَالَ اللّٰہ :

یَا مُوْسٰی اِنِّی اَنْتَقِمُ مِنْ عَدُوِّهٖ فِیْ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔ وَاُظْهِرُ دَعْوَتَهٗ عَلٰی كُلِّ دَعْوَةٍ۔ وَاُذِلُّ مَنْ خَالَفَ شَرِیْعَتَهٗ، بِالْعَدْلِ زَیَّنْتُهٗ، وَلِلْقِسْطِ اَخْرَجْتُهٗ، وَعِزَّتِیْ لَاَ سْتَقِذَنَّ بِهٖ اُمَماً مِنَ النَّارِ، فَتَحْتُ الدُّنْیَا بِاِبْرَاهِیْمَ وَاَخْتَمُهَا بِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم، فَمَنْ اَدْرَكَهٗ وَلَمْ یُؤْمِنْ بِهٖ وَلَمْ یَدْخُلْ فِیْ شَرِیْعَتِهٖ فَهُوَمِنَ اللّٰهِ بَرِیْءٌ۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلدنمبر2 صفحہ نمبر435۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلدنمبر 61 صفحہ نمبر100۔(تقارب)

۔نہایۃ الارب فی فنون الارب (النویری) حصہ تاریخ باب اختلاف قریش۔

ترجمہ:۔ وہب بن منبہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے ایک قدیم کتاب میں پڑھ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

میری عزت اور جلال کی قسم میں زمین کے پہاڑوں پر یقیناً نور نازل کروں گا جو مشرق ومغرب کے درمیان سب کچھ بھر دے گا۔اور میں یقیناً حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک نبی اُمی نکالوں گا اس پر آسمان کے ستاروں اور زمین کی نباتات کے برابر لوگ ایمان لائیں گے اور وہ تمام کے تمام میرے رب ہونے پر اور ان کے رسول ہونے پر ایمان رکھیں گے۔اور ان کے آباء واجداد کے ادوار میں سے جو لوگ اس چیز کے منکر ہوں گے یہ ان سے کوئی بھی تعلق نہیں رکھیں گے اور ان سے دور رہیں گے۔حضر

موسیٰ علیہ السلام نے کہا:

تو پاک ہے تیرے نام مقدس ہیں۔ تونے اس نبی کریم کو عزت اور شرف عطا فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

بیشک میں دنیا و آخرت میں اس کے دشمنوں سے انتقام لوں گا۔ اور ہر دعوت پر اس کی دعوت کو غالب کروں گا۔ اور جو کوئی ان کی شریعت کی مخالفت کرے گا اسے ذلیل کروں گا۔ اس کو عدل کے ساتھ زینت دوں گا اور انصاف کے ساتھ اس کو نکالوں گا۔ اور میری عزت کی قسم ان کے دشمنوں کیلئے ضرور آگ بھڑکاؤں گا۔ میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ دنیا کو وسعت دی اور حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس کو اختتام دوں گا۔ جس نے ان کو پایا اور ان پر ایمان نہ لایا اور ان کی شریعت میں داخل نہ ہوا تو وہ بندہ اللہ تعالیٰ سے بری ہے۔

﴿29﴾

تورات میں محاسن مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَقِيْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُلْتُ:

اَخْبِرْنِيْ عَنْ صِفَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فِي التَّوْرَاةِ۔ قَالَ:

اَجَلْ وَاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمَوْصُوْفٌ فِي التَّوْرَاةِ بِبَعْضِ صِفَتِهٖ فِي الْقُرْاٰنِ:

(يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا)

Marfat.com

وَحِرْزًا لِلْاُمِّيِّيْنَ ، اَنْتَ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ سَمَّيْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ ، لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَاغَلِيْظٍ وَّلَا سَخَّابٍ فِی الْاَسْوَاقِ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَةَ بِالسَّيِّئَةِ وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَغْفِرُ، وَلَنْ يَّقْبِضَهُ اللّٰهُ حَتّٰى يُقِيْمَ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَآءَ بِاَنْ يَّقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ وَيَفْتَحُ بِهَا اَعْيُنًا عُمْيًا،وَآذَانًا صُمًّا،وَقُلُوْبًا غُلْفًا ۔

۔صحیح البخاری کتاب البیوع باب کراہیۃ السخب فی السوق۔

۔مسند احمد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 174 ۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 374۔

۔شرح السنۃ (بغوی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 14۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 388۔

۔مشکوۃ شریف (خطیب بغدادی) صفحہ نمبر 512۔

۔الوفاء (ابن جوزی) صفحہ نمبر 30۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 431۔

ترجمہ:۔ عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنھما سے ملا اور ان سے کہا:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جو صفات تورات میں ہیں ان میں سے مجھے بھی کچھ بتائیں۔انہوں نے کہا:

کیوں نہیں اللہ کی قسم آپ کی جو صفات تورات میں ہیں ان میں سے بعض تو قرآن مجید میں بھی موجود ہیں:

(يٰٓاَيُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا)

Marfat.com

آپ اُمیوں کیلئے جائے پناہ ہیں۔آپ میرے بندے اور رسول ہیں میں نے آپ کا نام متوکل رکھا ہے۔آپ تند خُو اور سخت مزاج نہیں ہیں۔نہ ہی بازاروں میں شوروغل کرنیوالے ہیں۔برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے۔بلکہ آپ درگزر فرماتے ہیں۔آپ کا وصال نہیں ہوگا جب تک کہ آپ اپنی امت میں پیدا ہوئے بگاڑ سنوار نہیں لیں گے۔اور لوگ کہیں گے **لَا اِلٰہ اِلَّااللّٰہُ** اللہ ان کے وسیلہ سے نابینا آنکھیں، بہرے کان اور غلاف چڑھے دل کھول دے گا۔

﴿30﴾

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی الواح میں بھی ذکرِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ لَمَّا اَعْطَی اللّٰہُ تَعَالٰی مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ الْاَلْوَاحَ نَظَرَ فِیْھَا فَقَالَ:

اِلٰھِیْ لَقَدْ اَکْرَمْتَنِیْ بِکَرَامَۃٍ لَمْ تُکْرِمْ بِھَا اَحَدًا قَبْلِیْ ۔فَاَوْحَی اللّٰہُ تَعَالٰی اِلَیْہِ ۔

یَا مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ أَتَدْرِیْ لِمَ فَعَلْتُ ؟قَالَ :

لَا یَا رَبِّ ۔ قَالَ:

لَاَنِّیْ نَظَرْتُ اِلٰی قُلُوْبِ خَلْقِیْ۔ فَلَمْ اَرَ قَلْباً اَشَدَّ تَوَاضُعاً لِّیْ مِنْ قَلْبِکَ ۔ فَلِذَالِکَ اصْطَفَیْتُکَ عَلَی النَّاسِ بِرِسَالَتِیْ وَبِکَلَامِیْ ۔ فَخُذْمَا اٰتَیْتُکَ بِجِدٍّ وَّمَوَاظَبَۃٍ وَکُنْ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ۔مُتْ عَلٰی تَوْحِیْدٍ وَّعَلٰی حُبِّ مُحَمَّدٍ ﷺ۔ قَالَ:مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ:

Marfat.com

وَمَنْ مُحَمَّدُ یَا رَبِّ؟ قَالَ:

اَلَّذِیْ کَتَبْتُ اسْمَهٗ عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ قَبْلَ اَنْ اَخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ بِاَلْفَیْ عَامٍ، مُحَمَّدٌرَّسُوْلِیْ وَحَبِیْبِیْ وَ خِیَرَتِیْ مِنْ خَلْقِیْ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 166۔

۔تفسیر الدرالمنثور (سیوطی) جلدنمبر 6 صفحہ نمبر 418۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ سلام کو تورات کی تختیاں عطا فرمائیں تو انہوں نے عرض کیا:

اے میرے پروردگار تو نے مجھے وہ عزت عطا فرمائی جو مجھ سے پہلے کسی کو بھی نہیں عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی:

اے موسیٰ علیہ سلام کیا تو جانتا ہے کہ میں نے تجھے تورات کیوں عطا فرمائی؟

حضرت موسیٰ علیہ سلام نے عرض کیا:

یا اللہ میں نہیں جانتا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے موسیٰ علیہ سلام اس لئے کہ میں نے اپنی تمام مخلوق کے دلوں کو دیکھا تو میں نے تیرے دل کو سب سے زیادہ تواضع کرنے والا پایا۔ اس لئے میں نے تجھے لوگوں پر اپنا رسول اور کلیم منتخب فرمالیا۔ پس جو کچھ میں نے تجھے دیا ہے اسے بہت مضبوطی سے پکڑو اور شکر گزاروں میں سے ہو جاؤ۔ اور میری توحید اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی محبت میں موت قبول کرنا۔ حضرت سیدنا موسیٰ علیہ سلام نے عرض کیا:

اے میرے پروردگار حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کون ہیں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

آسمانوں اور زمینوں کی تخلیق سے دو ہزار سال پہلے میں نے ان کا نام ساق عرش پر

Marfat.com

لکھا۔ حضرت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم میرے رسول میرے حبیب اور تمام مخلوق میں سے میرے منتخب کئے ہوئے ہیں۔

﴿31﴾

تورات کا افتتاح اور نامِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

قَالَ وَهَبُ بْنُ مُنَبَّهٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا اَخَذَ مُوسَى الْاَلْوَاحَ مِنْ رَبِّهٖ نَظَرَ فِيْهَا ،فَاِذَا فِيْهَا صِفَةُ مُحَمَّدٍ ﷺ وَّاُمَّتِهٖ۔

فَقَالَ مُوْسٰى: اَیْ رَبِّ كَيْفَ اَقْرَأُ الْاَلْوَاحَ عَلٰى اُمَّتِیْ وَفِيْهَا فَضْلُ مُحَمَّدٍ وَّاُمَّتِهٖ ؟۔ كَيْفَ اَمُنُّ عَلَيْهِمْ بِفَضْلِ غَيْرِهِمْ۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يَامُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ وَارْتِفَاعِ مَكَانِیْ فَوْقَ خَلْقِیْ اَنِّی لَا اَرْضٰى عَبْداً لَا يَقْبَلُ فَضْلَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَلَا يُقِرُّ بِهٖ وَلَا يَعْلَمُ اَنَّهٗ اَفْضَلُ الْخَلَائِقِ عِنْدِیْ۔ وَاَقْسَمُ بِعِزَّتِیْ لَاُظْهِرَنَّ مَا كَتَبْتُ لَكُمْ فِی التَّوْرٰةِ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ وَمَا اُعْطِیَ عِيْسٰى فِی الْاِنْجِيْلِ ۔فَاِنْ اَقَرَّ جَمِيْعُ خَلْقِیْ بِذٰلِكَ وَاِلَّا سَلَّطْتُ عَلَى الْمُنْكِرِيْنَ لِفَضْلِهٖ وَفَضْلِ اُمَّتِهٖ مَلَائِكَتِیْ وَلَاَضْرِبَنَّهُمْ بِالصَّوَاعِقِ۔وَكَانَ ذٰلِكَ نَكَالِیْ عَلَيْهِمْ۔

يَامُوْسٰى اِنَّ فَاتِحَةَ التَّوْرَاةِ بِصِفَةِ مُحَمَّدٍ وَّنُبُوَّتِهٖ وَاِنَّ خَاتِمَةَ الْاِنْجِيْلِ بِصِفَةِ اَصْحَابِهٖ۔ وَاِنَّ فَاتِحَةَ الزَّبُوْرِ مُحَمَّدٌ

رَسُوْلُ اللّٰہِ خَیْرٌمَنْ تَظِلُّہُ السَّمَآءُ۔ وَاِنَّہٗ صَاحِبُ الْمَلْحَمَۃِ وَنَبِیُّ الرَّحْمَۃِ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَاِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ وَنُوْرُالْعِبَادِ وَرَبِیْعُ الْبِلَادِ وَمَعْدَنُ الْخَیْرِوَکَھْفُ الْعِلْمِ وَمَعْدَنُ الْحِکْمَۃِ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر1 صفحہ نمبر170۔

ترجمہ:۔ وہب بن منبہ نے بیان کیا جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے تورات کی تختیاں لیں تو ان میں دیکھا تو اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اوّران کی امت کے اوصاف تھے چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا:

یااللہ میں یہ تختیاں اپنی امت پر کیسے پڑھوں کہ اس میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی امت کے فضائل ہیں۔ میں ان کے غیر کی فضیلت بتا کران کو کیسے احسان مند کروں؟۔اللہ تعالیٰ نے ارشادفرمایا:

اے موسیٰ مجھے اپنی عزت اور جلال کی قسم اورمخلوق پر اپنی بلند مکانی کی قسم میں ایسے بندے پر راضی نہیں ہوں گا جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت قبول نہیں کرے گا اور نہ ہی ان کے قریب ہوگا اور نہ ہی وہ یہ جانے کہ میرے ہاں وہ تمام مخلوقات میں سے زیادہ فضیلت والے ہیں، میں اپنی عزت کی قسم اٹھاتا ہوں کہ جو میں نے تمہارے لئے تورات میں لکھا ہے کہ بیشک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے بندے اور میرے رسول ہیں یہ میں ضرور ظاہر کروں گا۔اور یہی کچھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کوتورات میں بھی فرمایا گیا۔پس اگر میری تمام مخلوق ان کوتسلیم کرلے گی تو فبہا وگرنہ انکار کرنے والوں پر اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی امت کی فضیلت کے اظہار کیلئے اپنے فرشتے مقرر کردوں گا اورانہیں بجلیوں سے مار مار کر باعث عبرت بنادوں گا۔

اے موسیٰ تورات کی ابتداء میرے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی حمدوثناء کے بیان سے

Marfat.com

ہے اور انجیل کی ابتداء ان کے صحابہ کی صفات کے بیان سے ہے۔ اور بیشک زبور کی ابتداء میں ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم سب سے بہترین ہیں جن پر آسمان سایہ فگن ہے۔ اور بیشک آپ زبردست مجاہد بھی ہیں اور نبی رحمت بھی، اور چمکتی ایڑی والوں کے سردار بھی ہیں اور متقین کے امام بھی، عبادت گزاروں کا نور بھی ہیں اور ملکوں کی بہار بھی، بھلائی کی کان، علم کی آماج گاہ بھی ہیں اور حکمت کی کان بھی ہیں۔

﴿32﴾

تورات اور شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

عَنْ اُمِّ دَرْدَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا قَالَتْ قُلْتُ لِکَعْبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

کَیْفَ تَجِدُوْنَ صِفَۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ فِی التَّوْرَاۃِ؟۔

قَالَ نَجِدُہٗ فِی التَّوْرَاۃِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اِسْمُہُ الْمُتَوَکِّلُ لَیْسَ بِفَظٍّ وَّلَا غَلِیْظٍ وَّلَا سَخَّابٍ بِالْاَسْوَاقِ ۔ اُعْطِیَ الْمَفَاتِیْحَ لِیُبْصِرَاللّٰہُ بِہٖ اَعْیُنًا عَوْرًا ، وَیَسْمَعُ بِہٖ آذَانًا وَقْرًا ، وَیُقِیْمُ بِہٖ اَلْسِنَۃً مَعْوَجَّۃً حَتّٰی یَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ یُعِیْنُ الْمَظْلُوْمَ وَیَمْنَعُہٗ ۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 377۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 159۔

Marfat.com

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلدنمبر1 صفحہ نمبر343،،جلدنمبر3 صفحہ نمبر394۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلدنمبر2 صفحہ نمبر430۔

ترجمہ:۔ حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے کہا:

آپ لوگ تورات میں حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے بارے میں کیا صفات پاتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا:

ہم تورات میں حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے بارے میں پاتے ہیں کہ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم تند خُو اور سخت دل نہیں ہیں اور نہ ہی آپ بازاروں میں شوروغل کرنے والے ہیں۔آپ کو اللہ تعالیٰ نے چابیاں دی ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے وسیلہ سے اندھی آنکھوں کو بصارت دے، بہرے کانوں کو سماعت دے۔ کج زبانوں کو قائم کرے یہاں تک کہ وہ کہنے لگیں

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه وَحْدَهٗ لَا۔شَرِيْكَ لَهٗ

وہ مظلوم کی مدد کرتے ہیں۔اور اس پر ظلم کو روکیں گے۔

﴿33﴾

تو ہے عین نور

عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَاَنَّهٗ سَمِعَ بِحَدِيْثٍ قَالَ:

رَجُلَانِ يُحَدِّثُ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهٗ،وَكَعْبٌ خَلْفَهُمَا يَسْمَعُ لَا يَعْلَمَانِ بِمَكَانِهٖ اِذْ قَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ:

رَاَيْتُ اللَّيْلَةَ اَوْقَالَ رَاَيْتُ الْبَارِحَةَ كُلَّ نَبِيٍّ فِى الْاَرْضِ۔ مَعَ كُلِّ نَبِيٍّ مِنْهُمْ اَرْبَعَةَ مَصَابِيْحَ۔ مِصْبَاحٌ بَيْنَ يَدَيْهِ وَمِصْبَاحٌ خَلْفَهٗ

Marfat.com

وَمِصْبَاحٌ عَنْ يَمِيْنِهِ وَمِصْبَاحٌ عَنْ يَسَارِهِ۔ وَمَعَ كُلِّ رَجُلٍ مِّمَّنْ مَعَهٗ مِصْبَاحٌ۔ اِذْقَامَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ فَاَضَآءَ تِ الْاَرْضُ۔كُلُّ شَعْرَةٍ فِیْ رَأْسِهٖ مِصْبَاحٌ۔قُلْتُ:

مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْامُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ۔فَقَالَ كَعْبٌ لِلْمُحَدِّثِ يَا عَبْدَاللّٰهِ عَمَّنْ تُحَدِّثُ؟۔

قَالَ: عَنْ رُؤْيَا الْبَارِحَةَ۔

فَقَالَ كَعْبٌ وَاللّٰهِ لٰكِنَّكَ نَشَرْتَ التَّوْرَاةَ فَقَرَاْتَ هٰذَا فِيْهَا۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 390۔

۔نوادرالاصول (حکیم ترمذی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 231۔

۔مختصر ابن منظور جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 42۔

۔الوفاء (ابن جوزی) صفحہ نمبر 35۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 28۔

۔السیرۃ النبویہ (احمد بن زینی دحلان) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 328۔

۔حجۃ اللہ علی العالمین (یہبانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 210۔

ترجمہ:۔ حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنھم سے روایت ہے کہ انہوں یہ حدیث سنی کہ دو آدمی آپس میں گفتگو کر رہے تھے ان میں سے ایک آدمی دوسرے کو بتا رہا تھا جبکہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ ان کے پیچھے پیچھے ان کی باتیں سن رہے تھے جب کہ انہیں معلوم نہ تھا۔ایک آدمی اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا:

میں نے گزشتہ رات خواب دیکھا کہ تمام انبیائے کرام علیھم السلام زمین پر موجود ہیں۔ ہر ہر نبی کے ساتھ چار چار چراغ ہیں۔ایک چراغ ان کے سامنے، ایک پیچھے، ایک

Marfat.com

دائیں اور ایک بائیں ہیں۔اور ان کے ہر امتی کے پاس ایک ایک چراغ ہے۔لیکن ایک ہستی ایسی ہے کہ ان کے سر کے ہر ہر بال میں چراغ ہے جس کی روشنی سے زمین چمک رہی ہے۔

میں نے پوچھا کہ یہ کون ہیں؟۔

لوگوں نے کہا کہ یہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کرنے والے سے کہا اے اللہ کے بندے یہ روایت تم نے کس راوی سے بیان کی ہے۔

اس نے جواب دیا کہ میں نے گزشتہ رات خواب دیکھا ہے۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اللہ کی قسم تم نے ضرور تورات کھولی ہے اور تم نے اسی میں پڑھا ہے۔

﴿34﴾

تمام انبیائے کرام حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی امت میں

قَالَ اللّٰہ تَعَالٰی:

یَامُوسٰی مَنْ لَمْ یُؤْمِنْ بِاَحْمَدَ مِنْ جَمِیْعِ الْمُرْسَلِیْنَ وَلَمْ یُصَدِّقْہُ وَلَمْ یَشْتَقْ اِلَیْہِ کَانَتْ حَسَنَتُہٗ مَرْدُوْدَۃً عَلَیْہِ وَ مَنَعْتُہٗ حِفْظَ الْحِکْمَۃِ وَلَااَدْخُلُ فِی قَلْبِہٖ نُوْرَالْھُدٰی وَاَمْحُوْا اِسْمَہٗ مِنَ النُّبُوَّۃِ۔

یَامُوْسٰی مَنْ اٰمَنَ بِاَحْمَدَ وَصَدَّقَہٗ اُولٰئِکَ ھُمُ الْفَائِزُوْنَ۔ وَمَنْ

كَفَرَبِاَحْمَدَ وَكَذَّبَهٗ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِیْ اُوْلٰئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۔ اُوْلٰئِكَ هُمُ النَّادِمُوْنَ۔ اُوْلٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُوْنَ۔

۔مطالع المسرات (الفاسی) صفحہ نمبر 630۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 173 (تقارب)۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے موسیٰ علیہ السلام تمام انبیاء میں سے جو بھی احمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لایا اور ان کی تصدیق نہ کی اور اسے ان کی طرف اشتیاق پیدا نہ ہوا تو اس کی نیکیاں اس پر ضائع ہو جائیں گی اس سے اس کی دانائی ختم ہو جائے گی اور نہ ہی اس کے دل میں ہدایت کا نور داخل کروں گا اور اس کا نام نبیوں کی فہرست سے مٹا دوں گا۔

اے موسیٰ جو بھی احمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم پر ایمان لائے گا وہی لوگ کامیاب ہوں گے اور جس (نبی) نے احمد کا انکار کیا اور میری مخلوق میں سے جس نے بھی ان کو جھٹلایا تو وہی لوگ خسارہ پانے والے ہیں، وہی لوگ نادم ہونیوالے ہیں، وہی لوگ غفلت والے ہیں۔

﴿35﴾

ایک یہودی عالم کا غلامیٔ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم میں آنا

عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ بِمُخْرَجِ النَّبِیِّ ﷺ فَلَقِیَهٗ فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ ﷺ: اَنْتَ ابْنُ سَلَامٍ عَالِمُ یَثْرَبَ ؟۔

قَالَ: نَعَمْ

قَالَ: بِاللّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلٰی مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ هَلْ

Marfat.com

تَجِدُ صِفَتِیْ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ تَعَالیٰ اَنْزَلَ عَلیٰ مُوْسیٰ ؟۔

قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنِ سَلَامٍ: اُنْسُبْ رَبَّکَ یَا مُحَمَّدُ ﷺ ۔

فَارْتَجَّ النَّبِیُّ ﷺ فَقَالَ لَہٗ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ

(قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ،لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ)

فَقَالَ ابْنُ سَلَامٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ:

اَشْھَدُ لَکَ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ ،وَاَنَّ اللّٰہَ مُظْھِرُکَ وَمُظْھِرُ دِیْنِکَ عَلَی الْاَدْیَانِ،وَاَنِّیْ لَاَجِدُ صِفَتَکَ فِیْ کِتَابِ اللّٰہِ تَعَالیٰ

(یٰٓاَیُّھَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّ نَذِیرًا)

اَنْتَ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ سَمَّیْتُکَ الْمُتَوَکِّلَ۔ لَیْسَ بِفَظٍّ وَلَاغَلِیْظٍ وَّلَا سَخَّابٍ فِی الْاَسْوَاقِ وَلَا تَجْزِی السَّیِّئَۃَ بِالسَّیِّئَۃِ مِثْلَھَا وَلٰکِنْ تَعْفُوْ وَتَصْفَحُ ۔ وَلَنْ یَّقْبِضَہُ اللّٰہُ حَتّٰی تَسْتَقِیْمَ بِہِ الْمِلَّۃَ الْعَوْجَاءَ ۔ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَیَفْتَحُ اَعْیُنًا عُمْیاً،وَآذَانًا صُمًّا، وَ قُلُوْباً غُلْفًا۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 270۔

۔مسند الدارمی (کماذکر السیوطی فی الخصائص)۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 376۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 387۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 430۔

Marfat.com

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 19۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ الاعراف آیۃ نمبر 156۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی آمد کے بارے میں سنا تو آپ سے ملاقات کی۔حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ان سے فرمایا:

آپ ہی اہل یثرب کے عالم ہو؟

انہوں نے کہا: جی ہاں۔

آپ نے فرمایا:

آپ کو اس اللہ تعالیٰ کی قسم جس نے حضرت موسیٰ علیہ سلام پر طور سیناء میں تورات نازل فرمائی کیا آپ اس کتاب میں جو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ سلام پر اتاری اس میں میری صفات پاتے ہو؟۔

انہوں نے کہا کہ آپ اپنے رب کی تعریف بیان فرمائیں۔

آپ نے کچھ توقف فرمایا تو جبریل علیہ سلام حاضر ہوئے اور سورۃ اخلاص پیش کرتے ہوئے عرض کیا:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ،لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔

تو عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہیں اور بیشک اللہ تعالیٰ آپ کو غالب کرے گا اور آپ کے دین کو تمام دینوں پر غالب کرے گا۔اور میں اللہ تعالیٰ کی کتاب میں آپ کی یہ صفات پاتا ہوں:

(يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيرًا)

Marfat.com

آپ میرے بندے اور رسول ہیں میں نے آپ کا نام متوکل رکھا ہے۔آپ تندخو اور سخت مزاج نہیں ہیں۔نہ ہی بازاروں میں شوروغل کرنے والے ہیں۔برائی کا بدلہ ویسی برائی سے نہیں دیتے۔ بلکہ آپ درگزر فرماتے ہیں۔آپ کا وصال نہیں ہوگا یہاں تک کہ آپ بگڑی امت کو سنوار لیں گے۔اور لوگ کہیں گے **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ**۔آپ کے وسیلہ سے نابینا آنکھیں، بہرے کان اور غلاف چڑھے دل کھول دیئے جائیں گے۔

﴿36﴾

حضرت داؤد علیہ السلام اور شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

ذَکَرَ وَھْبُ بْنُ مُنَبَّۃٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ قِصَّۃِ دَاوٗدَ النَّبِیِّ عَلَیْہِ سَلَامُ وَمَا اَوْحٰی اِلَیْہِ فِی الزَّبُوْرِ

:یَادَاوٗدُ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنَّہٗ سَیَاْتِیْ مِنْ بَعْدِکَ اسْمُہٗ اَحْمَدُ وَمُحَمَّدٌ ﷺ صَادِقًا ،سَیِّدًا ،لَا اَغْضَبُ عَلَیْہِ اَبَدًا ،وَّلَا یُغْضِبُنِیْ اَبَدًا،وَقَدْ غَفَرْتُ لَہٗ قَبْلَ اَنْ یُّعْصِیَنِیْ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَمَا تَاَخَّرَ

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلدنمبر1 صفحہ نمبر380۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلدنمبر3 صفحہ نمبر396۔

۔البدایۃ والنھایۃ (ابن کثیر) جلدنمبر6 صفحہ نمبر62۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلدنمبر1 صفحہ نمبر26۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ الاعراف آیۃ نمبر156۔

۔حجۃ اللہ علی العلمین (میہانی) جلدنمبر1 صفحہ نمبر198۔

ترجمہ:۔ وھب بن منبہ رضی اللہ عنہ نے حضرت داؤد علیہ سلام کے واقعہ میں بیا

Marfat.com

کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زبور میں وحی فرمائی:

اے داؤد علیہ سلام بے شک تیرے بعد عنقریب ایک نبی آئے گا جس کا نام احمد اور محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ہوگا۔ سچے اور سردار ہوں گے، میں ان پر کبھی بھی ناراض نہیں ہوں گا اور نہ ہی وہ مجھے ناراض کریں گے۔ اور میں نے ان کی کسی بھی لغزش سے پہلے ہی ان کے لئے اذن مغفرت و بخشش دے دیا ہے۔

﴿37﴾

حضرت داؤد علیہ السلام اور عظمت مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

نقل است کہ داود علیہ السلام مناجات کرد کہ خداوندا من درزبور نوری مشاهده کرده ام ساطع که هرکه بتلاوت آں مشغول میشوم محراب من درجنبش واهتزازمی آید ودل مرا روح وراحت فرد میگیرد و صومعۂ من منور میگردد۔ خداوند آں چه نوراست۔ حق تعالیٰ فرمود آن نور محمد است صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ لِاَجْلِہٖ خَلَقْتُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃَ وَآدَمَ وَحَوَّآ وَالْجَنَّۃَ وَالنَّارَ۔

داود علیہ السلام آوازبرآوردنام محمد صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ برزبان راندوگفت مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ وبیکبارطیور و وحوش وهوام وکوه ودشت وبیاباں همه بجواب اودرآمدند وزبان بگفتار قَدْ صَدَقْتَ یَا

Marfat.com

دَاوٗدُ بکشادند فَلِذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا یَاجِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ

بعدازاں دیگر ہر بار کہ خواستی تابتلاوت زبور

اشتغال نماید ابتدا بکلمة

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ نمودی۔

۔معارج النبوۃ (معین کاشفی) رکن دوم صفحہ نمبر 12۔

ترجمہ:۔حضرت داؤد علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا: اے اللہ میں جب بھی زبور کی تلاوت شروع کرتا ہوں تو مجھے ایک نور نظر آتا ہے اور ساتھ ہی میرا محراب خوشی سے جھومنے لگتا ہے اور اس وقت میرا دل وجگر انتہائی راحت محسوس کرتا ہے۔میرا کمرہ روشن ومنور ہو جاتا ہے۔اے اللہ یہ نور کیسا ہے؟۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اے داؤد یہ نور محمدی صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ہے۔میں نے اسی نور کی وجہ سے دنیا، آخرت، حضرت آدم، حضرت حوا علیہما السلام، جنت اور دوزخ کو پیدا فرمایا۔

تب حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام نے بلند آواز سے نام محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پکارا تو پرندے، جنگلی، وحشی، کوہ ودشت، بیاباں اور صحرا سے ایک آواز اٹھی:

اے داؤد آپ نے صحیح نام پکارا۔اسی مضمون کو کلام الٰہی سے بیان کیا گیا

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا یَا جِبَالُ اَوِّبِیْ مَعَهٗ وَالطَّیْرَ

اس دن کے بعد جب بھی آپ زبور شریف کی تلاوت فرمانے لگتے تو

لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھ لیتے تھے۔

Marfat.com

﴿38﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم فاتحِ عالم

مَقَاتِلُ بْنُ سُلَيْمَانَ رضی اللّٰہ عنه قَالَ وَجَدتُّ مَكْتُوْباً فِیْ الزُّبُوْرِ:

اِنِّی اَنَا اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلِیْ اِلَی الْعَرَبِ ،فَيُقْهِرُ الْعَجَمَ، وَيَفْتَحُ مَشَارِقَ الْاَرْضِ اِلٰی مَغَارِبِهَا ،وَهُوَ خَيْرُ الْاَنْبِيَآءِ وَسَيِّدُهُمْ وَاَفْضَلُ الْخَلْقِ وَاَكْرَمُهُمْ عَلَیَّ، فَطُوْبٰی لِمَنْ اٰمَنَ بِهٖ، وَطُوْبٰی لِمَنِ اتَّبَعَهٗ،وَطُوْبٰی لِمَنْ هَاجَرَ مَعَهٗ،وَطُوْبٰی لِمَنِ اقْتَدٰی بِهٖ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 162 ۔

ترجمہ:۔ مقاتل بن سلیمان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے تورات میں لکھا ہوا پایا: بے شک میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں۔حضرت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم میرے تمام عرب کی طرف رسول ہیں۔پس وہ عجم پر غلبہ پائیں گے۔زمین کے مشارق کو مغارب تک فتح کریں گے۔اور وہ انبیائے کرام میں سے بہترین اور ان کے سردار ہیں ۔میری مخلوق میں سے افضل ترین اور مجھ پر سب سے زیادہ معزز ہیں ۔پس سعادت ہے ان کے لئے جو اِن پر ایمان لائیں گے۔پس سعادت ہے ان کے لئے جو اِن کی پیروی کریں گے۔ سعادت ہے ان کے لئے جو اِن کے ساتھ ہجرت کریں گے۔سعادت ہے ان کے لئے جو اِن کی اقتداء کریں گے۔

﴿39﴾

زبور اور ذکر مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

وَفِی زَبُوْرِدَاوٗدَعَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ مَزْبُوْرِاَرْبَعَةٍوَاَرْبَعِیْنَ فَاضَتِ النِّعْمَةُ مِنْ سَیْفِكَ مِنْ هٰذَا۔ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ اِلَی الْاَبَدِ۔ تَقَلَّدْ اَیُّهَا الْجَبَّارُالسَّیْفَ۔فَاِنَّ شَرَائِعَكَ وَسُنَّتَكَ مَقْرُوْنَةٌ بِهَیْبَةِ یَمِیْنِكَ۔ وَسَهَامُكَ مَسْنُوْنَةٌ وَجَمِیْعُ الْاُمَمِ یَخِرُّوْنَ تَحْتَكَ۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 435۔

۔مدارج النبوۃ (شیخ محقق) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 101 (فارسی)۔

ترجمہ:۔ حضرت داؤد علیہ السلام کی زبور کے چوالیسویں مزبور میں موجود ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم آپ کے دونوں ہونٹوں سے نعمتیں جاری ہیں۔اسی لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ابد تک برکتیں دی ہیں اے طاقتور اپنی شمشیر نیام میں کر۔بیشک آپ کی شریعت و حکمت اور آپ کی سنت آپ کے دائیں ہاتھ میں ہے۔اور آپ کے تیر تیز ہیں اور تمام امتیں آپ کے سامنے سرنگوں ہوں گی۔

﴿40﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم فاتحِ عالم

وَهَبُ بْنُ مُنَبِّهٍرَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

قَرَاْتُ فِیْ زَبُوْرِدَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ ذِكْرَ نَبِیِّنَا:

اَنَّهٗ یَجُوْزُمِنَ الْبَحْرِ اِلَی الْبَحْرِ۔ وَمِنَ لَّدُنِ الْاَنْهَارِ اِلٰی

Marfat.com

مُنْقَطِعِ الْاَرْضِ ۔ وَاَنْ یَخِرَّ اَھْلُ الْجَزَائِرِ بَیْنَ یَدَیْہِ عَلٰی رُکْبِھِمْ وَیَلْحَسُ اَعْدَآءُہُ التُّرَابَ مِنْ تَحْتِ قَدَمَیْہِ۔ وَتُدِیْنُ لَہُ الْاُمَمُ بِالطَّاعَۃِ وَالْاَنْقِیَادِ، لِاَنَّہُ یُخْلِصُ الْمُضْطَھَدَمِمَّنْ ھُوَاَقْوٰی مِنْہُ،وَیَرْأَفُ بِالضُّعَفَآءِ وَالْمَسَاکِیْنَ ، وَیُصَلِّیْ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ ، وَیُبَارِکُ عَلَیْہِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ، وَیَدُوْمُ ذِکْرُہٗ مَعَ ذِکْرِ اللّٰہِ اِلَی الْاَبَدِ ۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلدنمبر3 صفحہ نمبر518۔

۔المجالسۃ وجواہر العلم (دینوری) جلدنمبر1 صفحہ نمبر166 حدیث نمبر759۔

۔موسوعۃ الدفاع عن سول اللہ ﷺ (باب البشارۃ الرابعۃ) جلدنمبر2 صفحہ نمبر93۔

ترجمہ:۔ وہب بن منبہ رضی اللہ عنہ نے کہا:

میں نے حضرت داؤد علیہ السلام کی زبور شریف میں اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ذکر مبارک پڑھا ہے جو کچھ یوں ہے:

آپ ایک سمندر سے دوسرے سمندر کی طرف چلیں گے۔نہروں سے بنجر زمین کی طرف چلیں گے اور یہ کہ اہل جزائر ان کے سامنے گھٹنوں کے بل گریں گے یعنی ان کے فرماں بردار ہو جائیں گے اور ان کے دشمن ان کے قدموں کی خاک مبارک چومیں گے اور اقوام اور ناقدین اطاعت کرتے ہوئے آپ کی فرمانبرداری کریں گے۔ کیونکہ وہ کمزوروں کو طاقتوروں سے نجات دلائیں گے۔کمزوروں اور مسکینوں پر نرمی کریں گے اور وہ تمام اوقات میں نماز پڑھیں گے ہر دن ان پر برکتوں کا نزول ہوتا رہے گا اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ ان کا ذکر مبارک بھی ہمیشہ جاری رہے گا۔

Marfat.com

﴿41﴾

حضرت سلیمان علیہ السلام اور شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ عَقِیْلٍ قَالَ اِنْطَلَقْنَا فِیْ وَفْدٍ فَاَتَیْنَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ قَائِلٌ مِنَّا:

یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا سَاَلْتَ رَبَّكَ مُلْكاً كَمُلْكِ سُلَیْمَانَ؟ ۔

فَضَحِكَ وَقَالَ: لَعَلَّ صَاحِبَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ اَفْضَلُ مِنْ مُلْكِ سُلَیْمَانَ ۔اِنَّ اللّٰه لَمْ یَبْعَثْ نَبِیًّا اِلَّااَعْطَاهُ دَعْوَةً ۔ فَمِنْهُمْ مَنْ اِتَّخَذَ دُنْیَاهُ فَاُعْطِیَهَا۔ وَمِنْهُمْ مَنْ دَعَا بِهَا عَلٰی قَوْمِهٖ اِذَا عَصَوْهُ فَاُهْلِكُوْا۔ وَاِنَّ اللّٰه اَعْطَانِیْ دَعْوَةً فَاَخْتَبَأْتُهَا عِنْدَ رَبِّیْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ۔

۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 323۔

۔کتاب السنۃ (ابن ابی عاصم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 393۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 68۔

۔مختصر المستدرک (حاکم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 78۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 370۔

۔الترغیب والترہیب (منذری) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 433۔

۔المطالب العالیۃ (عسقلانی) حدیث نمبر 4647۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 269۔

۔شواہد الحق (یہانی) صفحہ نمبر 99۔

Marfat.com

ترجمہ:۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عقیل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ہم ایک وفد میں تھے چنانچہ ہم حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے ہم میں سے ایک شخص نے عرض کیا:

یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم آپ حضرت سلیمان علیہ السلام کی حکومت کی طرح حکومت کا سوال کیوں نہیں کرتے؟ آپ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم مسکرائے اور ارشاد فرمایا:

تمہارے صاحب اللہ تعالیٰ کے ہاں حضرت سلیمان علیہ السلام سے افضل ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جو بھی نبی بھیجا اس کو ایک خصوصی دعا کا اِذن دیا اور اس کی وہ دعا قبول فرمائی ان میں سے جس نے دنیا طلب کی اسے عطا فرما دی گئی۔ جس نے اپنی نافرمانی کرنے والی قوم پر بددعا کی تو وہ قوم برباد کر دی گئی۔ اور اللہ نے مجھے دعا کا اختیار دیا تو میں نے قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کیلئے اپنے رب کے پاس اس دعا کو بچالیا ہے۔

﴿42﴾

حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی کی زینت
نامِ محمد سے صلّی اللہ علیہ وسلم

كَانَ فَصُّ خَاتَمِ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ سَمَاوِياً فَاَلْقٰى اِلَيْهِ فَاَخَذَهُ فَوَضَعَهُ فِيْ خَاتَمِهِ وَكَانَ نَقْشُهُ:

اَنَااللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّااَنَا مُحَمَّدٌ عَبْدِيْ وَرَسُوْلِيْ ۔

۔مسند شامیین (طبرانی) حدیث نمبر 703۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 22 صفحہ نمبر 252۔

۔خصائص کبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 14۔

Marfat.com

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 226۔

۔حجۃ اللہ علی العالمین (نبہانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 344۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

حضرت سلیمان بن داود علیہما السلام کی انگوٹھی کا نگینہ آسمانی تھا جوان کو پیش کیا گیا تھا تو انہوں نے پکڑ کر اپنی انگوٹھی میں لگالیا۔اس نگینہ پر لکھا ہوا تھا:

میں اللہ ہوں اور حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلم میرے بندے اور میرے رسول ہیں۔

﴿43﴾

عرش کا سکون نام محمد صلّی اللہ علیہ وسلم

اَوْحَی اللّٰہُ اِلٰی عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ :

یَا عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ : آمِنْ بِمُحَمَّدٍ ﷺ وَأْمُرْ مَنْ اَدْرَکَ مِنْ اُمَّتِکَ اَنْ یُؤْمِنُوْا بِہٖ فَلَوْلَا مُحَمَّدٌ ﷺ مَا خَلَقْتُ آدَمَ . وَلَوْلَا مُحَمَّدٌمَا خَلَقْتُ الْجَنَّۃَوَلَا النَّارَ۔ وَلَقَدْ خَلَقْتُ الْعَرْشَ عَلَی الْمَآءِ فَاضْطَرَبَ فَکَتَبْتُ عَلَیْہِ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَسَکَنَ۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 615۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 163۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 14۔

۔الوفاء (ابن جوزی) صفحہ نمبر 27۔

۔شفاء السقام (سبکی) صفحہ نمبر 359۔

Marfat.com

۔تفسیر روح البیان (حقی) تحت سورۃ الفرقان آیت نمبر 10۔

۔السیرۃ النبویۃ (زینی دحلان) جلد نمبر 1 صفحہ 10۔

۔شواہد الحق (نبہانی) صفحہ نمبر 103، صفحہ نمبر 123۔

۔فتاوی رضویہ (اعلیٰ حضرتؒ) جلد نمبر 30 صفحہ نمبر 188۔

۔الآثار المرفوعہ (لکھنوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 44۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ سلام کی طرف وحی کی:

میرے محبوب پر ایمان لاؤ اور اپنی امت کو ایمان لانے کا حکم دو۔ کیونکہ اگر محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نہ ہوتے تو میں حضرت آدم علیہ سلام کو پیدا نہ کرتا، اور اگر محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نہ ہوتے تو میں جنت اور دوزخ کو نہ بناتا۔ میں نے پانی پر عرش بنایا تو وہ مضطرب ہوگیا

پس اس پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا تو وہ پُرسکون ہوگیا

﴿44﴾

جمالِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام

وَمِمَّا فَضَّلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهٖ اَنَّهٗ اَوْحٰى فِى الْاِنْجِيْلِ اِلٰى عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ

يَا ابْنَ مَرْيَمَ الْبِكْرِ الْبَتُوْلِ اِنِّى مُوْصِيْكَ بِسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحَبِيْبِى مِنْهُمْ اَحْمَدُ صَاحِبُ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ، وَالْوَجْهِ الْاَقْمَرِ، اَلْمُشْرِقُ الْاَنْوَرِ بِالنُّوْرِ الظَّاهِرِ، وَالْقَلْبِ الطَّاهِرِ، سَيِّدُ النَّاسِ، اَلْحُيُّ الْمُكَرَّمُ، فَاِنَّهٗ رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ، سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ

عِـنْـدِیْ،وَیَوْمَ یَلْقَانِیْ اَکْرَمُ النَّاسِ عَلَیَّ،وَاَقْرَبُ الْمُرْسَلِیْنَ،اَلنَّبِیُّ الْـعَـرَبِـیُّ الْاُمِـیُّ،اَلـدَّیَّـانُ بِـدِیْـنِیْ، وَالصَّابِرُ فِی ذَاتِیْ ،اَلْمُجَاهِدُ لِـلْـمُشْـرِکِیْـنَ بِیَـدِهٖ، آمِـرُکَ اَنْ تُـخْـبِرَبَنِی اِسْرَائِیْلَ اَنْ یُصَدِّقُوْا بِهٖ،وَیُؤْمِنُوْا بِهٖ،یَتَّبِعُوْهُ وَیَنْصُرُوْهُ ۔

یَاعِیْسٰی اِرْضِهٖ فَاِنَّ لَکَ الرِّضَا۔ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ رَضِیْتُ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 173 ۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 378 (تقارب مفہوم)۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلدنمبر 3 صفحہ نمبر 398۔

ترجمہ۔ :ان فضائل میں سے جو اللہ نے انجیل میں حضرت عیسیٰ علیہ سلام کی طرف اتارے ہیں ان میں سے یہ ہے کہ:

اے کنواری مریم بتول کے بیٹے میں تجھے رسولوں کے سردار اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بارے میں بیان کرتا ہوں کہ حسین سراپا، چاند کا چہرہ، نور ظاہر کے ساتھ نور باطن چمکتا ہوا، پاکیزہ دل، لوگوں کے سردار، شرمیلے اور مکرم، تمام جہانوں کے لئے رحمت، میرے نزدیک تمام بنی آدم کے سردار، جس دن لوگ مجھے ملیں گے اس دن بھی مجھ پر سب سے زیادہ معزز، رسولوں میں سے سب سے زیادہ میرے قریب، نبی، عربی، اُمّی، میرے دین کے حاکم، میری ذات (کے معاملہ میں لوگوں کی سختیوں) میں صبر کرنے والے اور مشرکوں سے اپنی تمام تر طاقت کے ساتھ جہاد کرنے والے ہیں۔ اے عیسیٰ علیہ سلام میں تجھے حکم دیتا ہوں کہ بنی اسرائیل کو بتا دیں کہ وہ ان کی تصدیق کریں اور ان پر ایمان لائیں، ان کی پیروی کریں اور ان کی مدد کریں۔

Marfat.com

اے عیسیٰ علیہ سلام اس بات پر راضی رہو پس آپ کے لئے بھی رضا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ سلام نے کہا کہ میں ان سے راضی ہوں۔

﴿45﴾

شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم بزبانِ خدا

سامع عیسیٰ علیہ السلام

عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ:

اَوْحَى اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِلٰى عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ جِدِّ فِىْ اَمْرِىْ وَلَاتَهْزَلْ ۔وَاسْمَعْ وَاَطِعْ يَا اِبْنَ الطَّاهِرِ الْبِكْرِ الْبَتُوْلِ۔

اِنِّى خَلَقْتُكَ مِنْ غَيْرِ فَحْلٍ فَجَعَلْتُكَ آيَةً لِّلْعَالَمِيْنَ فَاِيَّاىَ فَاعْبُدْ۔ وَعَلَىَّ فَتَوَكَّلْ فَسِرْلِاَهْلِ سُوْرَانِ بِالسُّرْيَانِيَّةِ بَلِّغْ مِنْ بَيْنِ يَدَيْكَ اَنِّى اَنَااللّٰهُ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ الَّذِىْ لَااَزُوْلُ۔

صَدِّقُوْاالنَّبِىَّ الْاُمِّىَّ الْعَرَبِىَّ صَاحِبَ الْجَمَلِ وَالْمِدْرَعَةِ وَالْعَمَامَةِ وَهِىَ التَّاجُ وَالنَّعْلَيْنُ وَالْهِرَاوَةُ وَهِىَ الْقَضِيْبُ الْجَعْدُ الرَّأْسُ، الصَّلْتُ الْجَبِيْنُ، اَلْمَقْرُوْنُ الْحَاجِبَيْنِ، الْاَنْجَلُ الْعَيْنَيْنِ ، اَلْاَهْدَبُ الْاَشْفَارُ،الْاَدْعَجُ الْعَيْنَيْنِ،اَلْاَقْنَى الْاَنْفُ،اَلْوَاضِحُ الْخَدَّيْنِ، اَلْكَثُّ اللِّحْيَةُ،عِرْقُهُ فِىْ وَجْهِهِ كَاللُّؤْلُؤِ،وَرِيْحُ الْمِسْكِ

Marfat.com

يُنْفَحُ مِنْهُ،كَأَنَّ عُنُقَهُ اِبْرِيْقٌ فِضَّةٌ، وَكَأَنَّ الذَّهَبَ يَجْرِىْ فِىْ تَرَاقِيْهِ، لَهُ شَعَرَاتٌ مِنْ لِبْتَةٍ اِلٰى سُرَّتِهِ تَجْرِىْ كَالْقَضِيْبِ،لَيْسَ عَلٰى صَدْرِهٖ وَعَلٰى بَطْنِهٖ شَعْرٌ غَيْرَهُ.شِئْنُ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمِ، اِذَاجَامَعَ النَّاسُ غَمَرَهُمْ. وَاِذَا مَشٰى كَأَنَّمَا يَتَقَلَّعُ مِنْ صَخْرٍ وَيَتَحَدَّرُفِىْ سَبَبٍ ذُوالسَّيْلِ الْقَلِيْلِ۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلدنمبر1 صفحہ نمبر378۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلدنمبر3 صفحہ نمبر397۔

۔مختصر ابن منظور جلدنمبر2 صفحہ نمبر45۔

۔المواہب اللدنیہ (قسطلانی) جلدنمبر2 صفحہ نمبر16۔

ترجمہ:۔ مقاتل بن حیان روایت کرتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ میرے حکم کی تعمیل میں محنت کرو سستی نہ کرنا۔اے طاہرہ بتول کے فرزند! توجہ سے سنو اور عمل کرو کہ بیشک میں نے آپ کو بغیر باپ کے پیدا کیا اور تمام جہانوں کیلئے آپ کو نشانی بنایا۔

تم میری ہی عبادت کرو۔مجھ پر ہی بھروسہ رکھو اور اپنے سامنے موجود اہل سوران کو سریانی زبان میں یہ پیغام پہنچادو کہ بیشک میں اللہ تعالیٰ ہوں زندہ کرنے والا اور قائم رکھنے والا ہوں اور کبھی بھی مجھے زوال نہیں ہے۔(ان سے کہو کہ تم) تصدیق کرتے رہو ایسے نبی اُمّی صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی جو کہ عمامہ والے ہیں اور وہ تاج ہے الخ۔

Marfat.com

﴿46﴾

انجیل اور شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

بزبان محبوبہ محبوبِ خدا

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا:

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ:

مَكْتُوْبٌ فِی الْاِنْجِیْلِ لَا فَظٌّ وَلَا غَلِیْظٌ وَلَا سَخَّابٌ بِالْاَسْوَاقِ وَلَا یُجْزِئُ بِالسَّیِّئَةِ مِثْلَهَا ،بَلْ یَعْفُوْ وَیَصْفَحُ ۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 272۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 377۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 158۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 614۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 388۔

۔البدایۃ والنہایۃ (ابن کثیر) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 61۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 29۔

ترجمہ:۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں:

انجیل میں لکھا ہوا ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم تند خو اور سخت دل نہیں ہیں اور نہ ہی آپ بازاروں میں شور وغل کرنے والے ہیں۔نہ ہی آپ برائی کا بدلہ برائی سے دیتے ہیں بلکہ آپ معاف کرنے والے اور درگزر کرنے والے ہیں۔

﴿47﴾

حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول

(عَبْدُالْمُطَّلِبِ) وَهُوَالَّذِی رَأٰی فِیْ مَنَامِهٖ فِی الْحِجْرِ كَاَنَّهٗ خَرَجَتْ مِنْ ظَهْرِهٖ شَجَرَةٌ خَضْرَآءُ حَتّٰی بَلَغَتْ اَغْنَانَ السَّمَآءِ وَاِذَا اَغْصَانُهَا نُوْرٌ فِیْ نُوْرٍ وَاِذَالْقَوْمُ بِیْضُ الْوُجُوْهِ.وَاِذَا الْقَوْمُ مُتَعَلِّقُوْنَ بِهَا مِنْ لَدُنْ ظَهْرِی اِلَی السَّمَآءِ.

فَلَمَّا اِنْتَبَهَتْ اَتَیْتُهٗ كُهَنَةَ قُرَیْشٍ فَاَخْبَرْتُهُمْ بِذَالِكَ فَقَالُوْا:

لَئِنْ صَدَقَتْ رُؤْیَاكَ فَقَدْ صَرَفَ اللّٰهُ اِلَیْكَ الْعِزَّ وَالْكَرَامَةَ وَقَدْ خُصِّصْتَ بِحَسْبٍ وَسُؤْدُدٍ لَمْ یَخُصَّ بِهَا اَحَدٌ مِنَ الْعٰلَمِیْنَ.

فَاَعْطَاهُ اللّٰهُ ذٰلِكَ. وَذٰلِكَ حِیْنَ نَظَرَاللّٰهُ اِلَی الْاَرْضِ.

فَقَالَ لِلْمَلَائِكَةِ :اُنْظُرُوْامَنْ اَكْرَمَ اَهْلَ الْاَرْضِ الْیَوْمَ عِنْدِیْ وَاَنَا اَعْلَمُ بِذٰلِكَ.

فَقَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ : یَارَبَّنَا وَسَیِّدَنَا مَانَرٰی فِی الْاَرْضِ اَحَدٌ بِالْوَحْدَانِیَّةِ مُخْلِصاًاِلَّانُوْرًا وَّاحِدًا فِیْ ظَهْرِ رَجُلٍ مِنْ وُلْدِ اِسْمَاعِیْلَ

قَالَ اللّٰه: فَاشْهَدُوْااَنِّیْ قَدْاَكْرَمْتُهٗ لِنُطْفَةِ حَبِیْبِیْ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 325۔

ترجمہ:۔ جناب حضرت سیدنا عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے ''حجر'' کے مقام پر ایک خواب دیکھا گویا کہ ان کی پشت سے ایک سرسبز درخت بلند ہوا یہاں تک کہ آسمان کی بلندیوں تک جا پہنچا اس کی شاخیں بہت ہی پرنور تھیں۔اور ایک قوم روشن وسفید چہرے والی جو کہ ان کی پشت سے آسمانوں تک اس کے ساتھ پہنچی ہوئی تھی۔

جب حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے تو قریش کے کاہنوں کی ایک جماعت کے پاس گئے۔

انہوں نے کہا کہ اگر آپ کا خواب سچا ہے تو اللہ تعالیٰ آپ کو عزت وشرف عطا فرمائے گا۔اور آپ ایک ایسے شرف اور سرداری کے ساتھ خاص کر دیئے جائیں گے جس کیلئے تمام جہانوں میں سے کوئی بھی مخصوص نہیں ہوسکا۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ شرف عطا کر دیا۔اس وقت اللہ تعالیٰ نے زمین کی طرف نگاہ کرم فرمائی اور فرشتوں سے ارشاد فرمایا:

دیکھو آج کے دن زمین میں میرے ہاں معزز کون ہے؟ جب کہ میں خود یہ جانتا ہوں۔پس فرشتوں نے عرض کیا:

اے ہمارے پروردگار اے ہمارے مالک ہم توحید کے ساتھ پوری روئے زمین میں صرف حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ہی ایک فرد کی پشت میں ایک ہی نور دیکھ رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے فرشتو گواہ ہو جاؤ میں نے اسے اپنے حبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نطفہ مبارکہ کے لئے عزت عطا کر دی۔

Marfat.com

﴿48﴾

مقامِ حضرت عبداللہ و حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہما

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

هَبَطَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَيَّ فَقَالَ:

اِنَّ اللّٰہَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ :

اِنِّیْ حَرَّمْتُ النَّارَ عَلٰی صُلْبٍ اَنْزَلَكَ وَبَطْنٍ حَمَلَكَ وَحِجْرٍ كَفَلَكَ

اَمَّا الصُّلْبُ فَعَبْدُاللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ وَاَمَّا الْبَطْنُ فَآمِنَةُ بِنْتُ وَهَبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهَا وَاَمَّا الْحِجْرُ فَعَبْدٌ يَعْنِیْ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ وَ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَسَدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهَا۔

۔تنزیہ الشریعہ (الکنانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 322۔

۔لسان المیزان (عسقلانی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 247۔

۔الفوائد المجموعہ (شوکانی) 321۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

جبریل علیہ سلام میرے پاس آئے۔ پس انہوں نے کہا:

اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ بے شک جس صلب نے آپ کو اتارا، آپ جس بطن میں آئے اور جس گود میں کھیلے ان سب پر میں نے جہنم کی آگ حرام کر دیا ہے۔

صلب سے مراد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہیں بطن سے مراد حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا ہیں اور گود سے مراد حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ اور حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا ہیں

Marfat.com

﴿49﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کو صرف خدا کی رحمت کا سہارا

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے والد محترم کے وصال پر ملائکہ نے عرض کیا

قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ اِلٰهَنَا وَسَيِّدُنَا فَاَبْقٰى نَبِيُّكَ هٰذَا يَتِيْماً ۔

فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى :اَنَا لَهٗ وَلِيٌّ وَّحَافِظٌ وَّنَاصِرٌ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 352۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 64۔

ترجمہ:۔حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے والد محترم کے وصال شریف پر ملائکہ نے عرض کیا اے ہمارے معبود اور اے ہمارے مالک تیرا نبی دُرِّ یتیم ہو گیا ہے۔تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

میں ہی ان کا مولیٰ، محافظ اور مددگار ہوں۔

نوٹ: فرشتوں کی ولادت مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم سے قبل آمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم کا علم ہو گیا۔سبحان اللہ۔

﴿50﴾

جبریل علیہ السلام تلاش مقامِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم میں سرگرداں

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَتَانِیْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ لِیْ:

يَا مُحَمَّدُ ﷺ اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَنِیْ فَطِفْتُ شَرْقَ الْاَرْضِ وَغَرْبَهَا

وَسَهْلَهَا وَجَبَلَهَا فَلَمْ اَجِدْ خَيْراً مِنَ الْعَرَبِ ثُمَّ اَمَرَنِیْ فَطِفْتُ فِی الْعَرَبِ فَلَمْ اَجِدْ حَيّاً خَيْرًا مِنْ مُضَرَ۔ثُمَّ اَمَرَنِیْ فَطِفْتُ فِیْ مُضَرَفَلَمْ اَجِدْ حَيّاً خَيْرًا مِنْ كِنَانَةَ۔ثُمَّ اَمَرَنِیْ فَطِفْتُ فِیْ كِنَانَةَ فَلَمْ اَجِدْ حَيّاً مِنْ قُرَيْشٍ۔ ثُمَّ اَمَرَنِیْ فَطِفْتُ فِیْ قُرَيْشٍ فَلَمْ اَجِدْ حَيًّا خَيْرًا مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ۔ ثُمَّ اَمَرَنِیْ اَنْ اَخْتَارَ فِیْ اَنْفُسِهِمْ فَلَمْ اَجِدْنَفْساًخَيْرًا مِنْ نَفْسِكَ۔

۔نوادرالاصول (حکیم ترمذی) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 215۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 2 صفحہ نمبر 23۔

۔السیرۃ الحلبیۃ (نورالدین حلبی) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 41۔

۔کنزالعمال (علی متقی) جلدنمبر 12 صفحہ نمبر 39۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے انہوں نے عرض کیا:

یارسول اللہ بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے بھیجا چنانچہ میں نے زمین کا مشرق ومغرب اس کے میدان اور پہاڑ دیکھے لیکن میں نے عرب سے بہتر کوئی بھی نہیں پایا۔پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا میں نے اہلِ عرب کو دیکھنا شروع کیا تو مضر سے بہتر کوئی بھی نہیں پایا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا میں نے مضر (قبیلہ) دیکھنا شروع کیا تو کنانہ سے بہتر کوئی بھی نہیں پایا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا میں نے کنانہ (قبیلہ) دیکھنا شروع کیا تو قریش سے بہتر کوئی بھی نہیں پایا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا میں نے قریش (قبیلہ) دیکھنا شروع کیا تو بنی ہاشم سے بہتر کوئی بھی نہیں پایا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا میں ان میں سے کسی کو سب سے بہتر طور پر اختیار کروں تو یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم آپ سے بہتر کسی کو نہیں پایا۔

﴿51﴾

حضرت جبریل، میکائیل، اسرافیل علیہم السلام اورلوحِ محفوظ کی روایت

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍرَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ جِبْرِیْلَ عَنْ مِیْکَائِیْلَ عَنْ اِسْرَافِیْلَ عَنْ الرَّفِیْعِ عَنِ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ عَنِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اَنَّہٗ اَظْھَرَ فِی اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ اَنْ یُّخْبِرَالرَّفِیْعَ وَاَنْ یُّخْبِرَ الرَّفِیْعُ اِسْرَافِیْلَ مِیْکَائِیْلَ وَاَنْ یُّخْبِرَ مِیْکَائِیْلُ جِبْرَائِیْلَ۔ وَاَنْ یُّخْبِرَ جِبْرَائِیْلُ مُحَمَّداً صلی اللہ علیہ وسلم :

مَنْ صَلّٰی عَلَیْکَ فِی الْیَوْمِ وَاللَّیْلَۃِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ صَلَّیْتُ عَلَیْہِ اَلْفَیْ صَلَاۃً وَتُقْضٰی لَہٗ اَلْفُ حَاجَۃٍ اَیْسَرُھَا اَنْ یُعْتَقَ مِنَ النَّارِ۔

۔تاریخ بغداد (خطیب بغدادی) جلدنمبر2 صفحہ نمبر250۔

۔القول البدیع (سخاوی) صفحہ نمبر130۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم سے انہوں نے جبریل علیہ السلام سے انہوں نے میکائیل علیہ السلام سے انہوں نے اسرافیل علیہ السلام سے انہوں نے مقام رفیع سے وہاں سے لوح محفوظ سے روایت کیا ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ پر ظاہر فرمادیا وہاں سے مقام رفیع کو خبر ہوئی، اس نے اسرافیل علیہ السلام کو، اسرافیل علیہ السلام نے میکائیل علیہ السلام کو، اس نے جبرائیل علیہ السلام کو اور انہوں نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو خبر دی:

Marfat.com

جس نے آپ پر ایک دن اور رات میں سو مرتبہ درود پاک پڑھا میں اس پر دو ہزار مرتبہ رحمت بھیجوں گا۔ اور اس کی ایک ہزار حاجتیں پوری کروں گا۔ اور ان میں سے سب سے چھوٹی حاجت اس کو جہنم سے آزاد کرنا ہے

﴿52﴾

جبریل کی آمد بھی صدقۂ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اَوْحَی اللّٰہُ تَعَالٰی اِلٰی بَعْضِ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ اِشْتَدَّ غَضَبِیْ عَلَیْکُمْ مِّنْ اَجْلِ مَاضَیَّعْتُمْ مِنْ اَمْرِیْ۔ فَاِنِّیْ حَلَفْتُ لَا یَأْتِیْکُمْ رُوْحُ الْقُدُسِ حَتّٰی ابْعَثُ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ مِنَ اَرْضِ الْعَرَبِ الَّذِیْ یَأْتِیْہِ رُوْحُ الْقُدُسِ۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 132۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے ایک شخص کی طرف پیغام فرمایا:

تمہاری قوم پر میرے احکامات کی نافرمانیوں کی وجہ سے میری ناراضگی تم لوگوں پر بہت زیادہ ہو چکی ہے اور میں قسم اٹھاتا ہوں کہ جبریل علیہ السلام تمہارے پاس نہیں آئیں گے یہاں تک کہ عرب کی سرزمین میں نبی اُمی صلّی اللہ علیہ والہ وسلم بھیجوں گا ان کے پاس جبریل علیہ السلام آئیں گے۔

(نوٹ: جبریل علیہ السلام کا آنا قوم کے لئے اللہ تعالیٰ کی رحمت کی اور نہ آنا ناراضگی کی علامت ہے۔ لیکن حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے خصوصاً شب قدر میں جبریل علیہ السلام ہر سال امت مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے درمیان جلوہ گر ہوتے ہیں۔ برکاتی غفرلہ)

Marfat.com

﴿53﴾

منافقوں کو سنا کر شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم بیان کرنا سنتِ ملائکہ

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنَمٍ قَالَ:

كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِی الْمَسْجِدِ وَمَعَنَا نَاسٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَهُمْ اَهْلُ النِّفَاقِ فَاِذَاسَحَابَةٌ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

سَلَّمَ عَلَیَّ مَلَكٌ ثُمَّ قَالَ لِیْ لَمْ اَزَلْ اَسْتَأْذِنُ رَبِّیْ عَزَّوَ جَلَّ فِی لِقَائِكَ حَتّٰی كَانَ هٰذَا اَوَانٌ اُذِنَ لِیْ۔ وَاِنِّیْ اُبَشِّرُكَ اَنَّهٗ لَیْسَ اَحَدٌ اَكْرَمَ عَلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مِنْكَ۔

۔معرفۃ الصحابہ (ابونعیم) جزء نمبر 13 صفحہ نمبر 246۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 35 صفحہ نمبر 312۔

۔مختصر ابن عساکر جلد نمبر 1 (ترجمہ عبدالرحمٰن بن غنم)۔

۔الاصابہ فی تمییز الصحابہ (عسقلانی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 294۔

۔فیض القدیر (مناوی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 107 حدیث نمبر 4698۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) جلد نمبر 13 صفحہ نمبر 284۔

۔جمع الجوامع (سیوطی) حدیث نمبر 13341۔

۔الجامع الصغیر (سیوطی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 971۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 340۔

Marfat.com

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 حدیث نمبر 31908، 32123، 35499)۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد (محمد بن یوسف صالحی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 322۔

ترجمہ:۔ حضرت عبدالرحمن بن غنم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

ہم مسجد میں حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ہمارے پاس کچھ منافقین بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ پس بادل کا ایک ٹکڑا آیا تو حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک فرشتے نے مجھے سلام کیا پھر عرض کیا:

میں اللہ تعالیٰ سے آپ کی زیارت کیلئے اجازت مانگتا رہا یہاں تک کہ مجھے اجازت مل گئی۔ پس میں آپ کو خوشخبری دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ سے بڑھ کر کوئی عزت والا نہیں ہے۔

﴿54﴾

احترام مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم نہ کرنے والا فرشتہ بھی ہو تو سزا کا حقدار

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی فَضَّلَ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَی الْمُقَرَّبِیْنَ۔ فَلَمَّا بَلَغْتُ السَّمَآءَ السَّابِعَۃَ لَقِیَنِی مَلَکٌ مِنْ نُوْرٍ عَلٰی سَرِیْرٍ مِنْ نُوْرٍ فَسَلَّمْتُ عَلَیْہِ۔ فَرَدَّ عَلَیَّ السَّلَامَ فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلَیْہِ:

یُسَلِّمُ عَلَیْکَ صَفِیّ وَنَبِیّ فَلَمْ تَقُمْ اِلَیْہِ۔ وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ لَتَقُوْمَنَّ فَلَا تَقْعُدَنَّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

۔تاریخ بغداد (خطیب بغدادی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 76۔
۔مسند الفردوس (دیلمی) کمارواہ علی المتقی۔
۔تنزیہہ الشریعہ (الکنانی) جلد نمبر صفحہ نمبر 325۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد 12 نمبر صفحہ نمبر 187۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک اللہ تعالیٰ نے رسولوں کو مقربین (فرشتوں) پر فضیلت بخشی ہے۔ جب میں ساتویں آسمان پر پہنچا تو مجھے ایک نورانی فرشتہ ملا جو کہ نور کی مسند پر بیٹھا تھا میں نے اس کو سلام بلایا تو اس نے مجھے سلام کا جواب دیا۔

اللہ تعالیٰ نے اس کی طرف وحی کی کہ میرے صفی اور نبی صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے تجھے سلام بلایا پس تو ان کی تعظیم کو نہ اٹھا مجھے میری عزت اور جلال کی قسم اب تو ضرور (بطور سزا) کھڑا رہے گا اور قیامت تک نہ بیٹھ سکے گا۔

﴿55﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم عالمِ کُل سے بھی باخبر

اِنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَالَ:

اِحْتَبَسَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ عَنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ حَتّٰى كِدْنَا نَتَرَاءَىٰ قَرْنَ الشَّمْسِ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيْعًا فَثُوِّبَ بِالصَّلٰوةِ وَ صَلّٰى وَتَجَوَّزَ فِى صَلٰوتِهٖ فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ:

كَمَا اَنْتُمْ عَلٰى مَصَافِّكُمْ ثُمَّ اَقْبَلَ اِلَيْنَا فَقَالَ:

Marfat.com

اِنِّی سَاُحَدِّثُکُمْ مَاحَبَسَنِیْ عَنْکُمُ الْغَدَاۃَ. اِنِّی قُمْتُ مِنَ اللَّیْلِ فَصَلَّیْتُ مَا قُدِّرَ لِیْ فَنَعَسْتُ فِیْ صَلٰوتِیْ حَتّٰی اِسْتَیْقَظْتُ فَاِذَا اَنَا بِرَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَۃٍ ۔ فَقَالَ:

یَامُحَمَّدُ أَ تَدْرِیْ فِیْمَ یَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْاَعْلٰی ؟ قَالَ:

قُلْتُ لَا اَدْرِیْ یَارَبِّ.فَقَالَ:

یَامُحَمَّدُ فِیْمَ یَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْاَعْلٰی ؟ قَالَ:

قُلْتُ لَا اَدْرِیْ یَارَبِّ۔

فَرَأَیْتُہٗ وَضَعَ کَفَّہٗ بَیْنَ کَتِفَیَّ حَتّٰی وَجَدتُ بَرْدَ اَنَامِلِہٖ بَیْنَ صَدْرِیْ فَتَجَلّٰی لِیْ کُلُّ شَیْءٍ وَعَرَفْتُ .فَقَالَ:

یَامُحَمَّدُفِیْمَ یَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْاَعْلٰی ؟ قَالَ:

قُلْتُ فِی الْکَفَّارَاتِ قَالَ:

وَمَا الْکَفَّارَاتُ؟۔ قُلْتُ:

نَقْلُ الْاَقْدَامِ اِلَی الْجُمُعَاتِ وَجُلُوْسٌ فِی الْمَسَاجِدِ بَعْدَ الصَّلٰوۃِ الخ۔

۔مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 243۔

۔تاریخ مدینہ دمشق جلد نمبر 34 صفحہ نمبر 467۔

۔تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 17 صفحہ نمبر 204۔

۔مرقاۃ (علامہ علی قاری) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 206۔

۔تحفۃ الاحوذی (مبارک پوری) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 73۔

Marfat.com

۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ ص آیۃ نمبر 69۔

ترجمہ:۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں:

ایک مرتبہ فجر کی نماز حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی تشریف آوری نہ ہوسکی یہاں تک کہ ہم نے سورج کی کرنیں نکلتی محسوس کیں۔تو حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم گھر سے تشریف لائے اقامت ہوئی آپ نے نماز ادا کی اور خفیف نماز ادا کی جب آپ نے نماز سے سلام پھیرا۔آپ نے فرمایا:

ایسے ہی تم صفوں میں رہو پھر آپ نے ہماری طرف چہرہ کیا اور ارشاد فرمایا:

میں تمہیں بتاتا ہوں کہ مجھے فجر کی نماز میں تمہارے پاس آنے سے کس چیز نے روکا۔میں رات کے وقت نفل نماز کے لئے کھڑا ہوا جو میرے لئے مقدر کی گئی میں نے اتنی نماز ادا کی۔پھر مجھے نماز میں کچھ غنودگی آگئی، یہاں تک کہ میں بیدار ہوا تو اللہ تعالیٰ کی ذات حسین ترین صورت میں میرے سامنے تھی۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کیا آپ جانتے ہیں کہ عرش کے فرشتے کس بات میں جھگڑا کر رہے ہیں؟ تو میں نے عرض کیا:

میں از خود نہیں جانتا۔اللہ تعالیٰ نے پھر ارشاد فرمایا:

اے محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کیا آپ جانتے ہیں کہ عرش کے فرشتے کس بات میں جھگڑا کر رہے ہیں؟۔میں نے عرض کیا:

میں از خود نہیں جانتا۔

پھر میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا دستِ قدرت میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا حتیٰ کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی انگلیوں کے پوروں (کما یلیق بشانہ) کی ٹھنڈک اپنے سینے میں محسوس کی تو ہر چیز میرے سامنے روشن ہوگئی اور میں ہر چیز کو پہچان گیا۔پھر اللہ

Marfat.com

تعالیٰ نے فرمایا:

اے محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کیا آپ جانتے ہیں کہ عرش کے فرشتے کس چیز میں جھگڑا کررہے ہیں؟ میں نے عرض کیا:

جی ہاں، یہ کفارات کے بارے میں جھگڑا کررہے ہیں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

کہ کفارات کیا ہیں؟۔ میں نے عرض کیا:

کفارات جماعتوں کی ادائیگی (یا جمعہ کی ادائیگی) کے لیے اُٹھنے والے قدم اور نماز کے بعد مسجدوں میں بیٹھنا، اس کے بارے میں جھگڑا کررہے ہیں۔ الخ

﴿56﴾

یہودیوں کا کنیسہ اور شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍرَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

اِنَّ اللّٰہ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی اِبْتَعَثَ نَبِیَّهٗ صلی اللہ علیہ وسلم لِاِدْخَالِ رَجُلٍ اِلَی الْجَنَّةَ۔ فَدَخَلَ الْكَنِیْسَةَ فَاِذَاهُوَبِیَهُوْدٍ فِیْهَا۔وَاِذَاهُوَ یَهُوْدِیٌّ یَقْرَأُ عَلَیْهِمُ التَّوْرَاةَ۔فَلَمَّا اَتَوْا عَلٰی صِفَةِ النَّبِیِّ اَمْسَكُوْا۔ وَفِیْ جَانِبِهَا رَجُلٌ مَرِیْضٌ۔فَقَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:

مَالَكُمْ اَمْسَكْتُمْ؟ قَالَ الْمَرِیْضُ:

اِنَّهُمْ عَلٰی أَتَوْاعَلٰی صِفَةِنَبِیٍّ وَاَمْسَكُوْا۔ثُمَّ جَآءَ الْمَرِیْضُ یَحْبُوْاحَتّٰی اَخَذَالتَّوْرَاةَ فَقَرَأَحَتّٰی اَتٰی عَلَی صِفَةِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَاُمَّتِهٖ فَقَالَ:

Marfat.com

هٰذِهِ صِفَتُكَ وَصِفَةُ اُمَّتِكَ ۔اَشْهَدُاَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْكَ وَسَلَّمَ۔ فَقَالَ النَّبِیُّ لِاَ صْحَابِهِ: لُوْاَخَاكُمْ ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 416۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 389۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 231۔

۔مدارج النبوۃ (شیخ محقق) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 106 (فارسی)۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

بیشک اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلّم کو بھیجا تا کہ وہ ایک آدمی کو جنت میں داخل کردیں۔ پس آپ ان کے عبادت خانہ میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ یہودی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں اور ان میں ایک یہودی تورات پڑھ رہا ہے۔ پس جب وہ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی صفت پر پہنچا تو وہ سب خاموش ہو گئے۔ ان کے ایک طرف میں ایک مریض آدمی بیٹھا ہوا تھا۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

بتاؤ خاموش کیوں ہو گئے ہو۔

مریض نے کہا: ایک نبی کی صفت تک پہنچے ہیں تو خاموش ہو گئے ہیں۔ پھر وہ مریض آہستہ آہستہ قریب ہوا تو اس نے تورات پڑھنا شروع کی یہاں تک کہ وہ نبی اور ان کی امت کی صفات پر پہنچا تو کہنے لگا:

یہ آپ کی اور آپ کی امت کی صفت ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں۔

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا کہ اپنے بھائی کو سنبھالو۔

Marfat.com

﴿57﴾

عیسائیوں کے گھرانے اور شانِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

عَنْ سَهْلٍ مَوْلٰى غَنِيْمَةَ اَنَّهٗ كَانَ نَصْرَانِيًّامِنْ اَهْلِ مُرَيْسٍ وَاَنَّهٗ يَتِيْماً فِىْ حِجْرِاُمِّهٖ وَعَمِّهٖ وَاَنَّهٗ كَانَ يَقْرَأُ التَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَاَنَّهٗ كَانَ يَقْرَأُالْاِنْجِيْلَ.قَالَ فَاَخَذْتُ مُصْحَفاً لِعَمِّىْ فَقَرَأْتُهٗ حَتّٰى مَرَّتْ بِىْ وَرَقَةٌ اَنْكَرَتْ كِتَابَتُهَا حِيْنَ مَرَّتْ بِىْ وَ مَسَسْتُهَا بِيَدِىْ قَالَ:

فَنَظَرْتُ فَاِذَااُصُوْلُ الْوَرَقَةِ مَلْصُوْقَةٌ بِغُرَآءٍ.قَالَ:

فَفَتَقْتُهَا فَوَجَدْتُ فِيْهَا نَعْتَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ.اِنَّهٗ لَا قَصِيْرٌوَّلَا طَوِيْلٌ، اَبْيَضُ ذُوْصُفْرَةٍ، مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ خَاتَمٌ،يَكْثُرُالِاحْتِبَآءَ، وَلَا يَقْبَلُ الصَّدَقَةَ وَيَرْكَبُ الْحِمَارَ الْبَعِيْرَوَيَحْتَلِبُ الشَّاةَ، وَيَلْبَسُ قَمِيْصاً مَرْقُوْعاً. مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ بَرِئَ مِنَ الْكِبَرِ.وَهُوَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ. وَهُوَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اِسْمَاعِيْلَ اِسْمُهٗ اَحْمَدُ.

قَالَ سَهْلٌ: فَلَمَّا اِنْتَهَيْتُ اِلٰى هٰذَا مِنْ ذِكْرِ مُحَمَّدٍ ﷺ جَآءَ عَمِّىْ فَلَمَّا رَأَى الْوَرَقَةَ ضَرَبَنِىْ وَقَالَ:مَا لَكَ؟ وَفَتَحَ هٰذِهِ الْوَرَقَةَ قَرَأْتَهَا؟

فَقُلْتُ: فِيْهَا نَعْتُ النَّبِيِّ اَحْمَدُ ﷺ۔

فَقَالَ: اِنَّهٗ لَمْ يَاْتِ بَعْدُ۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 363۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 389۔

۔مختصر ابن منظور جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 41۔

۔الوفاء (ابن جوزی) صفحہ نمبر 54۔

۔حجۃ اللہ علی العالمین (نبہانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 200۔

ترجمہ:۔ غنیمہ کے غلام سہل سے روایت ہے کہ وہ اہل مریس میں سے ایک عیسائی تھے جو کہ یتیم تھے اپنی ماں اور اپنے چچا کے زیرِ کفالت تھے۔ان کا چچا تورات اور انجیل کا قاری تھا وہ انجیل پڑھتا رہتا تھا۔اور کہتے ہیں:

ایک مرتبہ میں اپنے چچا کا مصحف (انجیل) پکڑ کر پڑھنے لگا یہاں تک کہ ایک صفحہ تک پہنچا۔اس صفحہ کی کتابت خراب تھی میں نے جب ہاتھ سے اسے چھوا تو میں نے اسے دیکھا کہ وہ کاغذ گوند سے مکمل طور پر چپکا ہوا تھا۔چنانچہ جب میں نے اسے کھولا تو اس میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تعریف لکھی ہوئی پائی

بیشک وہ نہ پستہ قد ہوں گے اور نہ ہی دراز قد ، ان کی رنگت سفید ہوگی ، دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت ہوگی ، کپڑا کثرت سے لپیٹنے والے ہوں گے ، صدقہ قبول نہیں کریں گے ، گدھے اور اونٹ پر سواری کریں گے ، بکری کا دودھ دوہیں گے ، پیوند لگی قمیص پہنیں گے اور جو کوئی ایسا کرے گا وہ شرک سے آزاد ہوگا اور وہ ایسا ہی کریں گے۔وہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد سے ہوں گے ان کا نام مبارک احمد ہوگا۔حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہا:

Marfat.com

جب میں حضرت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے اس ذکر تک پہنچا تو میرا چچا آ گیا اس نے وہ کاغذ دیکھا تو مجھے مارا اور کہا:

تجھے کیا ہوا تو نے یہ کاغذ کیوں کھول کر پڑھا؟

میں نے کہا: اس میں نبی کی تعریف ہے جو کہ احمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ہیں۔

کہنے لگا: جس نبی کی یہ تعریف وہ ابھی تک نہیں آئے۔ (نعوذ باللہ من ذلک)

﴿58﴾

جہاں ذکرِ خدا وہیں ذکر مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَتَانِی جِبْرِیْلُ فَقَالَ:
اِنَّ رَبَّكَ يَقُوْلُ: أَتَدْرِی كَيْفَ رَفَعْتُ ذِكْرَكَ
قُلْتُ: اَللّٰهُ اَعْلَمُ.
قَالَ اِذَا ذُكِرْتُ ذُكِرْتَ مَعِیَ.

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 117۔
۔مسند ابی یعلیٰ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 427۔
۔کتاب الشفاء (قاضی عیاض) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 12۔
۔الوفاء (ابن جوزی) صفحہ نمبر 380۔
۔تاریخ بغداد (خطیب بغدادی) جلد نمبر 16 صفحہ 98۔
۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 2 صفحہ 407۔
۔موارد الظمآن (ہیثمی) روایت نمبر 1772۔
۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 205۔
۔الاحادیث المختارہ (ضیاء مقدسی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 114۔

Marfat.com

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 182۔
۔تفسیر ابن جریر تحت سورۃ الم نشرح آیت نمبر 4۔
۔تفسیر ابن ابی حاتم تحت سورۃ الم نشرح آیت نمبر 4۔
۔تفسیر معالم التنزیل (بغوی) تحت سورۃ الم نشرح آیت نمبر 4۔
۔تفیر زاد المسیر (ابن جوزی) تحت سورۃ الم نشرح آیت نمبر 4۔
تفسیر خازن تحت سورۃ الم نشرح آیت نمبر 4۔
۔تفسیر ابن کثیر جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 452۔
۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ الم نشرح آیت نمبر 4۔
۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت سورۃ الم نشرح آیت نمبر 4۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے ہیں کہ میرے پاس جبرائیل علیہ سلام آئے۔پس انہوں نے کہا:

میرا اور آپ کا رب فرماتا ہے کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ میں نے آپ کا ذکر آپ کے لئے کیسے بلند کیا ہے؟۔

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں نے کہا اللہ ہی زیادہ بہتر جانتا ہے۔

جبریل علیہ السلام نے کہا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

میں ذکر نہیں کیا جاؤں گا مگر یہ کہ آپ کا ذکر بھی میرے ساتھ ہی کیا جائے گا۔

﴿59﴾

ذکر خدا کرنے اور ذکرِ مصطفیٰ نہ کرنے والا

جنت سے بے نصیب

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

Marfat.com

قَالَ اللّٰہ تَعَالٰی لَا اُذْکَرُفِی مَکَانٍ اِلَّااُذْکِرْتَ مَعِیْ یَا مُحَمَّدُ فَمَنْ ذَکَرَنِیْ وَلَمْ یَذْکُرْکَ فَلَیْسَ لَہٗ فِی الْجَنَّۃِ نَصِیْبٌ۔

تفسیر درمنثور (سیوطی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 401۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے محبوب صلّی اللہ علیک وسلم جس جگہ میرا ذکر کیا جائے گا آپ کا بھی میرے ساتھ ذکر کیا جائے گا۔ پس جس نے مجھے یاد کیا اور آپ کو یاد نہ کیا تو جنت میں اس کیلئے کچھ بھی حصہ نہیں ہوگا۔

﴿60﴾

خدا خود ہے ثناء خوانِ محمد صلّی اللہ علیہ وسلم

قَالَ کَعْبٌ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہ:

قَالَ اللّٰہ لِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم:

عَبْدِیْ الْمُتَوَکِّلُ الْمُخْتَارُلَیْسَ بِفَظٍّ وَلَاغَلِیْظٍ وَلَاسَخَّابٍ بِالْاَسْوَاقِ وَلَا یَجْزِیُٔ بِالسَّیِّئَۃِ وَلٰکِنْ یَعْفُوْ وَیَصْفَحُ۔

سنن الدارمی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 4۔

الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 360۔

دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 377۔

شرح السنۃ (بغوی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 15۔

مشکوٰۃ شریف (بغدادی) صفحہ نمبر 514۔

ترجمہ:۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ارشاد فرمایا:

وہ میرے متوکل اور با اختیار بندے ہیں۔ وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے بلکہ وہ معاف کرنے والے اور درگزر کرنے والے ہیں

﴿61﴾

نابینا آنکھوں کا نور ذاتِ محمد صلّی اللہ علیہ وسلم

عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

اِنَّ اللّٰـه يَـقُـوْلُ :لَـقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَيْسَ بِوَاهِنٍ وَلَا كَسِيْـلٍ يَفْتَحُ اَعْيُناً كَانَتْ عُمْيَاءَ وَيُسْمِعُ اٰذَاناً كَانَتْ صُمّاً وَيَخْتُنُ قُـلُـوْباً كَانَتْ غُلْفاً وَيُقِيْمُ سُنَّةً كَانَتْ عَوْجَآءَ حَتّٰى يُقَال لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

۔الطبقات الکبریٰ (ابن سعد) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 272۔

ترجمہ:۔ کثیر بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا:

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے :

تمہارے پاس رسول اللہ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم آئے ہیں جو کہ کمزور نہیں ہیں اور نہ کی ست ہیں، وہ اندھی آنکھوں کو کھولتے ہیں، بہرے کانوں کو سنوارتے ہیں، بند دلوں کو ردوں سے نکالتے ہیں، اور ٹیڑھا راستہ سیدھا کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ (کلمہ) لا الہ الا للہ محمد رسول اللہ پکارا جانے لگے گا۔

Marfat.com

﴿62﴾

مشارق ومغارب اور کائنات کے خزانے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے سامنے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ اللّٰہ زَوٰی لِیَ الْاَرْضَ فَرَأَیْتُ مَشَارِقَھَا وَمَغَارِبَھَا۔ وَاِنَّ اُمَّتِیْ سَیَبْلُغُ مُلْکُھَا مَازُوِیَ لِیْ مِنْھَا وَاُعْطِیْتُ الْکَنْزَیْنِ الْاَحْمَرَ وَالْاَبْیَضَ۔

۔مسلم شریف کتاب الفتن واشراط الساعۃ باب ھلاک ھذہ الامۃ بعضھم ببعض۔
۔سنن ترمذی کتاب الفتن باب ماجآء فی سؤال النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم ثلاثا فی امتہ۔
۔سنن ابی داود کتاب الفتن والملاحم باب ذکر الفتن ودلائلھا۔
۔سنن ابن ماجہ کتاب الفتن باب مایکون من الفتن۔
۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 315۔
۔صحیح ابن حبان باب ذکر عائشہ حدیث نمبر 7238۔
۔مسند الشہاب (القضائی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 166۔
۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 328۔
۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 146۔
۔شرح السنۃ باب ظہور طائفۃ من ھذہ الامۃ علیٰ من خالفھم ودعاء النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔
۔جامع الاصول (ابن اثیر جزری) نمبر 8879۔
۔مشکوٰۃ شریف (خطیب بغدادی) صفحہ نمبر نمبر 512۔
۔تفسیر قرطبی سورۃ الانعام آیۃ نمبر 65۔

Marfat.com

۔تفسیر ابن کثیر سورۃ النور آیۃ نمبر 55۔
۔تفسیر روح البیان (حقی) سورۃ الاعراف آیۃ نمبر 137۔
ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
اللہ تعالیٰ نے میرے لئے زمین لپیٹ دی میں نے زمین کا مشرق اور مغرب دیکھ لیا اور جہاں تک بھی میرے لئے لپیٹ دیا گیا میری امت وہاں تک عنقریب پہنچے گی اور مجھے دو خزانے سرخ (سونا) سفید (چاندی) عطا کر دیئے گئے ہیں۔

﴿63﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کا دین اوجِ ثریا تک پہنچانے کا اللہ تعالیٰ کا وعدہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:
اِنَّ اللّٰه تَعَالٰی اِسْتَقْبَلَ بِیَ الشَّامَ وَوَلّٰی ظَهْرِی الْیَمَنِ ۔وَقَالَ لِیْ:
یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ جَعَلْتُ لَكَ مَانَجَاهَكَ غَنِیْمَةً وَرِزْقاً وَمَا خَلْفَ ظَهْرِكَ مَدَداً وَلَایَزَالُ الْاِسْلَامُ یَزِیْدُوَیَنْقُصُ الشِّرْكُ وَاَهْلُهٗ حَتّٰی تَسِیْرُ الْمَرْأَتَانِ لَاتَخْشِیَانِ جُوْرًا۔ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَا تَذْهَبُ الْاَیَّامُ وَاللَّیَالِیْ حَتّٰی یَبْلُغَ هٰذَاالدِّیْنُ مَبْلَغَ النَّجْمِ۔
۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 145۔
۔مسند شامیین (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 178۔

Marfat.com

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 114۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 378۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 60۔

۔تاریخ ابن نجار جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 119۔

۔جمع الجوامع (سیوطی) جلد نمبر 1 حرف ھمزہ۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 167۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم ارشاد نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے ملک شام اور میری پیٹھ پیچھے یمن کر دیا۔اور فرمایا:

یا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم میں نے آپ کیلئے مالِ غنیمت آپ کے سامنے بطورِ غنیمت رکھ دیا ہے اور آپ کی اعانت آپ کے پیچھے کر دی ہے۔اور اسلام ہمیشہ بڑھتا رہے گا اور شرک اور شرک کرنیوالے کم ہوتے رہیں گے یہاں تک کہ دو عورتیں چلیں گی وران کو کسی قسم کے ظلم کا اندیشہ نہیں ہوگا۔اور اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے دن اور رات آتے رہیں گے یہاں تک کہ یہ دین اوجِ ثریا تک پہنچ جائے گا۔

﴿64﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم عالمِ ما کان وما یکون

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:

اِنَّ اللّٰہ قَدْ رَفَعَ لِیَ الدُّنْیَا فَاَنَا اَنْظُرُ اِلَیْھَا وَاِلٰی مَاھُوَ کَائِنٌ فِیْھَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ کَمَا اَنْظُرُ اِلٰی کَفِّیْ ھٰذِہٖ۔

۔کتاب الفتن (نعیم بن حماد) صفحہ نمبر 13۔

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 107۔

Marfat.com

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 278۔
۔تقریب البغیۃ (ہیثمی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 25۔
۔تہذیب ابن عساکر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 7۔
۔المواھب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 192۔
۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 6854۔
۔الجامع الکبیر (سیوطی) حدیث نمبر 2301۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 189,170۔
۔الفتح الکبیر (نبہانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 340۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے میرے لئے زمین بلند کردی پس میں دنیا کو دیکھتا ہوں اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے اس کو ایسے ہی دیکھتا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کو دیکھ رہا ہوں

﴿65﴾

کل عالم کے گواہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہُ قَالَ:
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہ ﷺ یُدْعٰی نُوْحٌ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَیَقُوْلُ لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ فَیَقُوْلُ:
ھَلْ بَلَّغْتَ؟فَیَقُوْلُ:
نَعَمْ۔ فَیُقَالُ لِاُمَّتِہٖ ھَلْ بَلَّغَکُمْ ؟فَیَقُوْلُوْنَ:
مَا اَتَانَا مِنْ نَذِیْرٍ۔ فَیَقُوْلُ:

Marfat.com

مَنْ يَّشْهَدُ لَكَ فَيَقُوْلُ:

مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم وَّاُمَّتُهٗ ۔

فَتَشْهَدُوْنَ اَنَّهٗ قَدْ بَلَّغَ

وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ جَلَّ ذِكْرُهٗ

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطاً لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْداً ۔

۔صحیح البخاری تفسیر القرآن سورۃ البقرۃ باب قولہ تعالیٰ وکذالک جعلناکم امۃ وسطا لتکونوا شھدآء۔

۔جامع ترمذی کتاب تفسیر القرآن سورۃ البقرۃ۔

۔سنن ابن ماجہ کتاب الزہد باب صفۃ امۃ محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔

۔مسند احمد جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 32۔

۔عمدۃ القاری شرح بخاری جلد نمبر 18 صفحہ نمبر 95۔

۔تفسیر ابن جریر تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 143۔

۔تفسیر ابن ابی حاتم تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 143۔

۔تفسیر ابن منذر تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 143۔

۔تفسیر ابن مردویہ تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 143۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ البقرۃ آیت نمبر 143۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قیامت کے دن حضرت نوح علیہ سلام کو پکارا جائے گا پس آپ کہیں گے:

اے میرے رب میں حاضر ہوں۔ اللہ تعالیٰ اِرشاد فرمائے گا:

کیا آپ نے تبلیغ فرمادی تھی؟

Marfat.com

حضرت نوح علیہ سلام کہیں گے: جی ہاں یا اللہ۔

ان کی امت سے کہا جائے گا: کیا انہوں نے تبلیغ فرمادی تھی؟۔

وہ کہیں گے کہ ہمارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تھا۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے نوح علیہ سلام آپ کے گواہ کون ہیں؟۔

وہ کہیں گے: حضرت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم اور ان کی امت۔

پھر حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم اور آپ کی امت گواہی دے گی (اور وہ گواہی قبول کی جائے گی) کیونکہ:

وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا

یعنی حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم تم لوگوں پر گواہ ہیں۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ اُمَّةً وَّسَطاً لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا۔

اور اسی طرح ہم نے بنایا تمہیں درمیانی امت تا کہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم تم پر گواہ ہوں گے۔

﴿66﴾

جس کا بھی نام محمد ہو عذابِ نار سے محفوظ

قَالَ اللّٰہ تَعَالٰی:

يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاعَذِّبُ اَحَدًا تُسَمّٰى بِاِسْمِكَ بِالنَّارِ۔

۔دیلمی من طریق ابی نعیم جلد نمبر 3۔ صفحہ نمبر 220۔

Marfat.com

۔الاتحافات (مدینی) صفحہ نمبر 83۔
۔السیر ۃ الحلبیۃ (نورالدین حلبی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 121.
۔طیب الوردۃ شرح قصیدۃ بردۃ صفحہ نمبر 380۔
۔مدارج النبوۃ (شیخ محقق) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 132 (فارسی)۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جس نے آپ کے نام پر نام رکھا اس کو عذاب نہ دوں گا۔

﴿67﴾

جس کا بھی نام محمد یا احمد ہو عذابِ نار سے محفوظ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

یُوْقَفُ عَبْدَانِ اَیْ اِسْمُ اَحَدِھِمَا اَحْمَدٌ وَالْاٰخِرُمُحَمَّدٌ بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ تَعَالٰی فَیُؤْمَرُ بِھِمَا اِلَی الْجَنَّۃِ فَیَقُوْلَانِ:
رَبَّنَا بِمَ اسْتَأْھَلْنَا الْجَنَّۃَ وَلَمْ نَعْمَلْ عَمَلًا تُجَازِیْنَا بِہٖ؟۔
یَقُوْلُ لَھُمَا :عَبْدَیَ اُدْخُلَا الْجَنَّۃَ۔ فَاِنِّی آلَیْتُ عَلٰی نَفْسِیْ اَنْ لَّا یَدْخُلَ النَّارَ مَنْ اِسْمُہٗ مُحَمَّدٌ وَلَا اَحْمَدٌ۔

۔المنار المنیف (ابن قیم) صفحہ نمبر 57۔
۔السیر ۃ الحلبیۃ (نورالدین حلبی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 121۔
۔تنزیہہ الشریعہ (الکنانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 172۔
۔الفوائد المجموعہ (شوکانی) صفحہ نمبر 471۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

دو بندے اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے ان میں سے ایک کا نام احمد ہوگا اور دوسرے کا نام محمد ہوگا۔ ان کو جنت لے جانے کا حکم ہوگا۔ وہ کہیں گے:

اے رب ہمارے لئے جنت کیسے حلال کر دی؟ جب کہ ہم نے کوئی ایسا عمل نہیں کیا جس کی وجہ سے ہمارے لئے جنت جائز کر دی جاتی۔

اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا کہ میں نے خود پر لازم کر دیا ہے کہ جس کا نام محمد یا احمد ہوگا وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا۔

﴿68﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم پر ہدیہء درود وسلام اور اس کا اجر

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِیْهِ:

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ جَآءَ ذَاتَ یَوْمٍ وَالْبُشْرٰی یُرٰی فِیْ وَجْهِهٖ ۔ فَقُلْنَا:

اِنَّا لَنَرَی الْبُشْرٰی فِیْ وَجْهِكَ۔ فَقَالَ:

اِنَّهٗ اَتَانِیْ الْمَلَكُ فَقَالَ:

یَامُحَمَّدُ ﷺ اِنَّ رَبَّكَ یَقُوْلُ:

اَمَا یُرْضِیْكَ اَنَّهٗ لَا یُصَلِّیْ عَلَیْكَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلَّیْتُ عَلَیْهِ عَشْرًا وَلَا یُسَلِّمُ عَلَیْكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَیْهِ عَشْراً ۔

۔سنن النسائی کتاب السھو باب فضل التسلیم علی النبی۔

۔سنن الدارمی کتاب الرقاق باب فی فضل الصلاۃ علی النبی۔

۔مسند احمد جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 30۔

Marfat.com

۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 330۔
۔صحیح ابن حبان روایت نمبر 915۔
۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 420۔
۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 212۔
۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 76۔
۔تاریخ بغداد (خطیب بغدادی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 400 ۔
۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 525۔
۔درۃ الناصحین (عثمان خوبری) صفحہ نمبر 128۔
۔القول البدیع (سخاوی) صفحہ نمبر 116۔
۔جلاء الافہام (ابن قیم) صفحہ نمبر 84۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 249۔

ترجمہ۔ :حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں:

ایک دن حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم تشریف لائے کہ مسرت آپ کے چہرے سے ظاہر ہو رہی تھی۔ ہم نے عرض کیا:

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم آج تو ہم آپ کے چہرہ مبارکہ کو شادمانی سے معمور دیکھ رہے ہیں۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا:

ایک فرشتہ میرے پاس آیا اور آ کر عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

کیا آپ اس بات پر راضی نہیں ہیں کہ آپ کا کوئی بھی امتی آپ پر ایک مرتبہ درود شریف بھیجے تو میں اس پر دس مرتبہ رحمتیں بھیجوں جو آپ پر ایک مرتبہ سلام عرض کرے تو میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجوں۔

Marfat.com

﴿69﴾

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود بھیجنے والے کی قبر پر انعام

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

مَامِنْ عَبْدٍ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاةً اِلَّا عَرَجَ بِهَا مَلَكٌ حَتّٰی یَجِیْءَ بِهَا وِجَاهُ الرَّحْمٰنِ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ:

اِذْهَبُوْا بِهَا اِلٰی قَبْرِ عَبْدِیْ تَسْتَغْفِرُ لِقَائِلِهَا وَتَقَرُّ بِهَا عَیْنُهٗ ۔

۔مسند الفردوس کما ہامش جلاء الافہام۔

۔القول البدیع (سخاوی) صفحہ نمبر 124۔

۔جلاء الافہام (ابن قیم) صفحہ نمبر 123۔

ترجمہ:۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کوئی بھی غلام جب مجھ پر درود شریف پڑھتا ہے تو ایک فرشتہ اسے لے کر اللہ تعالیٰ کی جناب میں حاضر ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

اسے لے کر (اس بندے کے مرنے کے بعد) اس کی قبر پر جاؤ اور اس کی قبر پر اس کے لئے استغفار کرتے رہو اور اس کے ساتھ اس کی آنکھ ٹھنڈی کرتے رہو۔

﴿70﴾

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت غلاموں پر اللہ تعالیٰ کی دس رحمتیں

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

Marfat.com

اَعْطَانِیْ رَبِّیْ فَقَالَ اَنَّهٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیْكَ مِنْ اُمَّتِكَ صَلَّیْتُ عَلَیْهِ عَشْراً۔

۔القول البدیع (سخاوی) صفحہ نمبر 112۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مجھے اللہ تعالیٰ نے یہ فضیلت عطا فرمادی ہے کہ اے محبوب صلّی اللہ علیہ وسلم آپ کی امت میں سے جس نے آپ پر ایک مرتبہ درود بھیجا میں اس پر دس رحمتیں نازل کروں گا۔

﴿71﴾

امتیوں پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور
حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کا سجدۂ تشکر

عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ:

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَاَتْبَعْتُهٗ حَتّٰی دَخَلَ نَخْلًا فَسَجَدَ فَاَطَالَ السُّجُوْدَ حَتّٰی خِفْتُ اَوْخَشِیْتُ اَنْ یَکُوْنَ اللّٰهُ قَدْ تَوَفّٰهُ اَوْقَبَضَهٗ۔

قَالَ فَجِئْتُ اَنْظُرُ فَرَفَعَ رَأْسَهٗ فَقَالَ:

مَا لَكَ یَا عَبْدَالرَّحْمٰنِ۔ قَالَ فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ:

اِنَّ جِبْرِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ لِیْ اَلَا اُبَشِّرُكَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ یَقُوْلُ لَكَ:

Marfat.com

مَنْ صَلّٰی عَلَیْكَ صَلَّیْتُ عَلَیْهِ وَمَنْ سَلَّمَ عَلَیْكَ سَلَّمْتُ عَلَیْهِ

۔مسند احمد جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 191۔

۔مسند ابی یعلیٰ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 273۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 222۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 371+ جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 285۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 211۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 56 صفحہ نمبر 72۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 287۔

۔الاحادیث المختارۃ (ضیاء مقدسی) جلد نمبر 3 صفحہ 278۔

۔القول البدیع (سخاوی) صفحہ نمبر 111۔

۔جلاء الافہام (ابن قیم) صفحہ نمبر 93۔

ترجمہ:۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے روایت کرتے ہوئے فرمایا حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نکلے تو میں آپ کے پیچھے چلا یہاں تک کہ آپ ایک کھجور کے درخت کے پاس تشریف لے گئے اور سجدہ فرمایا پس آپ کا سجدہ لمبا ہو گیا۔ (حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ) میں ڈر گیا کہ (خدانخواستہ) سجدہ ہی میں اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح کو قبض فرمالیا ہے۔ چنانچہ میں آپ کے قریب گیا تو آپ نے سجدہ سے سر اٹھا کر ارشاد فرمایا:

اے عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کیا بات ہے؟

میں نے اپنا خدشہ پیش کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے اور کہا کہ آگاہ ہو جائیں میں آپ کو خوشخبری دیتا ہوں بیشک اللہ تعالیٰ آپ سے ارشاد فرماتا ہے:

جوکوئی آپ پر درود بھیجے تو میں اس پر رحمت بھیجوں گا اور جوکوئی آپ پر سلام بھیجے میں اس پر سلام بھیجوں گا۔

﴿72﴾

کلمہ طیبہ کی برکت

عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَمَرِوبْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ:
سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ:
اِنَّ اللّٰهَ سَیُخَلِّصُ رَجُلًا مِنْ اُمَّتِیْ عَلٰی رُؤُسِ الْخَلَائِقِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَیَنْشُرُ عَلَیْهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِیْنَ سِجِلًّا. کُلُّ سِجِلٍّ مِثْلُ مَدِّ الْبَصَرِ ثُمَّ یَقُوْلُ:
أَتُنْکِرُ مِنْ هٰذَا شَیْئًا ؟أَ ظَلَمَکَ کَتَبَتِیْ الْحٰفِظُوْنَ ؟یَقُوْلُ:
لَا یَارَبِّ فَیَقُوْلُ: اَفَلَکَ عُذْرٌ فَیَقُوْلُ:
لَا یَارَبِّ فَیَقُوْلُ :
بَلٰی اِنَّ لَکَ عِنْدَنَا حَسَنَةً فَاِنَّهٗ لَا ظُلْمَ عَلَیْکَ الْیَوْمَ. فَتُخْرَجُ بِطَاقَةٌ فِیْهَا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ فَیَقُوْلُ:
اُحْضُرْ وَزْنَکَ فَیَقُوْلُ:
یَارَبِّ مَاهٰذِهِ الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلَّاتِ؟

Marfat.com

فَقَالَ فَاِنَّكَ لَاتُظْلَمُ ۔قَالَ فَتُوْضَعُ السِّجِلَّاتُ فِیْ كَفَّةٍ وَالْبِطَاقَةُ فِیْ كَفَّةٍ فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ وَلَایَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَیْءٌ ۔

۔جامع ترمذی کتاب الایمان باب ماجآء فی من یموت وھو یشھد ان لا الٰہ الا اللہ۔

۔سنن ابن ماجہ کتاب الزہد باب ما یرجی من رحمۃ اللہ یوم القیٰمۃ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 213۔

۔نوادر الاصول (حکیم ترمذی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 250۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 6۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 264۔

۔اتحاف السادۃ المتقین (مرتضیٰ زبیدی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 562۔

۔جامع العلوم (ابن رجب) صفحہ نمبر 217۔

۔الترغیب والترہیب (منذری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 417۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 70۔

۔الجامع الکبیر (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 252۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 45۔

۔تفسیر فتح القدیر (شوکانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 193۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ ارشاد فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ میری اُمت میں سے ایک شخص کو قیامت کے دن لوگوں کے سامنے لائے گا اور اُس پر اُس کے ننانوے رجسٹر کھولے گا جو کہ تاحدِ نظر پھیلے ہوں گے پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا:

کیا تو اِنکار کرتا ہے کسی ایسی چیز کا کہ اِس میں میرے فرشتوں نے ظلماً کچھ لکھ دیا ہے؟ وہ کہے گا کہ نہیں۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا اِن گناہوں پر تیرے پاس کوئی عذر ہے؟

وہ کہے گا کہ نہیں۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا:

کیوں نہیں ہمارے پاس تیری ایک نیکی ہے۔ پس بے شک آج کے دن تجھ پر ظلم نہیں ہوگا پس ایک پرچہ نکالا جائے گا جس میں لکھا ہوگا:

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُه وَرَسُوْلُه

پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اپنے نامۂ اعمال کا وزن پیش کرو تو وہ کہے گا:

یا اللہ میرے اس پرچے کا اُن بڑے رجسٹروں کے مقابلہ میں کیا وزن ہوگا؟۔

اللہ تعالیٰ فرمائے گا: تجھ پر ظلم نہیں کیا جائے گا پس میزان کے ایک پلڑے میں رجسٹر رکھے جائیں گے اور دوسرے پلڑے میں وہ کاغذ رکھا جائے گا تو پس رجسٹروں والا پلڑا ہلکا ہو کر اُٹھ جائیگا اور یہ کاغذ والا پلڑا بھاری ہو جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کے نام کے مقابلہ میں کوئی چیز بھی وزنی نہیں ہے۔

﴿73﴾

آسمانوں کی زینت نامِ محمد صلّی اللہ علیہ وسلم سے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

لَمَّا عُرِجَ بِیْ اِلَی السَّمَآءِ فَمَا مَرَرْتُ بِسَمَآءٍ اِلَّا وَجَدتُّ اِسْمِیْ مَکْتُوْباً فِیْهَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

۔مسند البزار جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 162۔

۔المعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 60۔

۔الکامل (ابن عدی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 1507۔

۔کشف الاستار (البزار) حدیث نمبر 2482۔

۔تاریخ بغداد (خطیب بغدادی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 445۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 13۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب آسمانوں کی طرف مجھے معراج کرائی گئی تو میں جس آسمان سے بھی گذرا تو اس میں میں نے لکھا ہوا پایا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔

﴿74﴾

بیانِ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور مقامِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ:

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی خَلَقَ نُوْرَ مُحَمَّدٍ قَبْلَ اَنْ یَخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَالْعَرْشَ وَالْکُرْسِیَّ وَالْقَلَمَ وَالْجَنَّۃَ وَالنَّارَ وَقَبْلَ اَنْ یَخْلُقَ اٰدَمَ وَنُوْحًا وَاِبْرَاھِیْمَ وَاِسْمَاعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَمُوْسٰی وَعِیْسٰی وَسُلَیْمَانَ وَدَاوٗدَ علیہم السلام ۔ وَکُلَّ مَنْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی حَیْثُ یَقُوْلُ:

(وَوَھَبْنَا لَہٗ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ)

(وَاجْتَبَیْنٰھُمْ وَھَدَیْنٰھُمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ)

وَقَبْلَ اَنْ یَخْلُقَ الْاَنْبِیَآءَ کُلَّھُمْ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ بِاَرْبَعَ

Marfat.com

مِائَةِ اَلْفِ سَنَةٍ وَاَرْبَعَةٍ وَعِشْرِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ۔ وَخَلَقَ مَعَهٗ اثْنَىْ عَشَرَ حِجَاباً:حِجَابُ الْقُدْرَةِ،وَحِجَابُ الْعَظْمَةِ، وَحِجَابُ الْمَنَّةِ، وَحِجَابُ الرَّحْمَةِ،وَحِجَابُ السَّعَادَةِ،وَحِجَابُ الْكَرَامَةِ، وَحِجَابُ الْمَنْزِلَةِ،وَحِجَابُ الْهِدَايَةِ، وَحِجَابُ النَّبُوَّةِ،وَحِجَابُ الرِّفْعَةِ، وَحِجَابُ الْهَيْبَةِ ، وَحِجَابُ الشَّفَاعَةِ۔ثُمَّ حَبَسَ نُوْرَمُحَمَّدٍ فِىْ حِجَابِ الْقُدْرَةِ اثْنَىْ عَشَرَ اَلْفَ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ رَبِّىَ الْاَعْلٰى وَفِىْ حِجَابِ الْعَظْمَةِ اِحْدٰى عَشَرَ اَلْفَ سَنَةٍ وَهُوَيَقُوْلُ:

سُبْحَانَ عَالِمِ السِّرِّوَاَخْفٰى۔

وَفِىْ حِجَابِ الْمَنَّةِعَشَرَةَ اٰلَافِ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سَبْحَانَ الرَّفِيْعِ الْاَعْلٰى۔

وَفِىْ حِجَابِ الرَّحْمَةِ تِسْعَةَ اٰلَافِ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ الرَّؤُفِ الْكَبِيْرِ۔

وَفِىْ حِجَابِ السَّعَادَةِ ثَمَانِيَةَ اٰلَافِ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ مَنْ هُوَدَائِمٌ لَا يَسْهُوْ۔

فِىْ حِجَابِ الْكَرَامَةِ سَبْعَةَ اٰلَافِ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ مَنْ هُوَ غَنِىٌّ لَا يَفْتَقِرُ۔

وَفِىْ حِجَابِ الْمَنْزِلَةِ سِتَّةَ اٰلَافِ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ الْعَلِيْمِ الْحَلِيْمِ۔

وَفِیْ حِجَابِ الْهِدَايَةِ خَمْسَةَ اٰلَافِ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ ذِی الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

وَفِیْ حِجَابِ النُّبُوَّةِ اَرْبَعَةَ اٰلَافِ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ۔

وَفِیْ حِجَابِ الرِّفْعَةِ ثَلَاثَةِ اٰلَافِ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ۔

وَفِیْ حِجَابِ الْهَيْبَةِ اَلْفَیْ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ۔

وَفِیْ حِجَابِ الشَّفَاعَةِ اَلْفَ سَنَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ:

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِيْمِ وَبِحَمِدِهٖ۔

ثُمَّ اَظْهَرَ اِسْمُهٗ عَلَى اللَّوْحِ وَكَانَ اللَّوْحُ مُنَوَّراً اَرْبَعَةَ اٰلَافِ سَنَةٍ ۔ ثُمَّ اَظْهَرَهُ عَلَى الْعَرْشِ اَیْ لِيُعْرِفَهُ الْعَرْشَ ۔ فَكَانَ عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ مُثْبِتاً سَبْعَةَ اٰلَافِ سَنَةٍ اِلٰی اَنْ وَضَعَهُ اللّٰهُ فِیْ صُلْبِ آدَمَ علیه السلام۔ ثُمَّ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ نَقَلَهُ مِنْ صُلْبِ نُوْحٍ۔ ثُمَّ مِنْ صَلْبٍ اِلٰی صُلْبٍ حَتّٰی اَخْرَجَهُ اللّٰهُ مِنْ صُلْبِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ ۔

۔شرف المصطفیٰ (ابوالسعید) جلدنمبر 1 صفحہ نمبر 307۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے آسمانوں، زمینوں، عرش، کرسی، قلم، جنت اور دوزخ سے پہلے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کا نور پیدا فرمایا اور حضرت آدم، حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت اسماعیل، حضرت اسحٰق، حضرت یعقوب، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ، حضرت سلیمان اور حضرت داؤد علیہم السلام سے قبل نور مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم پیدا فرمایا۔ اور جو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

(وَوَهَبْنَا لَهٗ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ)

(وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ)

اور تمام انبیائے کرام کی تخلیق سے چار لاکھ چوبیس ہزار سال پہلے نور مصطفیٰ بنایا اور حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ بارہ حجابات بھی پیدا فرمائے۔ حجاب قدرت، حجاب عظمت، حجاب منّت، حجاب رحمت، حجاب سعادت، حجاب کرامت، حجاب منزلت، حجاب ہدایت، حجاب نبوت، حجاب رفعت، حجاب ہیبت اور حجاب شفاعت پیدا فرمائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے نورِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو حجاب قدرت میں بارہ ہزار سال تک رکھا آپ کا نور سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھتا رہا۔

پھر حجاب عظمت میں گیارہ ہزار سال رہا تو وہاں سُبْحَانَ عَالِمِ السِّرِّ وَاَخْفٰی پڑھتا رہا۔

پھر آپ کا نور حجاب منّت میں دس ہزار سال رہا تو وہاں سَبْحَانَ الرَّفِیْعِ الْاَعْلٰی پڑھتا رہا۔

پھر آپ کا نور حجاب رحمت میں نو ہزار سال رہا تو سُبْحَانَ الرَّؤُفِ الْکَبِیْرِ پڑھتا رہا۔

پھر آپ کا نور حجاب سعادت میں آٹھ ہزار سال رہا تو وہاں سُبْحَانَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ

Marfat.com

لَا یَسْھُوْ پڑھتا رہا۔

پھر آپ کا نور حجاب کرامت میں سات ہزار سال رہا تو وہاں پر سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ غَنِیٌّ لَا یَفْتَقِرُ پڑھتا رہا۔

پھر آپ کا نور حجاب منزلت میں چھ ہزار سال رہا اور سُبْحَانَ الْعَلِیْمِ الْحَلِیْمِ پڑھتا رہا۔

پھر حجاب ہدایت میں پانچ ہزار سال رہا تو وہ سُبْحَانَ ذِی الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ پڑھتا رہا۔

پھر حجاب نبوت میں چار ہزار سال رہا اور سُبْحَانَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ پڑھتا رہا۔

پھر حجاب رفعت میں تین ہزار سال رہا اور سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ پڑھتا رہا۔

پھر حجاب ہدایت میں دو ہزار سال رہا اور سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھتا رہا۔

پھر حجاب شفاعت میں ایک ہزار سال رہا تو سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھتا رہا۔

پھر اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا نام مبارک لوح محفوظ پر ظاہر فرمایا تو اس کی برکت سے لوح محفوظ روشن و منور ہو گئی۔

پھر اللہ تعالیٰ نے عرش پر ظاہر فرمایا تا کہ عرش اسے اچھی طرح پہچان لے۔ آپ کا نام ساق عرش پر سات ہزار سال تک ثبت رہا۔

پھر وقت آیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو حضرت آدم علیہ السلام کی پشت میں رکھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو حضرت نوح علیہ السلام کی پشت میں منتقل کیا پھر ایک پشت سے دوسری

Marfat.com

پشت میں منتقل ہوتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنھما کی پشت سے ظاہر فرمادیا۔

﴿75﴾

اُنس لوگوں کی بجائے نامِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم سے

لِمَنْ یَعْلَمُ اَنَّہٗ یَمُوْتُ وَحْدَہٗ یَدْخُلُ القَبْرَوَحْدَہٗ وَیُحَاسَبُ وَحْدَہٗ کَیْفَ یَسْتَأْنِسُ بِالنَّاسِ لَااِلٰہَ اِلَّااَنَاحَقّاً۔وَاَنَّ مُحَمَّداً عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ۔

۔المواعظ فی الاحادیث القدسیۃ (امام غزالی) صفحہ نمبر 87۔

ترجمہ:۔ اس شخص کے لئے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

جو شخص جانتا ہے کہ بے شک وہ تنہا مرے گا، تنہا قبر میں داخل ہوگا، تنہا حساب دے گا، ایسا شخص لوگوں سے کیسے اُنس حاصل کرسکتا ہے میرے سوا حقیقتاً کوئی معبود نہیں۔ اور بیشک حضرت محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم میرے بندے اور میرے رسول ہیں۔

﴿76﴾

جو حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کا نہیں خدا اس کا نہیں

یَقُوْلُ اللّٰہُ:

شَھِدْتُ نَفْسِیْ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنَا وَحْدِیْ لَا شَرِیْکَ لِیْ۔ مُحَمَّدٌ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ۔ مَنْ لَمْ یَرْضَ بِقَضَائِیْ وَلَمْ یَصْبِرْ عَلٰی بَلَائِیْ وَلَمْ یَشْکُرْ عَلٰی نِعْمَائِیْ وَلَمْ یَقْنَعْ بِعَطَائِیْ فَلْیَعْبُدْ رَبّاً سَوَائِیْ۔

۔المواعظ فی الاحادیث القدسیہ (امام غزالی) صفحہ نمبر 87۔

ترجمہ:۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

میں اپنی ذات کی گواہی دیتا ہوں کہ میں صرف اکیلا ہی معبود ہوں میرا کوئی شریک نہیں ہے۔اور محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم میرے بندے اور میرے رسول ہیں۔ جو کوئی میرے فیصلہ پر راضی نہ ہوا میری آزمائش پر صبر مند نہ ہوا، میری نعمتوں پر شکر گزار نہ ہوا، اور میری عطاء پر قناعت پسند نہ ہوا تو وہ میرے سوا کسی اور رب کی عبادت کر لے۔

﴿77﴾

امت کی بخشش حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں کی ٹھنڈک

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لِجِبْرِيْلَ عِنْدَ مَوْتِهٖ:

مَنْ لِاُمَّتِیْ بَعْدِی فَاَوْحَی اللّٰهُ تَعَالٰی اِلٰی جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ سَلَامٌ اَنْ بَشِّرْ حَبِيْبِیْ اَنِّیْ لَا اَخْذُلُهٗ فِی اُمَّتِهٖ وَبَشِّرْهُ بِاَنَّهٗ اَسْرَعَ النَّاسُ خُرُوْجًا مِنَ الْاَرْضِ اِذَا بُعِثُوْا وَسَيِّدُهُمْ اِذَا جُمِعُوْا۔ وَاِنَّ الْجَنَّةَ مُحَرَّمَةٌ عَلَى الْاُمَمِ حَتّٰی تَدْخُلَهَا اُمَّتُهٗ۔ فَقَالَ الْاٰنَ قَرَّتْ عَيْنِیْ۔

۔تخریج احادیث احیاء علوم الدین (عراقی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 454 حدیث نمبر 4372۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے اپنے وصال کے وقت فرمایا:

میرے بعد میری امت کیلئے کون ہوگا؟

اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ سلام کی طرف وحی کی کہ میرے حبیب صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو خوشخبری دے دو:

بے شک میں ان کو ان کی امت کے بارے میں رسوا نہ کروں گا، اور ان کو خوشخبری دے دو کہ بے شک جب لوگ دوبارہ زندہ کئے جائیں گے تو وہ دوسرے لوگوں سے جلدی زمین سے نکلیں گے اور جب لوگ جمع ہوں گے تو وہ ان کے سردار ہوں گے اور آپ کی امت کے داخل ہونے تک دوسری امتوں پر جنت حرام ہے۔ پس حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے کہا اب میری آنکھیں ٹھنڈیں ہوگئیں۔

﴿78﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کے طویل سجدہ کی بھی امت کو برکت

حُذَیْفَةُ بْنُ الْیَمَانِ یَقُوْلُ:

غَابَ عَنَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَوْمًا فَلَمْ یَخْرُجْ حَتّٰی ظَنَنَّا اَنَّهٗ لَنْ یَخْرُجَ فَلَمَّا خَرَجَ سَجَدَ سَجْدَةً فَظَنَنَّا اَنَّ نَفْسَهٗ قَدْ قُبِضَتْ مِنْهَا فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهٗ قَالَ:

اِنَّ رَبِّی تَبَارَكَ وَتَعَالٰی اِسْتَشَارَنِیْ فِیْ اُمَّتِیْ مَاذَا اَفْعَلُ بِهِمْ؟ فَقُلْتُ:

مَا شِئْتَ اَیْ رَبِّ هُمْ خَلْقُكَ وَعِبَادُكَ فَاسْتَشَارَنِی الثَّانِیَةَ فَقُلْتُ لَهٗ كَذَالِكَ فَقَالَ:

لَا اَحْزُنُكَ فِیْ اُمَّتِكَ یَا مُحَمَّدُ صلی اللہ علیہ وسلم۔ وَبَشَّرَنِیْ اَنَّ اَوَّلَ مَنْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِی سَبْعُوْنَ اَلْفًا مَعَ كُلِّ اَلْفٍ سَبْعُوْنَ اَلْفاً لَیْسَ عَلَیْهِمْ حِسَابٌ ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَیَّ فَقَالَ:

Marfat.com

اُدْعُ تُجَبْ وَسَلْ تُعْطَ فَقُلْتُ لِرَسُوْلِهٖ:
اَوَ مُعْطِیَّ رَبِّی سُؤْلِیْ فَقَالَ:
مَا اَرْسَلَنِیْ اِلَیْكَ اِلَّا لِیُعْطِیَكَ وَلَقَدْ اَعْطَانِیْ رَبِّی عَزَّوَجَلَّ وَلَا فَخْرَ ۔وَغَفَرَ لِیْ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِیْ وَمَا تَأَخَّرَ وَاَنَا اَمْشِیْ حَیًّا صَحِیْحًاوَاَعْطَانِی اَنْ لَا تَجُوْعَ اُمَّتِی وَلَا تُغْلَبُ وَاَعْطَانِی الْكَوْثَرَ فَهُوَنَهْرٌمِنَ الْجَنَّةِیَسِیْلُ فِیْ حَوْضِیْ وَاَعْطَانِیْ الْعِزَّ وَالنَّصْرَ وَالرُّعْبَ یَسْعٰی بَیْنَ یَدَیْ اُمَّتِی شَهْرًا وَاَعْطَانِیْ اَنِّیْ اَوَّلُ الْاَنْبِیَآءِ اَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَطَیَّبَ لِیْ وَلِاُمَّتِی الْغَنِیْمَةَوَاَحَلَّ لَنَا كَثِیْرًا مِمَّا شَدَّدَ عَلٰی مَنْ قَبْلَنَا وَلَمْ یَجْعَلْ عَلَیْنَا مِنْ حَرَجٍ ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 393۔
۔ابن عساکر کما ذکر علی المتقی فی کنز العمال۔
۔غایۃ المقصد فی زوائد المسند (ہیثمی) کتاب المناقب باب فی فضل الامۃ۔
۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 203۔

ترجمہ:۔ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہم سے جدا رہے پس آپ (گھر سے) باہر تشریف نہ لائے۔ جب آپ تشریف لائے تو آپ نے اتنا طویل سجدہ فرمایا کہ ہم نے گمان کیا کہ آپ کی روح مبارک قبض ہوگئی۔ پس جب آپ نے سر مبارک سجدہ سے اٹھایا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

میرے پروردگار نے مجھ سے میری امت کے بارے میں مشورہ طلب فرمایا کہ میں

Marfat.com

ان سے کیا سلوک کروں؟ میں نے عرض کیا:

آپ جو پسند فرمائیں ان سے سلوک کریں، آپ ان کے پروردگار ہیں۔ وہ آپ کی مخلوق اور آپ کے بندے ہیں۔ پس مجھ سے دوسری مرتبہ مشورہ طلب کیا میں نے ایسا ہی کہا۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اے محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم میں آپ کو آپ کی امت کے بارے میں غمزدہ نہ کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے خوشخبری دی کہ قیامت کے دن میری امت میں سے سب سے پہلے جنتُ میں ستر ہزار لوگ داخل ہوں گے اور ان میں سے ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار مزید داخل ہوں گے جن پر کوئی حساب نہ ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ مجھے پیغام بھیجے گا:

دعا کریں قبول کی جائے گی اور مانگیں دیا جائے گا۔

میں اپنے پاس آنے والے فرشتے سے کہوں گا:

میں جو مانگوں گا کیا میرا رب وہ مجھے دے گا؟۔

وہ کہے گا: مجھے آپ کی طرف صرف اس لئے بھیجا گیا ہے کہ آپ جو کچھ طلب فرمائیں وہ آپ کو پیش کر دیا جائے۔ اور مجھے میرا رب دے گا اور میں اس بات پر فخر نہیں کرتا۔ اور میرے سبب میرے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور میں زندہ جاوید صحیح حالت میں چلوں گا اور مجھے یہ بھی شان دی گئی ہے کہ میری امت پر بھوک کا عذاب نہ ہوگا۔ اور نہ ہی میری امت کسی سے مغلوب ہوگی۔ اور مجھے کوثر دی گئی ہے۔ پس وہ جنت کی نہر ہے جو میرے حوض میں آتی ہے اور مجھے عزت، نصرت و رعب عطا کیا گیا ہے اور میرا رعب ایک مہینہ تک میرے آگے ہوتا ہے۔ مجھے یہ بھی عطا کیا گیا ہے کہ میں جنت میں تمام انبیائے کرام سے قبل داخل ہوں گا۔ اور مالِ غنیمت میری امت کے لئے حلال ہے۔ اور ہم سے پہلے لوگوں پر کئی معاملات میں پابندیاں تھیں جبکہ ہمارے لئے وہ ختم کر دی

Marfat.com

گئیں ہیں اور ہم پر کوئی بوجھ نہیں ڈالا گیا۔

﴿79﴾

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے ایک اور طویل سجدہ کی بھی امت کو برکت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

جَآءَنِیْ جِبرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِهٰذَا الْمَوْضَعِ فَقَالَ :
اِنَّ اللّٰه تَبَارَكَ وَتَعَالٰی یُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَیَقُوْلُ لَكَ مَا تُحِبُّ اَنْ اَصْنَع بِاُمَّتِك ؟۔قلتُ:
اَللّٰه اَعْلَمُ ۔فَذَهَبَ ثُمَّ جَآءَ اِلَیَّ اَنَّه یَقُوْلُ لَكَ:
لَا اَسُوْءُكَ فِی اُمَّتِكَ ۔فَسَجَدْتُ ۔فَاَفْضَلُ مَا تَقَرَّبَ بِهٖ اِلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ السُّجُوْدُ۔

۔المعجم الصغیر (طبرانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 117۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میرے پاس جبرائیل علیہ سلام اس جگہ پر آئے اور کہا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور آپ سے فرمایا ہے:

آپ اپنی امت کے بارے میں کیا چاہتے ہیں؟

میں نے عرض کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔پس جبریل علیہ السلام واپس گئے اور پھر آ گئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

Marfat.com

آپ کی امت کے بارے میں ہم آپ کو کوئی تکلیف نہ دیں گے پس میں نے سجدہ کیا۔ پس افضل چیز جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے وہ سجدے ہیں۔

﴿80﴾

امت کے ساتھ کیساتھ حسن سلوک نا کہ رسوائی

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

اِنِّی صَلَّیْتُ مَا کَتَبَ لِیْ رَبِّیْ فَقَالَ:

یَا مُحَمَّدُ ﷺ مَا اَفْعَلُ بِاُمَّتِكَ ؟قُلْتُ:

رَبِّ اَنْتَ اَعْلَمُ فَاَعَادَهَا عَلَیَّ ثَلَاثاً اَوْ اَرْبَعاً۔

فَقَالَ لِیْ فِیْ آخِرِهَا مَا اَفْعَلُ بِاُمَّتِكَ ؟

قُلْتُ اَنْتَ اَعْلَمُ یَارَبِّ۔

قَالَ :اِنِّی اَنْ لَا اُخْزِیَكَ فِیْ اُمَّتِكَ فَسَجَدْتُ لِرَبِّیْ۔وَرَبُّكَ شَاكِرٌ یُّحِبُّ الشَّاكِرِیْنَ۔

۔مسند شامیین (طبرانی) حدیث نمبر1032۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر20 صفحہ نمبر102۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر2 صفحہ نمبر288۔

ترجمہ:۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

کہ بے شک جو میرے رب نے میرے لئے مقرر کی میں نے وہ نماز پڑھی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

آپ کی امت کے ساتھ کیا سلوک کروں؟

Marfat.com

میں نے کہا: میرے رب تو بہتر جانتا ہے

پس تین یا چار مرتبہ ایسا ہی ہوا۔ پس آخر کار اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

آپ کی امت کے ساتھ کیا سلوک کروں؟

میں نے عرض کیا کہ اے میرے رب تو بہتر جانتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں آپ کو آپ کی امت کے بارے میں رسوا نہ کروں گا۔ پس میں نے اپنے رب کو سجدہ کیا اور تیرا رب شکر کا قدر دان ہے اور شکر کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

﴿81﴾

شبِ معراج اور غمِ امت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:

لَمَّا اُسْرِیَ بِیْ اِلَی السَّمَآءِ قَرَّبَنِیْ رَبِّیْ تَعَالٰی حَتّٰی کَانَ بَیْنِیْ وَبَیْنَهٗ کَقَابَ قَوْسَیْنِ اَوْاَدْنٰی لَا بَلْ اَدْنٰی۔قَالَ:

یَا حَبِیْبِیْ یَا مُحَمَّدُ ﷺ قُلْتُ:

لَبَّیْكَ یَارَبِّ قَالَ:

هَلْ غَمَّكَ اَنْ جَعَلْتُكَ آخِرَالنَّبِیّنَ ؟

قُلْتُ :یَارَبِّ لَا۔

قَالَ:حَبِیْبِیْ هَلْ غَمَّ اُمَّتِكَ اَنْ جَعَلْتُهُمْ آخِرَالْاُمَمِ ؟

قُلْتُ: یَارَبِّ لَا قَالَ:

Marfat.com

اَبْلِغْ اُمَّتَكَ عَنِّی السَّلَامَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنِّیْ جَعَلْتُهُمْ آخِرَالْاُمَمِ لِاَفْضَحَ الْاُمَمَ عِنْدَهُمْ وَلَااَفْضَحَهُمْ عِنْدَ الْاُمَمِ۔

۔تاریخ بغداد (خطیب بغدادی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 337۔

۔فردوس الاخبار (دیلمی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 479۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 516۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 203۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 158۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

جب مجھے آسمانوں کی سیر کرائی گئی اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے قریب کیا یہاں تک کہ میرے اور رب کے درمیان قُرب قاب قوسین کی طرح ہو گیا یا اس سے بھی زیادہ قریب۔ نہیں بلکہ اور زیادہ قریب۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اے میرے حبیب، اے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔

میں نے عرض کیا: اے میرے رب میں حاضر ہوں۔

فرمایا: کیا آپ کو یہ غم ہے کہ آپ کو تمام انبیاء کے آخر میں بھیجا گیا ہے؟۔

میں نے عرض کیا: اے میرے پروردگار نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: کیا آپ کو غم ہے کہ آپ کی امت کو سب امتوں کے آخر میں رکھا گیا ہے؟۔

میں نے عرض کیا کہ نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنی امت کو میری طرف

Marfat.com

سے سلام پہنچادو اور انہیں خبر دے دو بے شک میں نے ان کو آخری امت بنایا تا کہ دوسری امتوں کے گناہ تو ان کے سامنے ظاہر ہو جائیں لیکن ان کے گناہ دوسری امتوں کے سامنے ظاہر نہ ہوں۔

﴿82﴾

امت کے گناہ پردے میں

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :

سَأَلْتُ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ اَنْ يَجْعَلَ اُمَّتِیْ اِلَیَّ لِئَلَّا تَفْتَضِحَ اُمَّتِی عِنْدَ الْاُمَمِ۔

فَاَوْحَی اللّٰه عَزَّ وَجَلَّ اِلَیَّ يَا مُحَمَّدُ صلی اللہ علیہ وسلم **اَنَا اُحَاسِبُهُمْ۔ وَاِنْ كَانَ شَیْءٌ سَتَرْتُهُ عَلَيْكَ لَا يَفْتَضِحُ بِهٖ عَبْدِیْ۔**

۔مسند الفردوس (دیلمی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 441 حدیث نمبر 3228۔

۔فیض القدیر (مناوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 76۔

۔تنزیہہ الشریعہ (الکنانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 336، صفحہ نمبر 400۔

۔الجامع الصغیر (سیوطی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 951۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

میں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا کہ میری امت کا حساب میرے سپرد فرمادے تا کہ میری امت دوسری امتوں کے سامنے ذلیل ورسوانہ ہو۔

اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی اے محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں ان سے حساب لوں گا اور اگر کوئی معاملہ سخت ہوا تو آپ سے بھی چھپادوں گا تا کہ میرے بندے رسوانہ ہوں۔

﴿83﴾

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی امت کے متعلق رضا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِوبْنِ الْعَاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم تَلَا قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰی فِیْ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَیْ رَبِّ (اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِیْراً مِنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ)

وَقَالَ عِیْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ اَیْ

(اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ)

فَرَفَعَ یَدَیْهِ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ وَبَكٰی۔

فَقَالَ اللّٰهُ یَا جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِذْهَبْ اِلٰی مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم وَرَبُّكَ اَعْلَمُ فَسَلْهُ مَایُبْكِیْكَ ؟۔

فَاَتَاهُ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ سَلَامٌ فَسَاَلَهٗ فَاَخْبَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِمَا قَالَ وَهُوَ اَعْلَمُ۔

فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ سَلَامٌ اِذْهَبْ اِلٰی مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم فَقُلْ:

اِنَّا سَنُرْضِیْكَ فِیْ اُمَّتِكَ وَلَا نَسُوْئُكَ۔

صحیح مسلم کتاب الایمان باب دعآء النبی صلی اللہ علیہ وسلم لامتہ وبکاءہ شفقۃ علیھم۔

Marfat.com

۔شرح السنۃ (بغوی) جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 508۔
۔تخریج احادیث احیاء العلوم (عراقی) جلد نمبر 4 حدیث نمبر 4481۔
۔تفسیر قرطبی تحت ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ۔
۔تفسیر بغوی تحت ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ۔
۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ۔
۔تفسیر خازن تحت ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ۔
۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ۔

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے حضرت ابراہیم علیہ سلام سے متعلق آیت پڑھی:

اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْراً مِنَ النَّاسِ فَمَنْ تَبِعَنِىْ فَاِنَّهٗ مِنِّىْ

یا اللہ انہوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے جس نے میری پیروی کی وہی مجھ سے ہوگا۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ سلام والی آیت پڑھی:

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

یا اللہ اگر تو انہیں عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اگر انہیں معاف فرما دے تو بیشک تو ہی غالب ہے حکمت والا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ہاتھ اٹھا دیئے اور **اَللّٰهُمَّ اُمَّتِى اُمَّتِى** کہہ کر رونے لگے۔

اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ سلام سے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی طرف جاؤ اور تیرا رب خوب جانتا ہے۔ ان سے جا کر پوچھو کہ آپ کیوں روتے ہیں؟۔

جبریل علیہ سلام آپ کے پاس آئے۔ استفسار کیا تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

زیادہ جانتا ہے۔تو پھر اللہ نے جبریل علیہ سلام سے کہا کہ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس جا کر کہو:

آپکی امت کے بارے میں ہم آپ کو خوش کر دیں گے اور آپکو رنجیدہ نہیں کریں گے۔

﴿84﴾

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کی امت کے لئے دو دعائیں قبول ہو چکیں تیسری دعا کا انتظار

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے سوالات کی مجھے اجازت دی تو میں نے دو دفعہ کہا:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِاُمَّتِیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِاُمَّتِیْ وَاَخَّرْتُ الثَّالِثَۃَ لِیَوْمٍ یَرْغَبُ اِلَیَّ فِیْہِ الْخَلْقُ حَتّٰی اِبْرَاھِیْمُ عَلَیْہِ الصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ۔

۔صحیح مسلم کتاب فضائل القرآن باب بیان ان القرآن علی سبعۃ احرف۔

۔مسند احمد جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 129,127۔

۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 323۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر صفحہ نمبر۔

۔نوادر الاصول (حکیم ترمذی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 273۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 383۔

۔تفسیر ابن جریر مقدمہ۔

۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ الاسراء آیت نمبر 78۔

۔تفسیر قرطبی مقدمہ۔

Marfat.com

ترجمہ:۔ اے اللہ میری امت کی مغفرت فرمادے میری امت کی مغفرت فرما دے تیسری دعا میں نے اس دن کیلئے مؤخر کردی ہے جس دن تمام مخلوق میری طرف رغبت کرے گی یہاں تک کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی۔

﴿85﴾

اللہ تعالیٰ سے حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راز و نیاز

فَكَلَّمَهُ رَبُّهُ عِنْدَ ذٰلِكَ قَالَ لَهُ:

سَلْ قَالَ:

اِنَّكَ اِتَّخَذْتَ اِبْرَاهِيمَ خَلِيْلًا وَاَعْطَيْتَهُ مُلْكاً عَظِيْماً۔ وَكَلَّمْتَ مُوْسٰى تَكْلِيْماً۔ وَاَعْطَيْتَ دَاوٗدَ مُلْكاً عَظِيْماً وَاَلَنْتَ لَهُ الْحَدِيْدَ وَسَخَّرْتَ لَهُ الْجِبَالَ وَاَعْطَيْتَ سُلَيْمَانَ مُلْكاً عَظِيْماً وَسَخَّرْتَ لَهُ الْجِبَالَ وَالْجِنَّ وَالْاِنْسَ وَسَخَّرْتَ لَهُ الشَّيَاطِيْنَ وَالرِّيَاحَ وَاَعْطَيْتَهُ مُلْكاً عَظِيْماً لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِنْ بَعْدِهٖ، وَعَلَّمْتَ عِيْسَى التَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَيُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَيُحْيِ الْمَوْتٰى بِاَنْ ذٰلِكَ وَاَعَذْتَهُ وَاُمَّهُ مِنَ الشَّيَاطِيْنَ فَلَمْ يَكُنْ لَهُ عَلَيْهِمَا سَبِيْلٌ۔

فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ:

قَدْ اِتَّخَذْتُكَ خَلِيْلًا، قَالَ وَهُوَ مَكْتُوْبٌ فِي التَّوْرَاةِ وَ اَرْسَلْتُكَ اِلَى النَّاسِ كَآفَّةً بَشِيْرًا وَنَذِيْراً وَشَرَحْتُ لَكَ صَدْرَكَ۔ وَوَضَعْتُ عَنْكَ وِزْرَكَ۔ وَرَفَعْتُ لَكَ ذِكْرَكَ فَلَا اُذْكَرُ

Marfat.com

اِلَّا ذُکِرْتَ مَعِیْ یَعْنِیْ بِذٰلِکَ الْاَذَانُ وَجَعَلْتُ اُمَّتَکَ خَیْرَاُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ۔ وَجَعَلْتُ مِنْ اُمَّتِکَ اُمَّةً وَّسَطًا وَجَعَلْتُ اُمَّتَکَ هُمُ الْاَوَّلُوْنَ وَهُمُ الْاٰخِرُوْنَ۔ وَجَعَلْتُ مِنْ اُمَّتِکَ اَقْوَامًا قُلُوْبُهُمْ اَنَاجِیْلُهُمْ وَجَعَلْتُ اُمَّتَکَ لَاتَجُوْزُعَلَیْهِمْ خُطْبَةٌ حَتّٰی یَشْهَدُوْا اَنَّکَ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ وَجَعَلْتُکَ اَوَّلَ النَّبِیِّیْنَ خَلْقًا وَّاٰخِرَهُمْ مَبْعَثًا وَاَتَیْتُکَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِیْ لَمْ اَعْطِهَا نَبِیًّا قَبْلَکَ۔ وَاَعْطَیْتُکَ خَوَاتِیْمَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ مِنْ کَنْزِتَحْتَ الْعَرْشِ لَمْ اَعْطِهَا نَبِیًّا قَبْلَکَ وَجَعَلْتُکَ فَاتِحًا وَّخَاتِمًا۔

۔دلائل النبوۃ (بیہقی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 63۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 526۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 67۔

۔کتاب الشفاء (قاضی عیاض) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 101۔

۔کشف الاستار (ہیثمی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 38۔

۔الخصائص الکبریٰ (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 288۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 387، صفحہ 502۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 206۔

۔تفسیر ابن ابی حاتم تحت ورفعنا لک ذکرک۔

۔تفسیر درِ منثور (سیوطی) جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 362۔

۔فتاوی رضویہ (اعلیٰ حضرتؒ) جلد نمبر 30 صفحہ نمبر 188۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے کلام کیا تو اللہ تعالیٰ نے

Marfat.com

ارشاد فرمایا کہ کچھ پوچھیے:

آپ نے عرض کیا:

یا اللہ بیشک آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنایا اور ان کو بہت بڑا ملک عطا کیا۔ آپ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا۔ اور آپ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو بہت بڑا ملک دیا۔ ان کیلئے تو نے لوہا نرم کیا۔ ان کیلئے پہاڑ مسخر کر دیئے۔ آپ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو بہت عظیم ملک دیا ان کیلئے پہاڑ انسان اور جن فرمانبردار کئے۔ شیاطین اور ہوائیں ان کے تابع کر دیں۔ اور بہت بڑی حکومت عطا کی۔ ایسی حکومت کہ ان کے بعد کسی کو بھی ویسی حکومت عطا نہیں کی۔ آپ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تورات اور انجیل سکھا دی ان کو نابیناؤں اور کوڑھوں کو شفایاب کرنے والا اور اپنے حکم سے مردوں کو زندہ کرنے والا بنا دیا۔ ان کو اور ان کی ماں کو شیطانوں سے پناہ دی اور شیطان کو ان پر کوئی راستہ نہیں دیا۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان سے ارشاد فرمایا کہ میں نے آپ کو خلیل بنایا۔ اور یہ تورات میں خلیل الرحمٰن لکھا ہے۔ آپ کو تمام لوگوں کی طرف خوشخبری سنانے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا آپ کا سینہ کھول دیا۔ آپ سے بوجھ ہٹا دیا۔ آپ کا ذکر آپ کیلئے بلند کر دیا۔ پس میں ذکر نہ کیا جاؤں گا مگر آپ بھی میرے ساتھ ذکر کئے جائیں گے۔ جس طرح کہ اذان میں بھی ہے۔ میں نے آپ کی امت کو بہترین امت بنا دیا جو لوگوں کو گمراہی سے نکالتی ہے۔ میں نے آپ کی امت کو درمیانی امت بنایا اور آپ کی امت کو سب امتوں سے اول و آخر بنایا۔ آپ کی امت کے بعض لوگوں کے دلوں کو اناجیل (حافظ قرآن) بنایا۔ اور آپ کی امت پر آپ کے متعلق میرے بندہ اور میرے رسول کی گواہی دیئے بغیر خطبہ پڑھنا نا جائز قرار دیا اور آپ کو تخلیق کے اعتبار سے سب انبیاء سے اول اور بعثت کے اعتبار سے

Marfat.com

سب سے آخر بنایا آپ کو سورۃ فاتحہ عطا کی جو کہ اس پہلے کسی نبی کو بھی عطا نہیں کی۔ اور آپ کو سورۃ بقرہ کی آخری آیات ایسی عطا کیں ہیں جو کہ عرش کے نیچے خزانہ سے ہیں اور آپ سے پہلے کسی بھی نبی کو عطا نہیں کیں اور آپ کو نبوت کا دروازہ کھولنے اور بند کرنے والا بنا دیا۔

﴿86﴾

صحابۂ کرام اور تصورِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ والہ وسلم

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامَتِ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہُ قَالَ:

فَقَدَ النَّبِیَّ ﷺ لَیْلَةً اَصْحَابُہ وَکَانُوْا اِذَا نَزَلُوْا اَنْزَلُوْہُ اَوْسَطَھُمْ فَفَزِعُوْا وَظَنُّوْا اَنَّ اللّٰہ تَعَالٰی اِخْتَارَ لَہ اَصْحَاباً غَیْرَھُمْ فَاِذَا ھُمْ بِخَیَالِ النَّبِیِّ ﷺ فَکَبَّرُوْا حِیْنَ رَأَوْہُ .قَالُوْا:

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ اَشْفَقْنَا اَنْ یَکُوْنَ اللّٰہ تَعَالٰی اِخْتَارَ لَکَ اَصْحَاباً غَیْرَنَا.فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ :

لَا بَلْ اَنْتُمْ اَصْحَابِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ .اِنَّ اللّٰہ اَیْقَظَنِیْ فَقَالَ یَامُحَمَّدُ ﷺ :

اِنِّی لَمْ اَبْعَثْ نَبِیّاً وَلَارَسُوْلًا اِلَّا وَقَدْ سَأَلَنِیْ مَسْأَلَةً اَعْطَیْتُھَا اِیَّاہُ . فَاسْئَلْ یَامُحَمَّدُ ﷺ تُعْطَ ، فَقُلْتُ مَسْأَلَتِیْ شَفَاعَةٌ لِّاُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ.

فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ وَمَا الشَّفَاعَةُ؟قَالَ اَقُوْلُ:

Marfat.com

يَارَبِّ شَفَاعَتِى الَّتِى اِخْتَبَأْتُ عِنْدَكَ ۔

فَيَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى نَعَمْ۔ فَيُخْرِجُ رَبِّىْ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى بَقِيَّةَ اُمَّتِىْ مِنَ النَّارِ فَيَنْبِذُهُمْ فِى الْجِنَّةِ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 326۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 368۔

۔المسند الجامع (ابوالمعاطی) جلد نمبر 4 حدیث نمبر 5613۔

ترجمہ:۔ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا:

ایک رات حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آپ کو گم پایا، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا طریقہ یہ تھا جب اترے تو حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو اپنے درمیان میں اتارا تھا۔ چنانچہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پریشان ہو گئے اور سوچنے لگے کہ شاید اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کیلئے ہمارے علاوہ کوئی اور اصحاب منتخب فرمالئے ہیں ۔ وہ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم ہی کے تصورات میں تھے کہ اسی وقت حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم تشریف لے آئے تو انہوں نے حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کو دیکھتے ہی نعرۂ تکبیر بلند کیا۔ اور پھر شکوہ کناں ہو کر عرض کرنے لگے:

یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم ہم تو ڈر گئے تھے کہ شاید اللہ تعالیٰ نے آپ کیلئے ہمارے علاوہ کوئی اور اصحاب منتخب فرمالئے ہیں۔ تو حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

نہیں ایسا نہیں ہے بلکہ تم ہی دنیا و آخرت میں میرے صحابہ ہو۔ اصل معاملہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے رات کو بیدار فرمایا اور ارشاد فرمایا:

اے محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم میں نے جو بھی نبی اور رسول بھیجا ہے اسے ایک خصوصی سوال کا حق دیا ہے جو میں اسے ضرور عطا کرتا ہوں۔ آپ بھی سوال کریں آپ کو بھی

Marfat.com

دیا جائے گا۔آپ فرماتے ہیں:

میں نے عرض کیا کہ یا اللہ میرا سوال میری امت کیلئے قیامت کے دن شفاعت ہے

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلّی اللہ علیک وآلک وسلم شفاعت کیسے ہوگی؟۔

آپ نے ارشاد فرمایا: میں عرض کروں گا کہ اے میرے رب میری شفاعت تیرے پاس باقی ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہ ہاں۔

چنانچہ میرے عرض کرنے پر میری امت میں سے جو لوگ جہنم میں باقی ہوں گے اللہ تعالیٰ ان کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل فرمادے گا۔

﴿87﴾

انبیائے کرام علیہم السلام کی
حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک اپیل

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہُ قَالَ:

حَدَّثَنِی نَبِیُّ اللّٰہِ ﷺ: اِنِّیْ لَقَآئِمٌ اَنْتَظِرُ اُمَّتِی تَعْبُرُ عَلَی الصِّرَاطِ۔ اِذْ جَآءَنِیْ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ:

ھٰذِہِ الْاَنْبِیَآءُ قَدْ جَآءَتْکَ یَا مُحَمَّدُ ﷺ یَشْتَکُوْنَ اَوْ قَالَ یَجْتَمِعُوْنَ اِلَیْکَ وَیَدْعُوْنَ اللّٰہ اَنْ یُّفَرِّقَ جَمْعَ الْاُمَمِ اِلٰی حَیْثُ یَشَآءُ اللّٰہُ لِغَمٍّ مَا ھُمْ فِیْہِ ۔وَالْخَلْقُ مُلْجَمُوْنَ فِی الْعَرَقِ۔ فَاَمَّا

Marfat.com

اَلْمُؤْمِنُ فَهُوَ عَلَيْهِ كَالرَّكْمَةِ۔وَاَمَّا الْكَافِرُ فَيَتَغَشَّآهُ الْمَوْتُ ۔

قَالَ: قَالَ: عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنْتَظِرْ حَتّٰى اَرْجِعَ اِلَيْكَ ۔

قَالَ: فَذَهَبَ نَبِيُّ اللّٰهِ ﷺ حَتّٰى قَامَ تَحْتَ الْعَرْشِ فَلَقِيَ مَالَمْ يَلْقَ مَلَكٌ مُصْطَفًى وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ ۔فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۔ اَنْ اِذْهَبْ اِلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ فَقُلْ لَهٗ:

اِرْفَعْ رَأْسَكَ، سَلْ تُعْطَ،وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ ، قَالَ:

فَشُفِّعْتُ فِيْ اُمَّتِيْ اَنْ اُخْرِجَ مِنْ كُلِّ تِسْعَةٍوَّتِسْعِيْنَ اِنْسَاناً وَّاحِدًا ۔ قَالَ:

فَمَا زِلْتُ اَتَرَدَّدُ عَلٰى رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ فَلَااَقُوْمُ مَقَامًا اِلَّا شُفِّعْتُ،حَتّٰى اَعْطَانِي اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ ذَالِكَ اَنْ قَالَ:

يَامُحَمَّدُ ﷺ اُدْخِلْ مِنْ اُمَّتِكَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ۔مَنْ شَهِدَ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَوْماً وَّاحِدًا مُخْلِصاً وَمَاتَ عَلٰى ذَالِكَ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 178۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 374۔

۔المواہب اللدنیۃ (قسطلانی) جلد نمبر 3 صفحہ 454۔

ترجمہ:۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا:

مجھے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں پل صراط پر اپنے امتیوں کے انتظار میں ہوں گا کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ سلام میرے پاس آئیں گے۔پس وہ کہیں گے کہ یہ انبیائے کرام آپ کے پاس آئے ہیں اور

Marfat.com

اللہ تعالیٰ سے التجا کرتے ہیں کہ وہ تمام لوگوں کو جدھر چاہے ادھر بھیج دے اس اذیت کی بناء پر جو اِن پر ہے۔ اس حال میں کہ مخلوق پسینے میں غلطاں ہے۔ مومن کیلئے تو پسینہ زکام کی طرح ہے۔ جبکہ کافر کو تو موت جیسی سختی نے ڈھانپ رکھا ہے۔ حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم حضرت عیسیٰ علیہ سلام سے کہیں گے:

میری واپسی کا انتظار کرو۔ پس حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم عرش کے نیچے جا کر کھڑے ہو جائیں گے۔ پس آپ کا وہ مرتبہ ہوگا جو کسی نے نہ پایا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ جبریل علیہ سلام سے فرمائے گا:

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم سے جا کر عرض کرو کہ اپنا سر اٹھائیں، جو مانگیں گے وہ ملے گا، جو شفاعت کریں گے قبول کی جائے گی۔

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ میری امت کے بارے میں مجھے اذن شفاعت دے گا کہ ہر ننانوے میں سے ایک آدمی نکال دوں آپ فرماتے ہیں کہ میں اللہ تعالیٰ سے اصرار کرتا رہوں گا اور اپنی جگہ سے نہیں ہٹوں گا یہاں تک کہ آپ کو اِذن شفاعت ملے گا اور اللہ تعالیٰ آپ سے ارشاد فرمائے گا:

یا محمد صلّی اللہ علیہ والہ وسلم اپنی امت میں سے جس نے ایک دن بھی خلوص سے کلمہ پڑھا اور وہ اسی پر مر گیا تو آپ اس کو بھی جنت میں داخل کر لیں۔

﴿88﴾

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کے غلاموں کے چہرے چاند سے مکھڑے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:

Marfat.com

سَأَلْتُ رَبِّیْ عَزَّوَجَلَّ فَوَعَدَنِیْ اَنْ یُدْخِلَ مِنْ اُمَّتِی سَبْعِیْنَ اَلْفاً اَلْجَنَّةَ عَلٰی صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ۔ فَاسْتَزَدْتُ فَزَادَنِیْ مَعَ کُلِّ اَلْفٍ سَبْعِیْنَ اَلْفاً ۔فَقُلْتُ اَیْ رَبِّ اِنْ لَمْ یَکُنْ هٰؤلآءِ مُهَاجِرِی اُمَّتِیْ قَالَ اِذَنْ اُکْمِلَهُمْ لَکَ مِنَ الْاَعْرَابِ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 359۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 404۔

ترجمہ:۔ حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ سے میں نے مانگا تو اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ کرلیا کہ وہ میری امت میں سے ستر ہزار لوگوں کو چودھویں رات کے چاند جیسی صورت میں جنت میں داخل کرے گا میں نے تعداد زیادہ کرنے کیلئے عرض کیا:

اللہ تعالیٰ نے ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار اور بڑھا دیئے میں نے عرض کیا کہ اگر مہاجرین اتنی تعداد میں نہ ہوئے تو کیا ہوگا؟۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا آپ کے بدوی غلاموں سے یہ تعداد پوری کردوں گا۔

﴿89﴾

اللہ تعالیٰ کا کرم بھی حضور صلّی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت بھی

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:

تُوْضَعُ لِلْاَنْبِیَآءِ مَنَابِرُ مِنْ ذَهَبٍ یَجْلِسُوْنَ عَلَیْهَا وَیَبْقٰی مِنْبَرِیْ لَا اَجْلِسُ عَلَیْهِ قَآئِمٌ بَیْنَ یَدَیْ رَبِّیْ عَزَّوَجَلَّ مُنْتَصِبًا

Marfat.com

بِأُمَّتِیْ مَخَافَةَاَنْ یُبْعَثَ بِیْ اِلَی الْجَنَّةِوَتَبْقٰی اُمَّتِیْ بَعْدِیْ فَأَقُوْلُ:

یَارَبِّ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ فَیَقُوْلُ اللّٰہ تَعَالٰی:

یَامُحَمَّدُ ﷺ مَا تُرِیْدُ اَنْ اَصْنَعَ بِأُمَّتِكَ؟۔

فَأَقُوْلُ یَارَبِّ عَجِّلْ حِسَابَهُمْ فَیُدْعٰی بِهِمْ فَیُحَاسَبُوْنَ ،فَمِنْهُمْ مَنْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَةِ اللّٰہِ تَعَالٰی ﷺوَمِنْهُمْ مَنْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِیْ فَلَا اَزَالُ اَشْفَعُ حَتّٰی اُعْطٰی صِکَاكٌ بِرِجَالٍ قَدْ اُمِرَبِهِمْ اِلَی النَّارِ حَتّٰی اِنَّ خَازِنَ النَّارِ لَیَقُوْلُ یَا مُحَمَّدُ ﷺ :

مَا تَرَکْتَ لِغَضَبِكَ فِیْ اُمَّتِكَ مِنْ نِقْمَةٍ۔

۔المعجم الکبیر (طبرانی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 317۔

۔المعجم الاوسط (طبرانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 208۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 380۔

۔مجمع البحرین (ہیثمی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 296۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 65۔

۔کتاب الشفاء (قاضی عیاض) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 138۔

۔تاریخ مدینہ دمشق (ابن عساکر) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 95۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 178۔

ترجمہ:۔ مجھے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قیامت کے دن انبیائے کرام علیہم السلام کیلئے سونے کے منبر لگائے جائیں گے وہ سب ان پر بیٹھ جائیں گے۔اور میرا منبر باقی رہے گا۔میں نہیں بیٹھوں گا بلکہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہوں گا اپنی امت پر اس خوف کی بناء پر کہ میں جنت میں چلا جاؤں اور میری

Marfat.com

امت باقی رہ جائے۔پس میں کہوں گا:

یارب امتی امتی۔پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ آپ اپنی امت کے ساتھ کیسا سلوک چاہتے ہیں؟ میں عرض کروں گا:

اے میرے رب ان کا حساب جلدی (نرمی) کردیں۔پس ان میں سے کچھ کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے جنت میں داخل کردے گا اور ان میں سے کچھ میری شفاعت سے جنت میں داخل ہوں گے میں ان کی شفاعت کرتا رہوں گا یہاں تک کہ مجھے ایسے لوگوں کو بچانے کا اذن عطا کردیا جائے گا جن کو جہنم کی طرف لے جائے جانے کا حکم دیا جاچکا ہوگا۔یہاں تک کہ جہنم کا داروغہ پکار اٹھے گا:

یا محمد صلّی اللہ علیک وسلم آپ نے اپنے رب کے غضب کے لئے اپنی امت میں سے لوگوں کا ایک ذرہ بھی نہیں رہنے دیا۔

﴿90﴾

حضور صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مقامِ محمود

عَنْ جَابِرٍرَضِیَ اللّٰہ عَنْہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ:

تَمُدُّ الْاَرْضُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مَدًّا لِعَظْمَةِ الرَّحْمٰنِ ثُمَّ لَا یَکُوْنُ لِبَشَرٍ مِنْ بَنِیْ آدَمَ مَوْضَعَ قَدَمَیْهِ ثُمَّ ادْعٰی اَوَّلَ النَّاسِ فَاَخَرُ سَاجِدًا ثُمَّ یُؤْذَنُ لِیْ فَاَقُوْمُ فَاَقُوْلُ:

یَارَبِّ اَخْبَرَنِیْ هٰذَالْجِبْرِیْلُ وَهُوَ عَنْ یَمِیْنِ الرَّحْمٰنِ، وَاللّٰهِ مَا رَاٰهُ جِبْرِیْلُ قَبْلَهَا قَطُّ اَنَّكَ اَرْسَلْتَه اِلَیَّ۔

Marfat.com

قَالَ وَجِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ سَاكِتٌ لَا يَتَكَلَّمُ حَتّٰى يَقُوْلَ اللّٰهُ: صَدَقَ ، ثُمَّ يُؤْذَنُ لِيْ فِي الشَّفَاعَةِ فَاَقُوْلُ:

يَا رَبِّ عِبَادُكَ عَبَدُوْكَ فِيْ اَطْرَافِ الْاَرْضِ فَذَالِكَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 614۔

۔کتاب الزھد (عبداللہ بن مبارکؒ) صفحہ نمبر 112۔

۔حلیۃ الاولیاء (ابونعیم) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 145۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 176۔

۔تفسیر عبدالرزاق جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 358۔

۔تفسیر طبری تحت سورۃ الاسراء آیت نمبر 79۔

۔تفسیر ابن ابی حاتم تحت سورۃ الاسراء آیت نمبر 79۔

۔تفسیر الکشف والبیان (ثعلبی) تحت سورۃ الاسراء آیت نمبر 70۔

۔تفسیر ابن کثیر تحت سورۃ الاسراء آیت نمبر 79۔

۔تفسیر درمنثور (سیوطی) تحت سورۃ الاسراء آیت نمبر 79۔

ترجمہ:۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قیامت کے دن زمین اللہ کی عظمت کے لئے پھیل جائے گی۔ پھر بھی اتنی مخلوق ہو گی کہ انسان کے لئے دو پاؤں رکھنے کے سوا کوئی جگہ نہیں ہوگی۔ پھر لوگوں میں سے مقربین کو بلایا جائے گا تو میں سجدے میں گر جاؤں گا پھر مجھے اِذن دیا جائے گا تو میں کھڑا ہو جاؤں گا۔ اور میں کہوں گا:

جبریل، جو کہ اس وقت اللہ کے دائیں طرف میں ہوں گے، اور اللہ کی قسم جبریل

Marfat.com

نے اللہ تعالیٰ کو اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا، میں کہوں گا:

یا اللہ جبریل نے مجھ سے کہا تھا کہ یہ تیرے بھیجنے پر میرے پاس آتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

جبریل علیہ السلام بالکل خاموش کھڑے ہوں گے اور کلام نہیں کریں گے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا:

انہوں نے سچ کہا تو پھر مجھے شفاعت کرنے کی اجازت ملے گی۔ چنانچہ میں عرض کروں گا: اے میرے رب تیرے بندوں نے تیری عبادت زمین کے کناروں تک کی ۔جس وقت مَیں اللہ سے کلام کروں گا وہی مقامِ محمود ہوگا۔

﴿91﴾

بروزِ حشر تمام کائنات کے لوگ
پرچمِ مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلم کے نیچے

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ صَامِتٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

اِنِّیْ لَسَیِّدُ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ،لَا فَخْرَ وَلَارِیَاءَ، وَمَا مِنَ النَّاسِ مِنْ اَحَدٍ اِلَّاوَهُوَ تَحْتَ لِوَائِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یَنْتَظِرُ الْفَرْجَ وَاِنَّ بِیَدِیْ لِوَآءُ الْحَمْدِ فَأَمْشِیْ وَیَمْشِی النَّاسُ مَعِیْ حَتّٰی آتِیْ بَابَ الْجَنَّةِ فَأَسْتَفْتَحُ فَیُقَالُ مَنْ هٰذَا؟ فَأَقُوْلُ:مُحَمَّدٌ ﷺ فَیُقَالُ: مَرْحَباً بِمُحَمَّدٍ ۔فَاِذَا رَأَیْتُ رَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ خَرَرْتُ لَهٗ سَاجِدًا

Marfat.com

شُکرًا لَه فَیُقَالُ :

اِرْفَعْ رَأْسَكَ وَقُلْ تُطَاعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَیُخْرَجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَدْ اِحْتَرَقَ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَشَفَاعَتِیْ۔

۔المستدرک (حاکم) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 83۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 683۔ (دارالفکر)

۔الجامع الکبیر (سیوطی) حدیث نمبر 3546۔ (حرف ہمزہ، واؤ)۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 9436۔

۔کنز العمال (علی متقی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 195۔

ترجمہ:۔ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قیامت کے دن میں لوگوں کا سردار ہوں گا اور میں فخر نہیں کرتا اور نہ ہی ریاء کرتا ہوں۔ اور قیامت کے دن تمام لوگ میرے ہی جھنڈے کے نیچے ہوں گے۔ اور کشائش کا انتظار کریں گے۔ میرے ہاتھوں میں اللہ تعالیٰ کی حمد کا جھنڈا ہوگا اور میں چلوں گا تو تمام لوگ میرے ساتھ چلیں گے۔ یہاں تک کہ میں جنت کے دروازہ تک پہنچوں گا۔ اور دروازہ کھولنے کے لئے کہوں گا۔ پوچھا جائے گا کون ہے؟

میں کہوں گا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔ کہا جائے گا آپ کا آنا مرحبا۔ پس جب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھوں گا تو بطور شکرانہ سجدہ میں گر جاؤں گا۔

کہا جائے گا کہ اپنا سر اٹھایئے کہئے پورا کیا جائے گا، سفارش کریں قبول کی جائے گی۔ جو لوگ جہنم میں جل رہے ہوں گے وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور میری سفارش سے جہنم سے نکال لئے جائیں گے۔

Marfat.com

﴿92﴾

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کا سُہانہ اندازِ شفاعت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم :

اِنَّ لِکُلِّ نَبِیٍّ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مِنْبَرًا مِنْ نُوْرٍ۔ وَاِنِّیْ لَعَلٰی اَطْوَلِھَا وَاَنْوَرِھَافَیَجِیْٔ مُنَادٍ یُّنَادِیْ:

اَیْنَ النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ؟۔

قَالَ یَقُوْلُ الْاَنْبِیَاءُ :

کُلُّنَا نَبِیٌّ اُمِّیٌّ فَاِلٰی اَیِّنَا اُرْسِلَ فَیَرْجِعُ الثَّانِیَۃَ فَیَقُوْلُ:

اَیْنَ النَّبِیُّ الْاُمِّیُّ الْعَرَبِیُّ؟۔

قَالَ فَیَنْزِلُ مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم حَتّٰی یَأْتِیْ بَابَ الْجَنَّۃِ فَیَقْرَعَہٗ فَیُقَالُ مَنْ؟۔

فَیَقُوْلُ مُحَمَّدٌ اَوْ اَحْمَدُ۔فَیُقَالُ:

اَوَ قَدْ اُرْسِلَ اِلَیْہِ ؟فَیَقُوْلُ نَعَمْ۔

فَیُفْتَحُ لَہٗ فَیَدْخُلُ فَیَتَجَلّٰی لَہُ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَلَا یَتَجَلّٰی شَیْئٌ قَبْلَہٗ فَیَخِرُّلِلّٰہِ سَاجِدًا وَیَحْمَدُہٗ بِمَحَامِدٍ لَمْ یَحْمَدْہُ اَحَدٌ مِمَّنْ کَانَ قَبْلَہٗ وَلَنْ یَّحْمَدَہٗ اَحَدٌ بِھَا مِمَّنْ کَانَ بَعْدَہٗ فَیُقَالُ لَہٗ مُحَمَّدٌ اِرْفَعْ رَأْسَکَ تَکَلَّمْ تُسْمَعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَسَلْ تُعْطَہٗ فَیَقُوْلُ:

Marfat.com

يَارَبِّ اُمَّتِىْ اُمَّتِىْ فَيُقَالُ اَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِىْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ شَعِيْرَةٍ ۔ ثُمَّ يَرْجِعُ الثَّانِيَةَ فَيَخِرُّلِلّٰهِ سَاجِدًا وَيَحْمَدُهٗ بِمَحَامِدٍ لَمْ يَحْمَدْهُ اَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَهٗ وَلَنْ يَّحْمَدَهٗ اَحَدٌ بِهَا مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهٗ فَيُقَالُ لَهٗ مُحَمَّدٌ اِرْفَعْ رَأْسَكَ تَكَلَّمْ تُسْمَعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَسَلْ تُعْطَهٗ۔

فَيُقَالُ اَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِىْ قَلْبِهٖ مِثْقَالَ بُرَّةٍ۔ثُمَّ يَرْجِعُ الثَّالِثَةَ فَيَخِرُّلِلّٰهِ سَاجِدًا وَيَحْمَدُهٗ بِمَحَامِدٍ لَمْ يَحْمَدْهُ اَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَهٗ وَلَنْ يَّحْمَدَهٗ اَحَدٌ بِهَا مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهٗ۔

فَيُقَالُ لَهٗ مُحَمَّدٌ اِرْفَعْ رَأْسَكَ تَكَلَّمْ تُسْمَعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَسَلْ تُعْطَهٗ۔

فَيَقُوْلُ يَارَبِّ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ۔

فَيُقَالُ لَهٗ :مُحَمَّدُ لَسْتَ هُنَاكَ تِلْكَ لِىْ وَاَنَا الْيَوْمَ اَجْزِىْ بِهَا۔

۔صحیح ابن حبان جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 108۔

۔الاحادیث المختارہ (ضیاء مقدسی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 323۔

۔موارد الظمآن (ہیثمی) صفحہ نمبر 658۔

ترجمہ:۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

قیامت کے دن ہر نبی کیلئے نور کا منبر ہوگا۔ اور میں سب سے بڑے اور زیادہ منور منبر پر ہوں گا ایک نداء دینے والا نداء دے گا:

نبی اُمی کہاں ہے؟

Marfat.com

تمام انبیائے کرام کہیں گے کہ ہم سب نبی اُمی ہیں ہم کس کو بھیجیں؟

پس وہ دوسری دفعہ لوٹ کر آئے گا اور کہے گا:

نبی اُمی عربی کہاں ہیں؟

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم منبر سے اتر کر جنت کے دروازہ پر جا کر دستک دیں گے

پوچھا جائے گا کون؟

حضو صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کہیں گے محمد یا احمد۔

تو کہا جائے گا کہ آپ بلائے گئے ہیں؟

حضور صلّی اللہ علیہ والہ وسلم کہیں گے ہاں۔

پس دروازہ کھلے گا اور آپ داخل ہو جائیں گے۔ پس اللہ تعالیٰ آپ کے لئے وہ تجلی فرمائے گا جو آپ سے پہلے کسی کیلئے نہ ہوگی۔ پس آپ سجدہ میں گر جائیں گے اور اللہ تعالیٰ کی وہ حمد کریں گے جو نہ آپ سے پہلے کسی نے کی اور نہ بعد میں کوئی کرے گا۔ پس کہا جائے گا:

